★★★ پاک سرزمین کا نظام...... قوت اخوت عوام ★★★

ABC CERTIFIED

DAILY QUWAT LAHORE

روزنامہ قوت لاہور

چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض

ایڈیٹر
امداد اللہ قریشی

Www.dailyquwat.com Email:dailyquwat786@gmail.com

جلد نمبر 15 | جمعرات 15 رجب المرجب 1446ھ، 16 جنوری 2025ء، 29 پوہ 2081 ب (صفحات 8 قیمت 15 روپے) | شمارہ نمبر 89

مریم نواز کا 65 فیصد سے زائد نمبر لینے والے طلبہ کو لیپ ٹاپ دینے کا اعلان

پورے پنجاب سے کوڑے کے ڈھیر ختم کروائیں ہیں، ایسا لگتا ہے پچھلی حکومت نے کوئی کام ہی نہیں کیا۔ مجھے ہر کام شروع سے کرنا پڑ رہا ہے

آپ لوگوں نے ملک کی ترقی کیلئے کام کرنا ہے، آپ کی ریڈ لائن صرف پاکستان ہونی چاہیے: وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف کا تقریب سے خطاب

وزیر اعلیٰ پنجاب سیالکوٹ میں گورنمنٹ کالج ویمن یونیورسٹی میں ہونہار سکالرشپ پروگرام کی تقریب سے خطاب کررہی ہیں

لاہور (سمیعہ فیاض)وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے 65 فیصد سے زائد نمبر لینے والے طلبہ کو لیپ ٹاپ دینے کا اعلان کر دیا ہے۔ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے نئے بجٹ میں ہونہار سکالر شپ 50 ہزار تک بڑھانے، سیکنڈ اور تھرڈ ایئر طلبہ کو بھی ہونہار سکالر شپ دینے کا اعلان کیا۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ 30 ہزار سکالر شپ کم ہیں زیادہ ہونا چاہیے۔ حکومت میرا ذاتی کاروبار نہیں عوام جواب دہ ہوں۔ برے وقت میں ساتھ (بقیہ نمبر 7)

کے پی 19 اجلاسوں میں 518 فیصلے 486 پر عملدرآمد 25 تاخیر کا شکار

پشاور (این این آئی) وزیر اعلیٰ کے پی علی امین گنڈاپور کی زیرِ صدارت صوبائی کابینہ کا اجلاس ہوا۔ اجلاس کے شرکاء کو موجودہ (بقیہ نمبر 5)

آپ 'اواؤ' کر رہے تھے، مذاکرات نہیں مذاق ہو رہا ہے، ایمل ولی

پختون کاز کیلئے لڑ رہا ہوں، دہشتگردی میں جو پختون کا نقصان ہوا ہے اس کی تلافی کی جائے

اسلام آباد (این این آئی) عوامی نیشنل پارٹی کے رہنما و سینیٹر ایمل ولی خان نے کہا ہے کہ آپ 'اواؤ' کر رہے تھے، مذاکرات نہیں مذاق ہو رہا ہے۔ سینیٹ میں اظہار خیال کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ گزشتہ روز ایوان میں بے ہودگی ہو رہی تھی، ایوان نرسری لگ رہا تھا۔ انہوں (بقیہ نمبر 4)

جب سے ہماری حکومت بنی ہے کئی مرتبہ پنجاب پر حملہ کیا گیا، مریم نواز

حکومت کسی کی بھی ہو پاکستان تو آپ کا ہے، اسلام آباد میں پولیس والوں کو کیلوں والے ڈنڈوں سے مارا گیا، کوئی قوم قانون نافذ کرنیوالوں کیساتھ ایسا کرسکتی ہے؟

آج کل بہت سے لوگ نوجوانوں کے ٹھیکے دار بنے ہوئے ہیں، ان لوگوں نے کہا کہ آگ لگا دو، توڑ پھوڑ کردو، یہ باتیں ملک دشمن ہی کرسکتا ہے، وزیر اعلیٰ پنجاب

سیالکوٹ (این این آئی) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز نے کہا ہے کہ جب سے ہماری حکومت بنی ہے کئی مرتبہ پنجاب پر حملہ کیا گیا۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ آج کل بہت سے لوگ نوجوانوں کے ٹھیکے دار بنے ہوئے ہیں، ان لوگوں نے کہا کہ آگ لگا دو، توڑ پھوڑ کردو، یہ باتیں ملک دشمن ہی کرسکتا ہے۔ مریم نواز نے کہا کہ حکومت کسی کی بھی ہو پاکستان تو آپ کا ہے، اسلام آباد (بقیہ نمبر 6)

بھارتی آرمی چیف کا پاکستان کو دہشتگردی کا مرکز قرار دینا حقائق کے منافی ہے، ترجمان پاک فوج

بھارتی آرمی چیف کے الزامات مردہ گھوڑے میں جان ڈالنے' بھارتی الزامات مقبوضہ کشمیر میں ظلم وستم سے توجہ ہٹانے کی کوشش' پاکستان پر ریاستی سرپرستی کا الزام دوغلی پالیسی کا منہ بولتا ثبوت ہے

اس طرح کے سیاسی بیانات بھارتی فوج کے سیاست میں ملوث ہونے کو ظاہر کرتے ہیں، دنیا بھارتی نفرت آمیز بیانات کو دیکھ رہی ہے جن سے مسلمانوں کی نسل کشی شروع ہوئی، سخت ردعمل

راولپنڈی (این این آئی) پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) نے بھارتی آرمی چیف کے پاکستان کو دہشت گردی کا مرکز قرار دینے کے بیان کو حقائق کے منافی قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ بھارتی آرمی چیف کے الزامات مردہ گھوڑے میں جان ڈالنے کی کوشش ہے۔ آئی ایس پی آر سے جاری بیان میں کہا گیا کہ پاکستان پر ریاستی سرپرستی کا الزام دوغلی پالیسی کا منہ بولتا ثبوت ہے۔ آئی (بقیہ نمبر 1)

اسلام آباد، وزیراعظم شہباز شریف اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

الیکٹرک گاڑیوں کیلئے چارجنگ اسٹیشنز پر بجلی سستی کرنے کا اعلان

الیکٹرک وہیکلز چارجنگ اسٹیشنز کا منصوبہ تیزی سے آگے بڑھایا جائے، پاکستان میں الیکٹرک وہیکلز کو فروغ دینے سے ماحولیاتی آلودگی میں کمی آئے گی، وزیراعظم شہباز شریف کا اجلاس سے خطاب

توانائی کے شعبے میں اصلاحات کا عمل جاری ہے، الیکٹرک گاڑیوں کی عوام تک رسائی کے لیے چارجنگ اسٹیشنز کے قواعد وضوابط بنا لیے ہیں، فاقی وزیر توانائی اویس لغاری کی پریس کانفرنس

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر توانائی اویس لغاری نے کہا ہے کہ توانائی کے شعبے میں اصلاحات کا عمل جاری ہے، الیکٹرک گاڑیوں کی عوام تک رسائی کے لیے چارجنگ اسٹیشنز کے قواعد وضوابط بنا لیے ہیں، ای وی اسٹیشنز کا بجلی کا ٹیرف 45 فیصد کم کردیا ہے۔ بدھ کو پریس (بقیہ نمبر 10)

ویژن سے محروم حکمران ٹولہ لوٹ مار میں مصروف ہے، حافظ نعیم الرحمٰن

حکومت عوام کو کچھ دینے کیلئے تیار نہیں' 77 برسوں سے مافیا ملک پر مسلط ہے' امیر جماعت اسلامی

لاہور (این این آئی) امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمٰن نے کہا ہے کہ ویژن سے محروم حکمران ٹولہ صرف لوٹ مار میں مصروف ہے، حکومتی اقدامات اور بعض عناصر کے پروپیگنڈہ سے ملک کا نوجوان مایوس ہو رہا ہے، وسائل کا رخ عوام کی طرف موڑا جائے تو پاکستان چند سالوں میں ترقی کر جائے گا، صرف آئی ٹی کے شعبہ پر توجہ دینے سے آئی ٹی ایکسپورٹ موجودہ 2 . 3 ارب ڈالر سالانہ سے (بقیہ نمبر 2)

قومی اسمبلی میں پی ٹی آئی ارکان کا اجلاس سے واک آوٹ

سپیکر ایاز صادق نے تحریکِ انصاف کو نکتہ اعتراض کی اجازت دینے سے انکار کردیا

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان تحریکِ انصاف (پی ٹی آئی) کے ارکان نے قومی اسمبلی کے اجلاس سے واک آؤٹ کیا۔ اسپیکر ایاز صادق کی زیرِ صدارت قومی اسمبلی کا اجلاس شروع ہوا تو تحریک انصاف نے احتجاج شروع کیا۔ قومی اسمبلی میں پی ٹی آئی کے رکن یوسف خان نے (بقیہ نمبر 11)

بلاول سے قائم علی شاہ، اویس قادر ،شیر محمد مغیری' صابر بلوچ کی ملاقاتیں

کراچی (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری سے بدھ کو سابق وزیر اعلیٰ سندھ اور سینٹرل (بقیہ نمبر 9)

GOVERNMENT OF PAKISTAN

اسلام آباد، وفاقی وزیر توانائی اویس لغاری پریس کانفرنس کررہے ہیں

پارلیمان بے معنی ہوگیا، ملک میں دھاندلی سے پاک انتخابات کی ضرورت ہے، مولانا فضل الرحمن

ادارے اپنی مرضی کی حکومت بنانا چاہتے ہیں' سیاستدانوں نے جمہوریت، اصولوں پر کمپرومائز کیا، ہم وہ لوگ ہیں جو نظریے کی سیاست کرتے ہیں

لاہور (این این آئی) جمعیت علمائے اسلام کے سربراہ مولانا فضل الرحمان نے کہا ہے کہ ہمیشہ کہتا ہوں سیاستدانوں کو جیل میں نہیں ہونا چاہیے، ملک کو دھاندلی سے پاک انتخابات کی ضرورت ہے۔ لاہور میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے مولانا فضل الرحمن نے کہا کہ سب سے پہلی ترجیح (بقیہ نمبر 3)

راولپنڈی، پاک فضائیہ کے سربراہ ایئر چیف مارشل ظہیر احمد بابر سدھو بنگلہ دیشی پرنسپل سٹاف افسر لیفٹیننٹ جنرل ملاقات کررہے ہیں

اے پی ایس حملے میں گٹھ جوڑ موجود تھا تو فوجی عدالت میں ٹرائل کیوں نہیں ہوا؟ سپریم کورٹ

ملٹری ٹرائل

جرم کرنے والے کی نیت کیا تھی، یہ ٹرائل میں طے ہوگا' جسٹس علی مظہر' مانتا ہوں شواہد کی بنیاد پر ہی نیت کو جانچا جائے گا، پہلے بنیادی اصول تو طے کرنا ہے، جسٹس جمال خان مندوخیل

جرم کی نوعیت سے طے ہوتا ٹرائل کہاں چلے گا' سویلین کے جرم کا تعلق آرمڈ فورسز سے ہوتو ٹرائل ملٹری کورٹ میں جائیگا' سپریم کورٹ براہ راست شواہد کا جائزہ نہیں لے سکتی' خواجہ حارث

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) سپریم کورٹ کے آئینی بنچ میں فوجی عدالتوں میں سویلینز کے ٹرائل کے فیصلے کیخلاف انٹرا کورٹ اپیل پر سماعت کے دوران جسٹس جمال خان مندوخیل نے استفسار کیا ہے کہ اے پی ایس حملے میں گٹھ جوڑ موجود تھا تو فوجی عدالت میں ٹرائل کیوں نہیں ہوا؟ فوجی عدالت میں دہشت گردوں کے ٹرائل کیلئے آئین میں ترمیم کیوں کرنا پڑی؟ جسٹس امین الدین خان کی سربراہی میں 7 رکنی آئینی بنچ نے فوجی عدالتوں میں سویلینز کے ٹرائل سے متعلق کیس کی سماعت کی، جسٹس جمال مندوخیل، جسٹس علی مظہر، جسٹس نعیم اختر افغان، جسٹس مسرت ہلالی، جسٹس حسن اظہر رضوی اور جسٹس شاہد بلال بنچ میں شامل ہیں۔ دورانِ سماعت وزارت دفاع کے وکیل خواجہ حارث نے دلائل کا آغاز کرتے ہوئے بتایا کہ جرم کی نوعیت سے طے ہوتا ہے ٹرائل کہاں چلے گا، اگر سویلین کے جرم کا تعلق آرمڈ فورسز سے (بقیہ نمبر 8)

کراچی، وفاقی وزیر منصوبہ بندی احسن اقبال اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

ملک میں مہنگائی کم ہوئی، موجودہ آئی ایم ایف پروگرام آخری ہوگا، وزیر خزانہ

پاکستان کی آئی ایم ایف سے بیل آؤٹ کے بعد کریڈٹ ریٹنگ میں بہتری آئی ہے، سینیٹر اورنگزیب کا نکی ایشیا اخبار کو انٹرویو

اسلام آباد (این این آئی) وزیر خزانہ سینیٹر اورنگزیب نے آئی ایم ایف کے جاری پروگرام کو آخری قرار دیتے ہوئے ایک مرتبہ پھر امکان ظاہر کیا ہے کہ رواں مالی سال کے آخر تک پانڈا بانڈ کا ابتدائی اجرا متوقع ہے، پاکستان کی آئی ایم ایف سے بیل آؤٹ کے بعد کریڈٹ ریٹنگ میں بہتری آئی ہے، پاکستان میں چینی شہریوں کے لیے سیکیورٹی اقدامات جاری ہیں، زمینی صورتحال میڈیا سے کہیں بہتر ہے۔ وزیر خزانہ سینیٹر اورنگزیب نے نکی (بقیہ نمبر 34)

فارم 47 کی حکومت چیئرمین سینٹ کے حکم کو نظر انداز کر رہی ہے' یاسمین راشد

نو مئی کی تحقیقات کے لئے جوڈیشل کمیشن قائم کیا جائے تاکہ سچائی سامنے آسکے' غیر رسمی گفتگو

لاہور (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کی سینئر رہنما ڈاکٹر یاسمین راشد نے کہا ہے کہ فارم 47 کی حکومت چیئرمین سینٹ کے حکم کو نظر انداز کر رہی ہے۔ انسداد دہشتگردی (بقیہ نمبر 17)

پشاور، گورنر خیبر پختونخواہ فیصل کریم کنڈی اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

ایس آئی ایف سی کی کاوشوں سے ایل پی جی قیمتوں میں کمی کا امکان

اسلام آباد (این این آئی) اسپیشل انویسٹمنٹ فیسلٹی کونسل کی کاوشوں سے (بقیہ نمبر 18)

خدیجہ شاہ مقدمات کی تفصیلات، درخواست کی سماعت آج ہوگی

اسلام آباد (این این آئی) چیف جسٹس آف پاکستان کی جیل اصلاحات (بقیہ نمبر 19)

ڈی چوک احتجاج کیسز' شعیب شاہین، رؤف حسن کی عبوری ضمانتوں میں توسیع

اسلام آباد (این این آئی) ڈی چوک احتجاج کیسز میں انسداد دہشتگردی (بقیہ نمبر 20)

ستھرا پنجاب پروگرام کو خوش آئند قرار دیتا ہوں: ملک محمد احمد خان

ہمارے اردگرد پڑی پلاسٹک ایک ڈروانا خواب کی طرح ہیں: سپیکر ملک محمد احمد خان

میں ہمیشہ سے مکمل طور پر پلاسٹک بیگز پر پابندی عائد کرنے کے حق میں تھا: سپیکر پنجاب اسمبلی

لاہور (خبر نگار) سپیکر پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خان نے پلاسٹک اشیاء کی ری سائیکلنگ واستعمال کے حوالے سے پلاسٹک ایپ کی لانچنگ تقریب میں بطور مہمان خصوصی شرکت کی۔ اس (بقیہ نمبر 13)

لاہور: سپیکر پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خان پلاسٹک اشیاء کی ری سائیکلنگ واستعمال کے حوالے سے پلاسٹک ایپ کی لانچنگ تقریب سے خطاب کررہے ہیں

وزیر اعلیٰ سندھ کے طیارے میں فیملی کیساتھ سفر' 2 افسران معطل

بغیر اجازت طیارے میں سفر کرنیوالے گریڈ 17 کے افسر ہیں، نوٹیفکیشن سندھ حکومت

کراچی (این این آئی) وزیر اعلیٰ سندھ مراد علی شاہ کے طیارے میں بغیر اجازت فیملی کے ساتھ سفر کرنے 2 افسران کو معطل کردیا گیا۔ حکومت سندھ کی جانب سے جاری نوٹیفکیشن (بقیہ نمبر 27)

سی ٹی ڈی کا پنجاب کے مختلف شہروں میں آپریشنز، 23 دہشتگرد گرفتار

لاہور سے فتنہ الخوارج کے 7 خطرناک دہشت گرد اسلحہ اور بارودی مواد سمیت گرفتار کیے گئے' ایک اہم تعلیمی ادارے کے نقشے بھی برآمد

کومبنگ آپریشنز میں 21708 افراد سے پوچھ گچھ کی گئی' دہشتگرد کارروائیاں کرکے عوام میں خوف و ہراس پھیلانا چاہتے تھے' سی ٹی ڈی حکام

لاہور (این این آئی) دہشت گردی کے خدشات کے پیش نظر سی ٹی ڈی کی جانب سے پنجاب کے مختلف شہروں میں 200 آئی بی اوز آپریشن کیے گئے جن میں 23 دہشت گردوں کو گرفتار کیا گیا۔ ترجمان سی ٹی ڈی کے مطابق کارروائیاں لاہور، جہلم، سیالکوٹ، راولپنڈی، گجرات، میانوالی، سرگودھا، فیصل آباد میں کی گئیں، لاہور سے فتنہ الخوارج کے 7 خطرناک دہشت گرد اسلحہ اور بارودی مواد سمیت گرفتار کیے گئے ہیں، دہشت گردوں سے لاہور کے (بقیہ نمبر 23)

فری لانسرز کی تعداد کو دو سالوں میں 20 لاکھ تک بڑھانے کا منصوبہ

لاہور (این این آئی) حکومت نے ملک میں موجود 1.4 ملین فری لانسرز کی (بقیہ نمبر 32)

فلیٹ اسٹیل مصنوعات پر ریگولیٹری ڈیوٹی میں تین ماہ کی توسیع کا امکان

لاہور (این این آئی) مقامی اسٹیل انڈسٹری کے تحفظ کے لیے فلیٹ اسٹیل مصنوعات (36 ٹیرف لائنز) پر عائد 5 فیصد اور 10 فیصد (بقیہ نمبر 31)

بجلی نرخوں کے از سرنو جائزے کا عمل ہر سال یکم جنوری سے شروع کرنے پر غور

لاہور (این این آئی) وفاقی حکومت ممکنہ طور پر بجلی کے نرخوں کے از سرنو جائزے کا عمل ہر سال یکم جولائی کے بجائے یکم جنوری (بقیہ نمبر 29)

سوالیہ پرچہ سوشل میڈیا پر آؤٹ کرنیوالے افراد کیخلاف کارروائی کا اعلان

لاہور (این این آئی) لاہور بورڈ نے سوالیہ پرچہ سوشل میڈیا پر آؤٹ کرنے والے افراد کے خلاف سخت کارروائی کا اعلان کر دیا۔ سوال یا سوالیہ پرچہ مقررہ مدت میں آؤٹ کرنے (بقیہ نمبر 28)

قوم کو بجلی میں ریلیف ملے گا، صنعت بھی چلے گی' گوہر اعجاز

14 مزید آئی پی پیز سے نظرِ ثانی معاہدے ہمارے موقف کی جیت اور سچائی ہے

کراچی (این این آئی) سابق وفاقی وزیر گوہر اعجاز کا کہنا ہے کہ قوم کو بجلی میں ریلیف ملے گا، صنعت بھی چلے گی۔ ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ 14 مزید آئی پی پیز سے نظرِ ثانی (بقیہ نمبر 15)

اسلام آباد، وفاقی وزیر قیصر احمد شیخ مصر کے سفیر ملاقات کررہے ہیں

دباؤ میں آکر ایوان کی کارروائی نہیں چلاؤں گا، سپیکر قومی اسمبلی

ایوان کی کارروائی بہت اہمیت کی حامل ہے' عوامی مسائل کو زیر بحث لانا چاہیے

اسلام آباد (این این آئی) اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے قومی اسمبلی کے اجلاس میں وقفہ سوالات کے دوران اہم ریمارکس دیئے ہیں کہ کسی کے دباؤ میں آکر ایوان کی کارروائی نہیں چلاؤں گا، ایوان کی کارروائی اسمبلی کے قواعد کے مطابق چلاؤں گا، ایوان کی کارروائی بہت اہمیت (بقیہ نمبر 12)

پاک بحریہ کے جہاز پی این ایس یمامہ کا ترکیہ کی بندرگاہوں کا دورہ

پی این ایس یمامہ کا دورہ دونوں ممالک کے درمیان سفارتی اور بحری تعلقات کو مزید فروغ دے گا

انقرہ (این این آئی) پاک بحریہ کے جہاز پی این ایس یمامہ نے ترکیہ کی بندرگاہوں گلچک اور اکساز کا دورہ کیا۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کے مطابق بندرگاہ پہنچنے (بقیہ نمبر 26)

ڈونلڈ ٹرمپ کی تقریب حلف برداری کا دعوت نامہ بلاول بھٹو کو موصول

اسلام آباد (این این آئی) نو منتخب امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی تقریب حلف برداری میں شرکت کا دعوت نامہ بلاول بھٹو (بقیہ نمبر 25)

ضلع کرم میں بالش خیل اور خار کلی میں مزید 2 بنکرز گرا دیے گئے

کرم (این این آئی) امن معاہدے کے تحت ضلع کرم کے گاؤں بالش خیل اور خار کلی میں مزید 2 بنکرز گرا دیے گئے۔ اسسٹنٹ (بقیہ نمبر 24)

حکومت سنجیدگی کیساتھ بیٹھے تو مسائل کا حل نکل سکتا ہے' بیرسٹر گوہر

ہم نے اپنے 12 شہداء کا ذکر کیا تھا، مزید 2 زخمی جاں بحق ہو چکے' چیئرمین پی ٹی آئی

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان تحریکِ انصاف (پی ٹی آئی) کے چیئرمین بیرسٹر گوہر علی خان نے انکشاف کیا ہے کہ ہم نے اپنے 12 شہداء اور 49 زخمیوں کا ذکر کیا تھا، تاہم زخمیوں (بقیہ نمبر 21)

ضلعی حکومتوں کی تحلیل سے متعلق جواب نہ جمع کرانے پر عدالت حکومت پنجاب پر برہم

آئندہ سماعت پر تحریری جواب نہ آنے پر سیکرٹری لوکل گورنمنٹ کو ذاتی حیثیت میں طلب کیا جائے گا، عدالت

لاہور (این این آئی) لاہور ہائی کورٹ نے ضلعی حکومتوں کو تحلیل کرنے سے متعلق حکومت پنجاب کی جانب سے جواب نہ جمع کرانے پر اظہار برہمی کیا ہے۔ لاہور ہائیکورٹ میں ضلعی (بقیہ نمبر 22)

GRADUATION
Ceremony
2024
BANO QABIL
FREE IT COUR
ALKHIDMAT

لاہور، الخدمت بنو قابل پروگرام میں بہترین کارکردگی دکھا کر فری لیپ ٹاپ حاصل کرنے والے طلبہ کا امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمٰن کیساتھ گروپ فوٹو

شمالی وزیرستان، سیکیورٹی فورسز کا انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن، 4 خوارج ہلاک

خوارج دہشتگرد کارروائیوں' شہریوں کی ٹارگٹ کلنگ میں ملوث تھے' اسلحہ' گولہ بارود برآمد' دہشتگردی کی لعنت کو ختم کرنے کیلئے پرعزم ہیں' آئی ایس پی آر

پوری قوم دہشت گردی کے خلاف متحد' انسانیت کے دشمنوں کے مذموم عزائم کو اسی طرح خاک میں ملاتے رہیں گے' صدر مملکت' وزیراعظم کا خراج تحسین

شمالی وزیرستان (این این آئی) سکیورٹی فورسز نے شمالی وزیرستان کے علاقے اسپین وام میں انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن کے دوران 4 خوارج ہلاک کردیے۔ انٹر سروسز پبلک ریلیشنز (آئی ایس پی آر) کے مطابق آپریشن 14 اور 15 جنوری کی درمیانی شب خوارج کی موجودگی کی اطلاع پر کیا گیا۔ ہلاک خوارج فورسز کے خلاف دہشتگرد کارروائیوں اور شہریوں کی ٹارگٹ کلنگ میں ملوث تھے جن سے اسلحہ اور گولہ بارود بھی برآمد ہوا ہے۔ (بقیہ نمبر 16)

مظفر آباد، سابق صدر سردار مسعود خان جامعہ کشمیر کنگ عبداللہ کیمپس میں یونیورسٹی پرنسپل آفیسران ڈینز فیکلٹی ممبران سے گفتگو کررہے ہیں

روزنامہ قوت لاہور
چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض



سٹی نیوز

حضرت علی کرم اللہ وجہہ کی یوم ولادت باسعادت کے سلسلے میں کیک کاٹا گیا

اس پروگرام کو سجایا یوسی 144 ھربنس پورہ طفیل کالونی کے سماجی کارکن صدام حسین نے شرکت کی

لاہور (چیف رپورٹر شہباز احمد بھٹی سے) حضرت مولا علی کرم اللہ وجہہ کی ولادت باسعادت کے سلسلے میں ایک پروقار پروگرام ترتیب دیا گیا جس کی میزبانی یوسی 144 طفیل کالونی ھربنس پورہ کے سماجی کارکن صدام حسین نے کی جس کے مہمانان گرامی میاں محمد اویس جرنلسٹ۔ عمران جٹ امیدوار جنرل کونسلر۔ عثمان اعوان۔ جعفر اعوان۔ ملک عدنان۔ فرید جٹ جرنلسٹ۔ صدیق بھٹی۔ مبشر شاہ۔ عاصم اعوان۔ محمد سبحان۔ مرکزی رہنما پاکستان مسلم لیگ ن چیف رپورٹر روزنامہ قوت اینڈ روزنامہ کفارہ سی این این نیوز پاکستان۔ شہباز احمد بھٹی نے خصوصی شرکت کی

رواں سال بھی پولیس شہداء کے اہلخانہ کی ویلفیئر اولین ترجیح، گھروں کی فراہمی کا سلسلہ جاری

آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور نے لاہور ڈولفن سکواڈ کے شہید کانسٹیبل حافظ محمد نعمان کے اہلخانہ کو 01 کروڑ 35 لاکھ روپے مالیت کا گھر دے دیا

لاہور (خبرنگار، کرائم رپورٹر) انسپکٹر جنرل پولیس پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کی طرف سے رواں سال بھی پولیس شہداء کے اہلخانہ کی ویلفیئر اولین ترجیح ہے جس کے تسلسل میں گھروں کی فراہمی کا سلسلہ جاری ہے۔ آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور نے لاہور ڈولفن سکواڈ کے شہید کانسٹیبل حافظ محمد نعمان کے اہلخانہ کو 01 کروڑ 35 لاکھ روپے مالیت کا گھر دے دیا ہے۔ شہید کے اہلخانہ کو انکی پسند کے مطابق لاہور کی نجی ہاؤسنگ سکیم میں گھر خرید کر دیا گیا۔ کانسٹیبل محمد نعمان نے گذشتہ سال شہریوں کی جان و مال کی حفاظت کے دوران ڈاکوؤں کی فائرنگ سے جام شہادت نوش کیا۔ شہید کانسٹیبل محمد نعمان کے لواحقین میں اہلیہ اور 01 بیٹی شامل ہیں۔ ترجمان پنجاب پولیس نے تفصیلات سے آگاہ کرتے ہوئے بتایا کہ آئی جی پنجاب کی خصوصی کاوش پر حکومت پنجاب نے شہید کے اہلخانہ کے گھر کیلئے فنڈز جاری کئے۔ آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور نے شہید کانسٹیبل محمد نعمان کی لازوال قربانی کو بھرپور خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ کانسٹیبل محمد نعمان نے اپنی جان کی پرواہ کئے بغیر فرائض کی ادائیگی کے دوران جام شہادت نوش کیا۔

صوبائی دارالحکومت میں دو افراد نشے کی زیادتی کے باعث دم توڑ گئے ایدھی ترجمان کے مطابق داتادربار بے ہوشی حالت میں ملنے والا نامعلوم شخص دوران علاج ہسپتال میں دم توڑ گیا

لاہور (کرائم رپورٹر) صوبائی دارالحکومت میں دو افراد نشے کی زیادتی کے باعث دم توڑ گئے ایدھی ترجمان کے مطابق داتادربار بے ہوشی حالت میں ملنے والا نامعلوم شخص دوران علاج ہسپتال میں دم توڑ گیا جبکہ بادامی باغ ریلوے اسٹیشن کے قریب سے 32 سالہ نوجوان کی لاش برامد ہوئی ہلاک ہونے والے دونوں افراد بظاہر نشے کے عادی معلوم ہوتے ہیں شناخت نہ ہو سکی ہے جن کی لاشیں متعلقہ پولیس نے قانونی کاروائی کے بعد لاشیں ایدھی ایمبولینس کے ذریعے مردہ خانہ منتقل کر کے لواحقین کی تلاش شروع کر دی

پاکستان اور بنگلہ دیش کو درپیش چیلنجز کا مقابلہ مضبوط معاشی اور سیاسی تعلقات سے ممکن ہے: ڈاکٹر مزمل ہاشمی

دونوں قوموں کو اپنے تاریخی اختلافات کو پس پشت ڈال کر مستقبل کی جانب قدم بڑھانا خوش آئند

لاہور: مرکزی مسلم لیگ لاہور کے جنرل سیکرٹری ڈاکٹر مزمل اقبال ہاشمی علماء مشائخ ونگ کے اجلاس سے گفتگو کر رہے ہیں

لاہور (خبر نگار) پاکستان مرکزی مسلم لیگ لاہور کے جنرل سیکرٹری ڈاکٹر مزمل اقبال ہاشمی نے کہا ہے کہ پاکستان اور بنگلہ دیش کے خلاف بیرونی سازشوں کا توڑ صرف مضبوط اتحاد، باہمی تعلقات کی بہتری، اور مشترکہ حکمت عملی سے ممکن ہے۔ دونوں ممالک کی تاریخی، ثقافتی اور مذہبی بنیادیں ان کے عوام کو ایک دوسرے سے جوڑتی ہیں، اور ان تعلقات کو مزید فروغ دینے کی ضرورت ہے تاکہ دشمن قوتوں کے عزائم ناکام ہوں۔ سفارتی تعلقات اور اقتصادی تعاون کو فروغ دیا جائے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے مرکزی مسلم لیگ لاہور کے علماء مشائخ ونگ کے اجلاس سے گفتگو کے دوران پاکستان اور بنگلہ دیش کے درمیان بڑھتے سیاسی، تجارتی اور فوجی تعلقات پر ردعمل دیتے ہوئے کیا۔

دارالعلوم جامعہ نعیمیہ میں سالانہ محفل حسن قرأت کا انعقاد

لاہور (پ ر) دارالعلوم جامعہ نعیمیہ میں سالانہ محفل حسن قرأت کا انعقاد کیا گیا جس کی صدارت شیخ الحدیث مفتی عبدالعلیم سیالوی نے فرمائی جبکہ حضرت داتادربار کے خطیب مفتی

محمد رمضان سیالوی، شیخ الحدیث مولانا غلام نصیر الدین چشتی، مفتی انتخاب احمد نوری، مفتی ندیم قمر، مولانا محمد علی نقشبندی، مفتی محمد عمران حنفی، مولانا سید زین العابدین شاہ، قاری لیاقت علی رضوی، پیر اعظم علی معصومی، مولانا غلام یاسین قادری، مولانا حفیظ الرحمان، نامور قراء حضرات اور علماء اہل سنت سمیت اساتذہ و طلبہ کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔ محفل میں قاری کامران فیضی، قاری ذوالفقار علی، قاری محمد اشفاق قصوری، قاری غلام محی الدین، قاری محمد اویس اصغر و دیگر قراء حضرات نے اپنی بہترین صلاحیتوں کا مظاہرہ کیا۔ جس پر شرکاء نے خوب داد و تحسین پیش کی۔ آخر میں قاری محمد رفیق نقشبندی کی دلنشین آواز اور خوبصورت انداز نے حاضرین کے دلوں کو چھو لیا۔ ان کی تلاوت میں تجوید، لہجہ، اور جذبات کا عمدہ اظہار نمایاں تھا۔ محفل کے مہمان خصوصی معروف عالم دین مفتی محمد رمضان سیالوی تھے۔ انہوں نے اپنے خطاب میں قرآن کی اہمیت، تلاوت کے آداب اور اس کے ذریعے اللہ کی رضا حاصل کرنے کی فضیلت پر روشنی ڈالی۔ محفل کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے مفتی عمران حنفی نے کہا کہ قرآن مجید تمام انسانیت کے لیے ہدایت کا ذریعہ ہے۔ قرآن کی تعلیمات انسان کو دنیا میں کامیاب اور آخرت میں کامیابی کی ضمانت دیتی ہیں۔

سی ٹی ڈی نے انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن کے دوران 23 دہشت گردوں کو گرفتار کر لیا

لاہور (کرائم رپورٹر) سی ٹی ڈی نے انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن کے دوران 23 دہشت گردوں کو گرفتار کرلیا۔ ترجمان سی ٹی ڈی کے مطابق کارروائی لاہور جہلم، سیالکوٹ، راولپنڈی، گجرات، سرگودھا، فیصل آباد میں کی گئی۔ سی ٹی ڈی حکام کا کہنا ہے کہ لاہور سے فتنہ الخوارج کے 7 خطرناک دہشت گردوں کو اسلحہ و بارودی مواد سمیت گرفتار کر کے ان سے لاہور کے اہم تعلیمی ادارے کے نقشے، آئی ای ڈی بم، ڈیٹونیٹر، حفاظتی فیوز تار نقدی برآمد کر لی گئی۔ گرفتار دہشت گردوں میں عبدالرزاق، محمد اسماعیل، وجاہت علی، یوسف رضا، نسیم اللہ، نذر اللہ، ابوبکر، طارق نسیم زمان، شاہد نواز شامل ہیں۔ دہشت گرد مختلف مقامات پر کارروائی کر کے خوف و ہراس پھیلانا چاہتے تھے، حکام نے مزید بتایا کہ رواں ہفتے میں 9471 کومبنگ آپریشنز کے دوران 1033 مشتبہ افراد کو بھی گرفتار کیا گیا۔

مرکزی جمعیت اہل حدیث پاکستان کے امیر سینیٹر پروفیسر ساجد میر نے ڈاکٹر ریاض الرحمان یزدانی کو امیر لاہور مقرر کر دیا ہے

لاہور (خبر نگار) مرکزی جمعیت اہل حدیث پاکستان کے امیر سینیٹر پروفیسر ساجد میر نے ڈاکٹر ریاض الرحمان یزدانی کو امیر لاہور مقرر کر دیا ہے دیگر عہدیداران میں علامہ معتصم الٰہی ظہیر کو سرپرست اور حافظ ممتاز حسین کی بطور ناظم نامزدگی کی گئی ہے کابینہ کے باقی عہدیداران کا اعلان مذکورہ افراد باہمی مشاورت سے کریں گے۔ امیر ضلع لاہور ڈاکٹر ریاض الرحمان یزدانی نے اس موقع پر میڈیا کے نمائندوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا ہے کہ امیر محترم سینیٹر پروفیسر ساجد میر نے ہم پر جس اعتماد کا اظہار کرتے ہوئے ہمیں ذمہ داری سونپی ہے۔ اسے پورا کرنے کے لئے اپنی تمام تر صلاحیتوں کو بروئے کار لاتے ہوئے پورا کرنے کی کوشش کریں گے۔ اللہ پاک ہمیں اس ذمہ داری کو پورا کرنے کی ہمت اور توفیق عطا فرمائے اور میرے ساتھیوں کا استقامت دے۔ کابینہ کے باقی افراد کی تقرری کا اعلان چند روز بعد باہمی رضامندی سے کر دیا جائے گا۔ مرکزی جمعیت اہل حدیث پاکستان اہل حدیث کی نمائندہ مذہبی وسیاسی جماعت ہے۔ جو مجلس شوری، مرکزی عاملہ اور کابینہ پر مشتمل ہے۔ نصف صدی سے زائد عمر رکھنے والی یہ جماعت اہلحدیث کی سب سے بڑی جماعت ہے، اس کے زیر انتظام درج ذیل ادارے کام کر رہے ہیں۔ مکتبہ سلفیہ، لاہور میں جمعیت اہلحدیث کا اشاعتی ادارہ منتظام مساجد و اوقاف، وفاق المدارس السلفیة: اہل حدیث مدارس اور جامعات کا تعلیمی بورڈ، جمعیت کی ذیلی تنظیمات کے نام درج ذیل ہیں۔ اہل حدیث یوتھ فورس، اہل حدیث سٹوڈنٹس فیڈریشن، جمعیت اساتذہ پاکستان جمعیت طلبہ، اہلحدیث متحدہ حکماء محاذ ہیں۔

صوبائی وزیر صحت کی انسٹی ٹیوٹ آف پبلک ہیلتھ میں ہیلتھ کیئر مینجمنٹ میں گورننس لیڈرشپ کے چیلنجز کے موضوع پر سیمینار میں شرکت

خواجہ سلمان رفیق نے انسٹی ٹیوٹ آف پبلک ہیلتھ میں مختلف پراجیکٹس کا افتتاح کیا اور جاری ری ویمپنگ منصوبے کا جائزہ بھی لیا

صحت کی وزارت لینے کا مقصد آسائشیں حاصل کرنا نہیں بلکہ صرف اور صرف خدمت انسانیت ہے

لاہور: صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق انسٹی ٹیوٹ آف پبلک میں منعقدہ سیمینار میں یادگاری شیلڈ وصول کر رہے ہیں

لاہور (خبر نگار) صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق نے انسٹی ٹیوٹ آف پبلک ہیلتھ میں ہیلتھ کیئر مینجمنٹ میں گورننس لیڈرشپ کے چیلنجز کے موضوع پر سیمینار میں بطور مہمان خصوصی شرکت کی۔ خواجہ سلمان رفیق نے اس موقع پر انسٹی ٹیوٹ آف پبلک ہیلتھ میں مختلف پراجیکٹس کا افتتاح کیا اور جاری ری ویمپنگ منصوبے کا جائزہ بھی لیا۔ سابق وزیر صحت پروفیسر جاوید اکرم نے بطور گیسٹ آف آنر شرکت کی۔ ڈین انسٹی ٹیوٹ آف پبلک ہیلتھ پروفیسر سائرہ افضل نے سیمینار کے اغراض و مقاصد پر روشنی ڈالی اور تمام مہمانوں کی آمد پر شکریہ ادا کیا۔ اس موقع پر پروفیسر مجید چوہدری، پروفیسر اختر سہیل چغتائی، پروفیسر محمود ایاز، پروفیسر جاوید اکرم و دیگر مقررین نے سیمینار کے موضوع پر تقاریر کیں۔ صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق نے سیمینار کے شرکاء سے اپنے خطاب میں کہا کہ انسٹی ٹیوٹ آف پبلک ہیلتھ کیلئے ہم سب نے بہت محنت کی ہوئی ہے۔ تمام مقررین نے اپنے تجربات کی روشنی میں آج ہمیں آگاہی دی ہے۔ صحت کی وزارت لینے کا مقصد آسائشیں حاصل کرنا نہیں بلکہ صرف اور صرف خدمت انسانیت تھا۔ میں طبی اداروں کے سربراہان سے بطور ایک ٹیم ممبر کام کرتا ہوں۔ خواجہ سلمان رفیق نے کہا کہ خطرناک بیماریوں کے تدارک کیلئے تیکنیکی معاونت کیلئے انسٹی ٹیوٹ آف پبلک سے رجوع کرتے ہیں۔ گذشتہ دس ماہ سے جتنے ایم ایس لگائے وہ سب الحمدللہ سو فیصد میرٹ پر لگائے ہیں۔ ہمارے پروفیسرز، ڈاکٹرز اور نرسوں کیلئے 13 کروڑ آبادی کو صحت کی سہولیات فراہم کرنا ایک چیلنج بن گیا ہے۔ ہم نے تھنک ٹینکس کے ساتھ کام کرنا ہے۔ صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق نے کہا کہ میڈیکل کالجز کے کری کولم میں بہتری لا رہے ہیں۔ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے ویژن کے مطابق عوام تک صحت کی بہترین سہولیات کی فراہمی کیلئے کوشاں ہیں۔ لاہور میں اسٹیٹ آف دی آرٹ نواز شریف انسٹی ٹیوٹ آف کینسر ٹریٹمنٹ اینڈ ریسرچ بنایا جا رہا ہے۔ صوبائی وزیر صحت نے سیمینار کے انعقاد پر پروفیسر سائرہ افضل کو مبارکباد پیش کی اور کہا کہ امید ہے پروفیسر سائرہ افضل کی قیادت میں یہ ادارہ کامیابیاں حاصل کرے گا۔ سابق وزیر صحت پروفیسر جاوید اکرم نے کہا کہ لیڈرز اپنے پیروکار نہیں بلکہ لیڈرز ہی بناتے ہیں۔ پاکستان آبادی کے اعتبار سے دنیا کا تیسرا ملک بننے جا رہا ہے۔ انسٹی ٹیوٹ آف پبلک ہیلتھ کو ایک سنٹر آف ایکسی لینس بننا چاہئے۔

صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق انسٹی ٹیوٹ آف پبلک میں منعقدہ سیمینار کے شرکاء سے خطاب کر رہے ہیں

چھانگا مانگا غریب چھابڑی فروشوں پر بوجھ، حکومت پنجاب کا ٹیکس فیصلہ تنقید کی زد میں

چھانگا مانگا (میاں شفیق احمد سے) چھانگا مانگا غریب چھابڑی فروشوں پر بوجھ، حکومت پنجاب کا ٹیکس فیصلہ تنقید کی زد میں، پنجاب حکومت نے چھابڑی فروشوں (پھڑیوں) پر دو ہزار روپے سالانہ رجسٹریشن ٹیکس نافذ کر دیا ہے، حکومت نے روزانہ تین سے چار سو روپے کمانے والے غریب طبقے کو شدید پریشانی میں مبتلا کر دیا ہے۔ پنجاب ایگریکلچر ریگولیٹری مانیٹرنگ اتھارٹی کی جانب سے نافذ کردہ اس ٹیکس کو چھابڑی فروشوں نے ظالمانہ اقدام قرار دیا ہے۔ چونیاں اور الہ آباد کے متاثرہ چھابڑی فروشوں، محمد امجد، یاآمین، محمد افضال و دیگر نے کہا کہ وہ پہلے ہی مہنگائی کے ہاتھوں بے حال ہیں اور بمشکل اپنا گزر بسر کرتے ہیں۔ ایسے میں حکومت کی طرف سے یہ ٹیکس، ان کی مشکلات میں مزید اضافہ کرے گا۔ چھابڑی فروشوں کا کہنا ہے کہ حکومت انہیں سہولیات فراہم کرنے کی بجائے ان کے کاروبار کو مزید مشکلات میں دھکیل رہی ہے۔ متاثرین نے وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز سے اس فیصلے پر نظر ثانی کی اپیل کی ہے اور مطالبہ کیا ہے کہ ان کے مسائل کو سمجھتے ہوئے یہ ٹیکس فوری طور پر واپس لیا جائے۔ معاشی ماہرین کا بھی کہنا ہے کہ ایسے اقدامات غریب طبقے کے حالات کو مزید خراب کریں گے اور حکومت کو اس حوالے سے محتاط پالیسی اپنانے کی ضرورت ہے

تھانہ برکی کی حدود سے 2 بچوں کی ماں مبینہ اغواء

لاہور (کرائم رپورٹر) تھانہ برکی کی حدود سے 2 بچوں کی ماں مبینہ اغواء، پولیس نے بھائی راحت کی مدعیت میں مقدمہ درج کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق تھانہ برکی کے علاقے میں رہائش پذیر 2 بچوں کی ماں سندیلہ کنول پرسرار طور پر اغوا ہو گئی پولیس نے مغویہ کے بھائی کی مدعیت میں مقدمہ درج کر کے تفتیش کا آغاز کر دیا خاتون کے بھائی (راحت) کا کہنا تھا کہ منگل کی صبح 10 بجے بہنوئی علی مقدس نے بہن کی گمشدگی کا بتایا، شک ہے سسرال والوں نے تشدد کر کے بہن کو غائب کر دیا میری بہن سندیلہ کنول کی 5 سال قبل علی مقدس سے شادی ہوئی تھی اسے اس کے سسرال والے آئے روز تشدد کا نشانہ بناتے تھے، اس حوالے سے پولیس کا کہنا ہے مغویہ کی تلاش کے لیے تفتیش کی جا رہی ہے جلد اسے بازیاب کر لیا جائے گا

تھانہ ہیئر پولیس نے مشہور قوال شہزاد سنتو کے فارم پر ڈکیتی کرنے والے ملزمان گرفتار کر لئے

لاہور (کرائم رپورٹر) تھانہ ہیئر پولیس نے مشہور قوال شہزاد سنتو کے فارم پر ڈکیتی کرنے والے ملزمان کو گرفتار کر لئے ترجمان کے مطابق ہیئر پولیس نے کاروائی کے دوران قوال شہزاد سنتو کے فارم ہاؤس پر ڈکیتی کی کوشش کرنے والے ڈاکو سلیم اور رمضان کو گرفتار کر کے ان سے اسلحہ اور سکیورٹی گارڈ کا موبائل برآمد کر لیا

پاکستان مزید تجربات کا متحمل نہیں ہو سکتا، عمران خان اس ملک کی لائف لائن ہیں: مسرت جمشید چیمہ

عمران خان کو انتقام کا نشانہ بنانا پاکستان کو انتقام کا نشانہ بنانے کے مترادف ہے: سینئر رہنما پی ٹی آئی

لاہور (خبر نگار) پاکستان تحریک انصاف کی سینئر رہنما مسرت جمشید چیمہ نے کہا ہے کہ پاکستان مزید تجربات کا متحمل نہیں ہو سکتا، اس ملک کی لائف لائن عمران خان ہیں ان کو مزید انتقام کا نشانہ بنانا پاکستان کو انتقام کا نشانہ بنانے کے مترادف ہے۔ ایکس پر جاری اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ امید ہے کہ صاحب اقتدار ہوش کے ناخن لیں گے اور اپنے چند دن کے اقتدار کی خاطر پچیس کروڑ پاکستانیوں کی واحد امید اور پاکستان کے مستقبل کو خطرے میں نہیں ڈالیں گے۔ انہوں نے کہا کہ اس وقت عمران خان سے وفادار ہر شخص پر سخت ترین مظالم جاری ہیں، منگل کے روز ہماری لاہور میں پیشی تھی بدھ کے روز ہماری اڈیالہ میں پیشی تھی۔ انہوں نے کہا کہ جہاں ہمارا لیڈر ڈٹ کر کھڑا ہے ہمارے حوصلے بھی ہرگز نہیں ڈگمگائے بلکہ ہم ہر مشکل کا سامنا کرنے کے لئے تیار ہیں

شہر میں سنگین نوعیت کے سٹریٹ کرائم کی وارداتوں میں کمی

لاہور (کرائم رپورٹر) شہر میں سنگین نوعیت کے سٹریٹ کرائم کی وارداتوں میں کمی گزشتہ چوبیس گھنٹوں کے دوران شہر میں مختلف جرائم کی 282 وارداتیں رپورٹ، پولیس ذرائع کے مطابق نقب زنی کی وارداتوں میں چور شہر کے مختلف علاقوں میں 3 گھروں سے لاکھوں مالیت کے طلائی زیورات، نقدی اور دیگر سامان لے اڑے، راہزنی کی وارداتوں میں ڈاکو اسلحہ کے زور پر مختلف مقامات سے 5 افراد سے لاکھوں روپے ایک شہری سے موٹر سائیکل اور موبائل فونز چھین کر لے گئے، جھپٹا مار کاروائیوں میں ڈاکو 16 شہریوں سے شاہراہ عام پر ہزاروں روپے اور موبائل فونز چھین کر فرار ہو گئے جبکہ 24 گھنٹوں کے دوران شہر بھر سے 23 موٹر سائیکلیں، 2 کاریں، 4 دیگر وہیکل، 5 مویشی چوری ہو گئے اور مختلف تھانوں میں متفرق چوری کی 223 وارداتیں رپورٹ ہوئیں

ڈی آئی جی آپریشنز فیصل کامران نے سروس ریکارڈ و کارکردگی

جانچ پڑتال کے بعد 13 تھانوں کے ایس ایچ اوز اور چوکی انچارجز کے تقرر و تبادلے کے احکامات جاری کر دیئے

لاہور (کرائم رپورٹر) ڈی آئی جی آپریشنز فیصل کامران نے سروس ریکارڈ و کارکردگی جانچ پڑتال کے بعد 13 تھانوں کے ایس ایچ اوز اور چوکی انچارجز کے تقرر و تبادلے کے احکامات جاری کر دیئے۔ سب انسپکٹر احسن اقبال کو ایس ایچ او مزنگ، سب انسپکٹر حسین زبیر ایس ایچ او سرور روڈ، سب انسپکٹر محمد ذکاء ایس ایچ او گجر پورہ، سب انسپکٹر شہزاد نعیم ایس ایچ او شادمان، سب انسپکٹر بلال احمد ایس ایچ او جوہر ٹاؤن، سب انسپکٹر عمران مصور ایس ایچ او لوہاری گیٹ، سب انسپکٹر اسد بشیر ایس ایچ او ہڈیارہ، سب انسپکٹر دلاور علی ایس ایچ او گڑھی شاہو، سب انسپکٹر عزیر ارشد ایس ایچ او ہیئر، سب انسپکٹر خضر حیات ایس ایچ او غالب مارکیٹ، سب انسپکٹر محمد یاسین انچارج چوکی راجہ مارکیٹ، سب انسپکٹر واجد علی ایس ایچ او پرانی انارکلی اور سب انسپکٹر فہد علی کو انچارج چوکی اکرم پارک تعینات کر دیا گیا۔ ایس ایچ او مزنگ سب انسپکٹر رائے آصف جبار، ایس ایچ او گجر پورہ انسپکٹر آصف ادریس، ایس ایچ او شادمان انسپکٹر خرم شہزاد، ایس ایچ او لوہاری گیٹ لیڈی سب انسپکٹر حاجن آسیہ، ایس ایچ او پرانی انارکلی انسپکٹر رضا ذاکر اور انچارج چوکی راجہ مارکیٹ سب انسپکٹر عامر رفیع کو پولیس لائنز جبکہ ایس ایچ او جوہر ٹاؤن سب انسپکٹر مستنصر محمود کو اے آر ایف اور ایس ایچ او ہیئر سب انسپکٹر توصیف احمد کو جنرل ڈیوٹی تھانہ سول لائنز رپورٹ کرنے کے احکامات جاری کیے گئے۔

شہر میں غلط پارکنگ ٹریفک جام کا سبب بن رہی ہے

لاہور (کرائم رپورٹر) شہر میں غلط پارکنگ ٹریفک جام کا سبب بن رہی ہے، جس کے حل کے لیے ٹریفک پولیس نے فورک لفٹرز کی درخواست کر دی۔ تفصیلات کے مطابق ٹریفک پولیس نے 40 کروڑ 30 لاکھ روپے مالیت کے فورک لفٹرز مانگ لیے ہیں، ہر لفٹر کی قیمت ایک کروڑ روپے ہے اور پہلے مرحلے میں 20 لفٹرز خریدنے کی تجویز دی گئی ہے۔ ٹریفک پولیس نے 43 فورک لفٹرز کی ضرورت کا اظہار کیا ہے تاکہ غلط پارکنگ سے نمٹا جا سکے۔

آر سی ڈی ایس اور ویلٹ ہنگر ہلفی کے اشتراک سے یو واس میں اسموگ کے بارے آگاہی واک کا انعقاد

لاہور (خبر نگار) رورل کمیونٹی ڈویلپمنٹ سوسائٹی (آر سی ڈی ایس) اور ویلٹ ہنگر ہلفی کے اشتراک سے عوام کو اسموگ کے منفی اثرات کے بارے میں آگاہی فراہم کرنے اور اس کے اثرات کو کم کرنے کے لیے حفاظتی اقدامات کو فروغ دینے کے لئے ایک واک کا انعقاد کیا گیا۔ اس موقع پر واک کے شرکاء کو اسموگ سے نمٹنے کے لئے احتیاطی تدابیر والے پمفلٹ اور دیگر معلوماتی مواد بھی فراہم کیا گیا۔ شرکاء نے اسموگ کے خلاف حفاظتی اقدامات کی اہمیت پر زور دینے والے پیغامات کے ساتھ پلے کارڈز اور بینرز بھی اٹھائے ہوئے تھے۔ واک میں اسموگ کے بحران سے نمٹنے اور صحت مند ماحول کو فروغ دینے کے لیے متحد کوشش کی ضرورت پر زور دیا گیا۔ آر سی ڈی ایس کے بانی اور ڈائریکٹر محمد مرتضی کھوکھر نے اس مسئلے کو حل کرنے کی فوری ضرورت پر روشنی ڈالی ”اسموگ کی وجہ سے ہماری صحت اور ماحول کو بہت زیادہ نقصان پہنچ رہا ہے۔

تھانہ مغلپورہ انویسٹی گیشن پولیس نے مغلپورہ میں خاتون شہری کو فائرنگ کر کے قتل کرنے والے ملزمان باپ اور بیٹا گرفتار کر لیا گیا

لاہور (کرائم رپورٹر) تھانہ مغلپورہ انویسٹی گیشن پولیس نے مغلپورہ میں خاتون شہری کو فائرنگ کر کے قتل کرنے والے ملزمان باپ اور بیٹا گرفتار کر لیا گیا ترجمان کے مطابق تھانہ مغلپورہ انوسٹیگیشن پولیس نے کاورائی کے دوران معمولی تلخ کلامی پر مصباح کو قتل کرنے والے ملزمان کو گرفتار کر کے آلہ قتل برآمد کر لیا گرفتار ملزمان میں شیراز اور اس کا بیٹا عبدالرحمان شامل ہیں۔ انچارج انویسٹی گیشن کا کہنا ہے کہ ملزمان خاتون مصباح کو قتل کر کے موقعہ واردات سے فرار ہو گئے تھے

لاہور میں 200 سے زائد مقامات پر فری وائی فائی سروس فراہم کر دی گئی سیف سٹی نے پنجاب کے 11 اضلاع میں مفت وائی فائی کی سروس فراہم

لاہور (خبر نگار) سی ایم فری وائی فائی کا دائرہ کار وسیع کر دیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق لاہور میں 200 سے زائد مقامات پر فری وائی فائی سروس فراہم کر دی گئی۔ پنجاب سیف سٹیز اتھارٹی نے پنجاب کے 11 اضلاع میں مفت وائی فائی کی سروس فراہم کر دی۔ 270 وائی فائی ہاٹ سپاٹس سے شہریوں کو انٹرنیٹ کی فراہمی شروع کر دی گئی۔ لاہور سمیت قصور، ننکانہ صاحب، شیخوپورہ، سیالکوٹ، گجرات، جہلم، اٹک میں سروس فعال کر دی گئی اس کے علاوہ ساہیوال، اوکاڑہ اور مری کے اہم مقامات پر بھی مفت وائی فائی سروس فراہم کی جانے لگی۔ ترجمان سیف سٹیز اتھارٹی کے مطابق اب تک 13 ملین سے زائد صارفین نے 265 ٹی بی ڈیٹا استعمال کیا۔ شہری مفت وائی فائی سروس سے استفادہ کر کے اپنی روزمرہ زندگی کو آسان بنا رہے ہیں۔

حکومت کو تعمیراتی شعبے کے لیے خصوصی اکنامک زونز قائم کرنے چاہئیں خادم حسین

حکومت کی جانب سے تعمیراتی شعبے پر خصوصی توجہ کا خیر مقدم کرتے ہیں ڈائریکٹر پاکستان سٹون ڈویلپمنٹ کمپنی

لاہور (پریس ریلیز) ڈائریکٹر پاکستان سٹون ڈویلپمنٹ کمپنی، سینئر نائب صدر فیروز پور بورڈ اور سابقہ ایگزیکٹو ممبر لاہور چیمبر آف کامرس خادم حسین نے حکومت کی جانب سے تعمیراتی شعبے پر خصوصی توجہ کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا ہے کہ حکومت کو تعمیراتی شعبے کے لیے خصوصی اکنامک زونز قائم کرنے چاہئیں تاکہ پیداوار اور کارکردگی کو بڑھایا جا سکے۔ انہوں نے اپنے بیان میں کہا کہ وزیر اعظم شہباز شریف کی جانب سے کم لاگت ہاؤسنگ منصوبوں کی تکمیل میں تیزی لانے اور نجی شعبے کو ان منصوبوں میں شامل کرنے کا عزم خوش آئند ہے۔ کم لاگت رہائشی سہولیات ایک بنیادی ضرورت ہیں۔ حکومت کی کوششیں نہ صرف عام آدمی کی پہنچ میں اپنا مکان لائیں گی بلکہ رئیل اسٹیٹ اور تعمیراتی شعبے کو بھی مزید استحکام دیں گی۔ خادم حسین نے کہا کہ حکومت کو ڈویلپرز اور گھر خریدنے والوں کے لیے آسان شرائط پر قرضوں کی فراہمی یقینی بنانا چاہیے اور جدید اور پائیدار تعمیرات کے لیے ٹیکنالوجی کا استعمال یقینی بنایا جائے۔ انہوں نے مزید کہا کہ حکومت کو تعمیراتی شعبے کے لیے خصوصی اکنامک زونز قائم کرنے چاہئیں تاکہ پیداوار اور کارکردگی کو بڑھایا جا سکے۔

نجی فرمز کی جانب سے تحصیل رائے ونڈ کے 8 گورنمنٹ سکولز کی کمپیوٹرز لیب کیلئے 130 کمپیوٹرز کی فراہمی میٹرک تک سکولوں میں سی لینگویج تک پڑھایا جاتا ہے

جدید کمپیوٹر لیبز ناگزیر ہیں۔ کمشنر لاہور حکومت پنجاب طلبا و طالبات کی تعلیمی حوصلہ افزائی و سہولیات فراہمی کیلئے دن رات کام کر رہی ہے۔ کمشنر لاہور

لاہور (خبر نگار) کمشنر لاہور زید بن مقصود نے گورنمنٹ بوائز سکول چھرو پورہ رائے ونڈ کا دورہ کیا۔ کمشنر لاہور نے آئی فائیو جنریشن کے حامل کمپیوٹر لیب کا افتتاح اے سی رائے ونڈ سے ربن کٹوا کر کیا۔ کمشنر لاہور نے کہا کہ نجی آرگنائزیشنز کا تعاون قابل قدر ہے، آرگنائزیشنز کی جانب سے 130 جدید کمپیوٹرز فراہم کیے گئے ہیں، اے سی رائے ونڈ کی کاوش قابل تعریف ہے، تحصیل رائے ونڈ کے 8 سکولز کی لیبز اپگریڈ ہو گئی ہیں، میٹرک تک سکولوں میں سی لینگویج تک پڑھایا جاتا ہے، جدید کمپیوٹر لیبز ناگزیر ہیں، کمشنر لاہور کا مزید کہنا ہے کہ وہ دور آ پہنچا ہے جہاں ٹیکنالوجی اور آئی ٹی کی بنیاد پر ہی آگے بڑھا جا سکتا ہے، حکومت پنجاب طلبا و طالبات کی تعلیمی حوصلہ افزائی و سہولیات فراہمی کیلئے دن رات کام کر رہی ہے

لاہور زید بن مقصود گورنمنٹ بوائز سکول چھرپورہ رائے ونڈ میں کمپیوٹر لیب کے افتتاح کے موقع پر بچوں کے ہمراہ گروپ فوٹو

تھانہ مناواں کی چوکی انچارج اعوان ڈھائے والا پولیس نے اسلحہ کی نمائش کرنے والے دو ملزمان کو اسلحہ سمیت گرفتار کر کے مقدمات درج کر لیے

لاہور (کرائم رپورٹر) تھانہ مناواں کی چوکی انچارج اعوان ڈھائے والا پولیس نے اسلحہ کی نمائش کرنے والے دو ملزمان کو اسلحہ سمیت گرفتار کر کے مقدمات درج کر لیے ترجمان کے مطابق چوکی انچارج اعوان ڈھائے والا پولیس دوران سرچ اپریشنز 02 ملزمان عبدالوحید اور احسن اسلحہ کو گرفتار کر کے ان سے 01 کلاشنکوف رائفل، پستول میگزینز اور گولیاں برامد کر کے ان کے خلاف مقدمات درج کر لیے

نصیر آباد پولیس نے منشیات ڈیلر میاں بیوی گرفتار کو گرفتار کر کے 50 کلو منشیات برآمد کر لی

لاہور (کرائم رپورٹر) نصیر آباد پولیس نے منشیات ڈیلر میاں بیوی گرفتار کو گرفتار کر کے 50 کلو منشیات برآمد کر لی تفصیلات کے مطابق نصیر آباد پولیس نے خفیہ اطلاع پر ماڈل ٹاؤن کچہری کے سامنے سے منشیات کے ڈیلر میاں بیوی صدام اور سعدیہ بی بی سے 45 کلو افیون، 5 کلو چرس برآمد کر کے ملزمان کے زیر استعمال موٹر سائیکل بھی تحویل میں لے کر مقدمہ درج کر لیا

پنجاب یونیورسٹی ہیلی کالج آف کامرس میں انسانی حقوق کے عالمی دن کی مناسبت سے سیمینار

لاہور (خبر نگار) پنجاب یونیورسٹی ہیلی کالج آف کامرس انٹرنیشنل آفس کے زیر اہتمام یونائیٹڈ پیپل گلوبل کے تعاون سے ’انسانی حقوق کے عالمی دن‘ کی مناسبت سے خصوصی سیمینار کا انعقاد کیا گیا۔ اس موقع پر ڈائریکٹر انٹرنیشنل آفس ڈاکٹر سعدیہ فاروق، ڈپٹی ڈائریکٹر حافظ فواد علی، ڈاکٹر طیبہ یوسف اور طلبا و طالبات نے شرکت کی۔ تقریب میں یونائیٹڈ پیپلز گلوبل کی صدر ریکی ہیمنگٹن اور یو پی جی سسٹینیبلٹی لیڈرشپ ٹیم کی لیڈر محترمہ لیزیل کاسلا نے انسانی حقوق بارے سیر حاصل گفتگو کی

وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کی خصوصی ہدایت/ ایل ڈی اے نے فیروز پور روڈ پر مخصوص بائیکر لین کے قیام کے لئے کام کا آغاز کر دیا

لاہور (خبر نگار) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کی خصوصی ہدایت پر صوبائی دارالحکومت میں ٹریفک روانی بہتر بنانے کے لیے ایل ڈی اے نے صوبائی دارالحکومت میں پہلی بار مخصوص بائیکر لین کے قیام کے لئے کام کا آغاز کر دیا ہے۔ کمشنر لاہور زید بن مقصود نے ڈی جی ایل ڈی اے طاہر فاروق کے ہمراہ گزشتہ روز فیروز پور روڈ پر بائیکر لین منصوبے پر جاری کاموں کا جائزہ لیا۔ چیف انجینئر ایل ڈی اے، پراجیکٹ ڈائریکٹر اور ٹریفک افسران نے بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ پہلے مرحلے میں فیروز پور روڈ پر ایل ڈی اے مخصوص بائیکر لین کے پائلٹ پراجیکٹ پر کام کر رہا ہے۔ ایل ڈی اے فیروز پور روڈ کی آؤٹر سائیڈ پر دونوں اطراف بائیکر لین بنا رہا ہے۔ بائیکر لین کو کربر اور ماحول دوست گرین پینٹ کر کے مین شاہراہ سے الگ کیا گیا ہے۔ پہلے مرحلے میں فیروز پور روڈ پر کینال سے لاہور برج تک دونوں اطراف کل 10 کلومیٹر لین بنائی جا رہی ہے۔ ڈی جی ایل ڈی اے طاہر فاروق نے کہا کہ بائیکر لین 12 فٹ چوڑی بنے گی، شہریوں کو سہولت ہو گی۔

شہر بھر میں جھگیوں کے انخلاء کے لئے آپریشنز جاری

تحصیل ماڈل ٹاؤن میں 24 پوائنٹس پر جھگیاں قائم، 09 پوائنٹس پر سے جھگیاں ختم، 15 پوائنٹس پر آپریشن جاری

لاہور (خبر نگار) شہر بھر میں جھگیوں کے انخلاء کے لئے آپریشنز جاری ہے۔ ڈی سی لاہور سید موسیٰ رضا کی ہدایت پر اسسٹنٹ کمشنرز فیلڈ میں متحرک ہے۔ تحصیل ماڈل ٹاؤن میں 24 پوائنٹس پر جھگیاں قائم، 09 پوائنٹس پر سے جھگیاں ختم کر دی گئی ہے اور 15 پوائنٹس پر آپریشن جاری ہیں۔ ڈی سی لاہور نے کہا کہ تحصیل علامہ اقبال میں 784 جھگیوں کا خاتمہ کروایا گیا ہے اور تحصیل سٹی میں 294 میں سے 266 جھگیوں کو ختم کروایا گیا ہے اور باقی کو بھی ختم کروایا جا رہا ہے۔ اسی طرح تحصیل واہگہ زون میں 40 جھگیوں کو ختم کروایا گیا ہے اور تحصیل نشتر زون میں 14 پوائنٹس میں سے 11 پوائنٹس سے جھگیوں کا خاتمہ کروا دیا گیا ہے جبکہ 3 پوائنٹس پر آپریشن جاری ہے، ڈی سی لاہور نے کہا کہ تحصیل صدر میں جھگیوں کے انخلاء کے لئے آپریشنز جاری ہیں۔ ڈی سی لاہور نے کہا کہ تحصیل کینٹ میں 168 جھگیوں کو ختم کروایا گیا ہے اور تحصیل شالیمار میں 378 جھگیوں کو ختم کروایا گیا اور آپریشنز جاری ہے، ڈی سی لاہور نے کہا کہ تحصیل رائیونڈ میں 12 پوائنٹس میں سے 4 پوائنٹس سے جھگیوں کو کلیئر کروا دیا ہے اور 8 پوائنٹس کو بھی جلد کلیئر کروا لیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ شہر بھر میں خانہ بدوشوں کی منتقلی کے لئے آپریشنز جاری ہیں، ڈی سی لاہور نے کہا کہ انتظامی افسران فیلڈ میں بھرپور کارروائیاں جاری رکھے ہوئے ہیں، ڈی سی لاہور سید موسیٰ رضا نے کہا کہ شہری آبادی سے خانہ بدوشوں کی منتقلی کا مقصد شہر کی خوبصورتی کو برقرار رکھنا ہے

نمازوں کے اوقات



صبح صادق	5:20
فجر	6:10
ظہر	1:30
عصر	4:15
مغرب	غروب آفتاب
عشاء	7:00

فقہ جعفریہ

فجر طلوع آفتاب سے ایک گھنٹہ قبل، ظہرین 1:30 جبکہ مغرب غروب آفتاب کے 10 منٹ بعد

ایمرجنسی نمبرز

پولیس ایمرجنسی	15
آئی جی شکایت سیل	8787
ریلوے انکوائری	117
پی آئی اے	114

ہسپتالوں کے نمبرز

جناح ہسپتال	111-809-809
سروسز ہسپتال لاہور	99203407-25
میو ہسپتال لاہور	9921110-6
جنرل ہسپتال لاہور	99284092-8
پی آئی سی لاہور	111-786-786

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
ABC CERTIFIED
چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض
روزنامہ قوت لاہور
''روزنامہ قوت لاہور''(3)16 جنوری 2025ء

کمشنر ساہیوال شعیب اقبال سید نے پختہ تجاوزات کے خلاف مہم تیز کرنے کا حکم دے دیا

عوام کی زندگیوں میں آسانی لانے کے لئے تجاوزات دور کرنا اور ٹریفک کو ریگولیٹ کرنا بہت ضروری ہے، تمام میونسپل ادارے ٹریفک پولیس کے تعاون سے روزانہ کی بنیاد پر کاروائی کریں

ساہیوال (مہر اے ڈی نسیم سپرا سے) کمشنر ساہیوال شعیب اقبال سید نے ڈویژن کے تمام بڑے شہروں اور قصبات میں عارضی اور پختہ تجاوزات کے خلاف مہم تیز کرنے کا حکم دے دیا۔ عوام کی زندگیوں میں آسانی لانے کے لئے تجاوزات دور کرنا اور ٹریفک کو ریگولیٹ کرنا بہت ضروری ہے۔ تمام میونسپل ادارے ٹریفک پولیس کے تعاون سے روزانہ کی بنیاد پر کاروائی کریں اور ریڑھی والوں کو متبادل جگہ بھی دیں، کمشنر کی ہدایت۔ وہ یہاں اپنے دفتر میں تجاوزات اور ٹریفک مینجمنٹ بارے اجلاس کی صدارت کر رہے تھے جس میں تینوں اضلاع کے ڈپٹی کمشنرز شاہد محمود، احمد عثمان جاوید، ماریہ طارق، ایڈیشنل کمشنر کوارڈینیشن سیف اللہ بھٹی، ڈسٹرکٹ ٹریفک آفیسر ساہیوال مرزا تنویر بیگ، ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ شاہد فاروق وڑائچ، چیف آفیسر میونسپل کارپوریشن شیخ اشفاق احمد اور متعلقہ محکموں کے افسران نے شرکت کی۔ انہوں نے ڈپٹی کمشنرز کو سرکاری زمینوں اور پلاٹوں پر قبضے واگزار کرانے کی خصوصی مہم شروع کرنے کی بھی ہدایت کی۔ ڈپٹی کمشنر اوکاڑہ احمد عثمان جاوید نے بتایا کہ ایم اے جناح روڈ اور فیصل آباد روڈ سے تجاوزات کا خاتمہ کر دیا گیا ہے جسے عوام کی اکثریت نے سراہا ہے۔ کمشنر شعیب اقبال سید نے اگلے مرحلے میں اندرون جی ٹی روڈ اوکاڑہ اور بے نظیر روڈ سے تجاوزات ختم کرنے کی بھی ہدایت کی۔ ڈپٹی کمشنر ساہیوال شاہد محمود نے بتایا کہ ٹریفک پولیس کے تعاون سے شہر میں ٹریفک مینجمنٹ پلان تیار کر لیا گیا ہے جس پر عمل درآمد شروع کیا جا رہا ہے جبکہ ریڑھی والوں کو بھی متبادل جگہ فراہم کی جا رہی ہے۔ قبل ازیں کمشنر شعیب اقبال سید نے شہر کا تفصیلی دورہ کیا اور صفائی کے کام اور تجاوزات کے خلاف جاری مہم کا جائزہ لیا۔ انہوں نے دیپالپور بازار اور پاک پتن روڈ سے عارضی تجاوزات ختم کرنے پر اطمینان کا اظہار کیا اور ہدایت کی کہ شہر کے معروف بازاروں میں ریڑھیوں اور رکشوں کے داخلے پر پابندی کے لئے بیریئرز لگائے جائیں۔

رئیل اسٹیٹ بارے کمیٹی کے قیام کا خیر مقدم کرتے ہیں۔ چوہدری امتیاز علی ورياه

رئیل اسٹیٹ سیکٹر کی ترقی کیلئے عملی اقدامات پر یقین رکھتے ہیں۔ چوہدری خرم گھمن

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید سے) رئیل اسٹیٹ بزنس کی بہتری کیلئے عملی کاوشوں کی ضرورت ہے اس ضمن میں رئیل اسٹیٹ سے جڑے کاروباری طبقہ کی جانب سے توجہ دلاؤ بیانات کے بعد مخلوط حکومت کیجانب سے رئیل اسٹیٹ بارے ایک کمیٹی قائم کی گئی ہے جو رئیل اسٹیٹ بزنس مینوں کیساتھ خصوصی ملاقات کر کے رئیل اسٹیٹ بزنس کمیونٹی کی سفارشات لے کر باقاعدہ وزیراعظم پاکستان کو دوران ملاقات آگاہ کریگا۔ ان باتوں کا اظہار معروف رئیل اسٹیٹ بزنس مین چوہدری امتیاز علی ورياه و چوہدری خرم جاوید گھمن سابق صدر سٹی ہاؤسنگ ڈیلرز ایسوسی ایشن سیالکوٹ نے سینئر صحافیوں کے ایک وفد کیساتھ خصوصی ملاقات کے دوران کیا۔ ایک سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ سٹی ہاؤسنگ ڈیلرز ایسوسی ایشن سیالکوٹ نے ہمیشہ اپنے ممبران کی فلاح و بہبود کیلئے عملی اقدامات کیے ہیں سٹی ہاؤسنگ ڈیلرز ایسوسی ایشن سیالکوٹ الیکشن میں انشاء اللہ ممبران کو بہترین وقابل عہدیداران دینگے جس کیلئے بھرپور کمپیئن جاری ہے

ڈپٹی کمشنر ساہیوال شاہد محمود نے کہا ہے کہ شہر کی خوبصورتی کے لئے تمام متعلقہ محکموں کو مل کر کام کرنا ہو گا

شہریوں کو بہتر ماحول فراہم کرنے کے ساتھ ساتھ منصوبوں کی بروقت تکمیل کو بھی یقینی بنایا جا سکے

تمام متعلقہ محکمے ایک مربوط حکمت عملی کے تحت کام کریں تا کہ شہر کی صفائی ستھرائی، شجر کاری، اور دیگر ترقیاتی منصوبے بروقت مکمل کیے جا سکیں

ساہیوال (مہر اے ڈی نسیم سپرا سے) ڈپٹی کمشنر ساہیوال شاہد محمود نے کہا ہے کہ شہر کی خوبصورتی کے لئے تمام متعلقہ محکموں کو مل کر کام کرنا ہو گا تا کہ شہریوں کو بہتر ماحول فراہم کرنے کے ساتھ ساتھ منصوبوں کی بروقت تکمیل کو بھی یقینی بنایا جا سکے۔ انہوں نے یہ بات منٹگمری ہال میں شہر کی خوبصورتی کے لئے منعقدہ جائزہ اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کہی جس میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل غلام سرور، ڈپٹی ڈائریکٹر ڈویلپمنٹ محمد اکرم وٹو، سی او میونسپل کارپوریشن شیخ اشفاق احمد اور سٹی منیجر پلسیپ محمد اسجد خان سمیت پی ایچ اے، ہائی وے اور دیگر متعلقہ محکموں کے افسران نے بھی شرکت کی۔ ڈپٹی کمشنر شاہد محمود نے شہر کی خوبصورتی کو بڑھانے کے لئے منصوبوں کی پیش رفت کا جائزہ لیتے ہوئے زور دیا کہ تمام متعلقہ محکمے ایک مربوط حکمت عملی کے تحت کام کریں تا کہ شہر کی صفائی ستھرائی، شجر کاری، اور دیگر ترقیاتی منصوبے بروقت مکمل کیے جا سکیں۔ انہوں نے ہدایت دی کہ شہر کے اہم مقامات اور داخلی راستوں پر شجر کاری مہم کو تیز کیا جائے اور شہر کی سڑکوں اور فٹ پاتھوں کو بہتر بنانے کے اقدامات کیے جائیں۔

ہونہار سکالرشپ پروگرام طلباء کیلئے تاریخی ہے: مریم نواز

نئے بجٹ میں ہونہار سکالرشپ 50 ہزار تک بڑھانے کا اعلان سیکنڈ اور تھرڈ ایئر طلبہ کو بھی ہونہار سکالرشپ دینے کا اعلان 30 ہزار سکالرشپ کم ہیں زیادہ ہونا چاہیے

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) ہونہار سکالرشپ پروگرام طلباء کیلئے تاریخی ہے۔ GC یونیورسٹی سیالکوٹ میں خطاب۔ برے وقت کے ساتھیوں کو ناراض کر کے میرٹ یقینی بنایا ہے۔ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے دورہ سیالکوٹ کے دوران جی سی ویمن یونیورسٹی سیالکوٹ میں دوران خطاب کہا کہ 65 فیصد سے زائد نمبر لینے والے طلبہ کو میرٹ پر لیپ ٹاپ دے رہے ہیں۔ نئے بجٹ میں ہونہار سکالرشپ 50 ہزار تک بڑھانے کا اعلان سیکنڈ اور تھرڈ ایئر طلبہ کو بھی ہونہار سکالرشپ دینے کا اعلان 30 ہزار سکالر شپ کم ہیں زیادہ ہونا چاہیے۔ حکومت میرا ذاتی کاروبار نہیں عوام جواب دہ ہوں۔ مریم نواز شریف برے وقت میں ساتھ دینے ارکان اسمبلی کو بھی ناراض کر کے میرٹ کو یقینی بنایا پنجاب میں طلبہ کو ایک لاکھ ای بائیکس بلکل مفت دیں گے نوجوانوں کے لئے ترقی کے راستے بنانا ماں کا فرض ہے۔ سکالرشپ کی پہلی کھیپ آ گئی ہے۔ سیاسی وابستگی سے بالا تر ہو کر سب کو سکالرشپ دے رہے ہیں۔ ماں باپ کی دعاؤں کے طفیل آج وزیر اعلیٰ بنی ہوں۔ ہمارے خوامخواہ کے مخالفین نعرے لگاتے تھے لیکن آج تک ایک پائی کی بھی چوری ثابت نہیں کر سکے۔

ستائیس لاکھ سے زائد کے نادہندہ ریلوے اسٹیشن کی بجلی منقطع ہو گئی

فیسکو عملہ نے گزشتہ شام چنیوٹ کے مرکزی ریلوے اسٹیشن کی بجلی منقطع کرتے ہوئے میٹر اتار لیا

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) ستائیس لاکھ سے زائد کے نادہندہ ریلوے اسٹیشن کی بجلی منقطع ہو گئی تفصیلات کے مطابق فیسکو عملہ نے گزشتہ شام چنیوٹ کے مرکزی ریلوے اسٹیشن کی بجلی منقطع کرتے ہوئے میٹر اتار لیا جس وجہ سے ریلوے اسٹیشن پر مکمل تاریکی چھا گئی فیسکو عملہ کے مطابق ریلوے اسٹیشن 27 لاکھ 20 ہزار 588 روپے کا نادہندہ ہے جس کی ادائیگی کے لیے متعدد نوٹس بھجوا چکے ہیں دوسری طرف تاریکی ہونے کی وجہ سے اسٹیشن ماسٹر اور ریلوے عملہ موبائل کی لائٹس جلا کر کام کرتا رہا اسٹیشن ماسٹر کا کہنا تھا کہ وائرلیس سسٹم کے لیے بیک اپ موجود ہے جو چوبیس گھنٹے رہے گا ان کا کہنا تھا کہ واپڈا کی طرف سے ایک نوٹس موصول ہوا تھا جس کے متعلق اپنے افسرز کو آگاہ کر دیا تھا جبکہ عملہ کا کہنا تھا لائٹس نہ ہونے کی وجہ سے ٹکٹ دینے اور رقم لینے میں مشکلات ہیں مسافروں کو پلیٹ فارم پر گاڑیوں کو سوار ہونے اور اترنے میں دشواری کے علاوہ دیگر مشکلات کا سامنا تھا شہریوں کا کہنا ہے کہ عمارتوں کی تزئین و آرائش کی بجائے اس کے بلوں کی ادائیگی کر دی جائے تو آج ریلوے اسٹیشن پر تاریکی نہ ہوتی

حکیم لاء چیمبرز کیجانب سے سمبڑیال بار عہدیداران کے اعزاز میں ظہرانہ

حکیم اویس عادل قریشی ایڈووکیٹ قائدانہ صلاحیتوں کے مالک ہیں۔ کاظم علی باجوہ

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید سے) حکیم لاء چیمبرز کیجانب سے سمبڑیال بار عہدیداران کے اعزاز میں ظہرانہ۔ حکیم اویس عادل قریشی ایڈووکیٹ قائدانہ صلاحیتوں کے مالک ہیں۔ کاظم علی باجوہ۔ معروف رئیل اسٹیٹ بزنس مین چوہدری کاظم علی باجوہ آف معراج سٹی کی زیر صدارت حکیم لاء چیمبرز ڈسٹرکٹ کورٹس سمبڑیال کیجانب سے سمبڑیال بار ایسوسی ایشن کے نومنتخب عہدیداران کو استقبالیہ دیا گیا۔ اپنے بیان میں نومنتخب صدر و سیکرٹری سمبڑیال بار نے بڑے حکیم صاحب جناب ظہیر الاحسن قریشی آف شفاخانہ سعیدیہ روڈس کو بھرپور حمایت پر زبردست الفاظ میں خراج تحسین پیش کیا۔ اس موقع پر حکیم لاء چیمبرز سمبڑیال کی روح رواں حکیم صہیب عادل قریشی کی زیر قیادت معروف فوجداری و دیگر کورٹس وکیل رہنما حکیم اویس عادل قریشی ایڈووکیٹ ہائی کورٹس اور میڈم عاصمہ اویس قریشی ایڈووکیٹ ہائی کورٹس نے شرکاء کو پر تکلف ظہرانہ دیا۔ اس موقع پر معروف رئیل اسٹیٹ بزنس ٹائیکون کاظم علی باجوہ نے کہا کہ ہم نومنتخب صدر سمبڑیال بار رانا سمیع اللہ و سیکرٹری جنرل سمبڑیال بار چوہدری یاسر عرفان ڈھلوں و دیگر نومنتخب وکلاء رہنماؤں کو جیتنے پر دل کی اتھاہ گہرائیوں کیساتھ مبارکباد دیتے اور بار کی فلاح و ترقی کیلئے اپنے بھرپور تعاون کی یقین دہانی کراتے ہیں۔

21 ویں سالانہ محفل مبارک بسلسلہ ذکر سیدہ فاطمۃ الزہراؓ و جشن ولادت حضرت علی المرتضیٰؓ کا انعقاد

شرقپور شریف (نامہ نگار عامر مجید نوشاہی سے) 21 ویں سالانہ محفل مبارک بسلسلہ ذکر سیدہ فاطمہ الزہراؓ و جشن ولادت حضرت علی المرتضیٰؓ کا انعقاد، محفل پاک کی سرپرستی سجادہ نشین ایوان فقر نوشاہیہ شرقپور شریف، صاحبزادہ علامہ میاں نور محمد نصرت نوشاہی صاحب نے کی تفصیلات کے مطابق آستانہ عالیہ شرقپور شریف، عطائے اویسیہ قادریہ نوشاہیہ لاہور کی مین گلی میں 21 ویں سالانہ محفل مبارک کا انعقاد ہوا، جس میں ذکر سیدہ فاطمہ الزہراؓ اور جشن ولادت حضرت علی المرتضیٰ شیر خداؓ کو محبت و عقیدت کے ساتھ منایا گیا۔ محفل پاک کی سرپرستی سجادہ نشین ایوان فقر نوشاہیہ شرقپور شریف، صاحبزادہ علامہ میاں نور محمد نصرت نوشاہی صاحب نے فرمائی، جبکہ انتظامی امور پیر میاں ابو محمد اصغر علی قادری نوشاہی نے انجام دیے۔ محفل کی صدارت پیر سید سرفراز احمد شاہ، پیر سید عرفان احمد شاہ، پیر سید خادم حسین شاہ صابری اور باباجی مرزا مشتاق بیگ نے کی۔ نقابت کے فرائض پروفیسر محمد اسرار انور قادری نے سرانجام دیے، جبکہ تلاوت قرآن پاک قاری محمد عثمان نقشبندی نے کی۔ نعت شریف پیش کرنے کا شرف جناب تنویر احمد صابری، قاری محمد فیاض چشتی، قاری محمد صدیق نقشبندی اور محمد سجاد ہیرا شرقپوری کو حاصل ہوا۔ نقابت کی سعادت پروفیسر ندیم عباس شاہ نے حاصل کی

ضلعی دفتر میں پولیو کارڈ کے حصول کے لیے خصوصی کاؤنٹر قائم کر دیا گیا

بیرون ممالک سفر کرنے والے افراد کو پولیو سے بچاؤ کے حفاظتی قطرے پلانے اور پولیو کارڈ بنانے کی سہولت فراہم کر دی گئی

حافظ آباد (بیورو رپورٹ) چیف ایگزیکٹیو آفیسر ہیلتھ حافظ آباد ڈاکٹر ظہیر احمد اور ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر فائق علی تارڑ کا کہنا ہے کہ بیرون ممالک جانے والے افراد کی سہولت کے لیے محکمہ صحت حافظ آباد کے ضلعی دفتر میں پولیو کارڈ کے حصول کے لیے خصوصی کاؤنٹر قائم کر دیا گیا ہے جہاں بیرون ممالک سفر کرنے والے افراد کو پولیو سے بچاؤ کے حفاظتی قطرے پلانے اور پولیو کارڈ بنانے کی سہولت فراہم کر دی گئی ہے انکا کہنا تھا کہ پولیو ایک لاعلاج مرض ہے پوری دنیا سے پولیو کا خاتمہ ہو چکا ہے لیکن بدقسمتی سے اس وقت پاکستان اور افغانستان ہی دو ایسے ممالک ہیں جہاں پر پولیو وائرس اور اس سے متاثرہ مریض موجود ہیں۔ اسی وجہ سے پاکستان کو عالمی سطح پر مختلف سفری پابندیوں کا سامنا ہے۔ انٹرنیشنل ہیلتھ ریگولیشنز کے مطابق حالیہ دنوں میں پاکستان سے بین الاقوامی مسافروں کے لیے پولیو کارڈ ضروری قرار دے دیا گیا ہے۔ جس کے لیے سی ای او ہیلتھ کے دفتر میں پولیو کارڈ کے اجرا کے لیے کاؤنٹر بنا دیا گیا ہے۔ یاد رہے پولیو کارڈ بنوانے کے لیے پولیو ویکسین کے دو قطرے پینا بہت ضروری ہے۔ پولیو ویکسین ل※ بغیر بیرون ملک جانے والے مسافروں کو مشکلات کا سامنا اور سفر پر جانے سے روکا بھی جا سکتا ہے اس لیے ایک ذمہ دار اور محب وطن پاکستانی ہونے کا عملی مظاہرہ کرتے ہوئے بیرون ملک سفر سے پہلے پولیو سے بچاؤ کے دو حفاظتی قطرے ضرور پئیں اور اپنا پولیو کارڈ ضرور بنوائیں تا کہ آپ کو بیرون ملک سفر کرنے میں کسی قسم کی دشواری کا سامنا نہ کرنا پڑے اور آپ اس مرض سے بھی محفوظ رہ سکیں۔ پولیو ویکسین لیے بغیر پولیو کارڈ بنوانے کے لیے کسی غیر قانونی عمل سے گریز کریں اور دنیا سے پولیو کے خاتمے کی کاوشوں کا حصہ بنیں۔ اس سے پاکستان کے تمام شہری آزادی کے ساتھ بغیر اضافی سفری پابندیوں کے دنیا کے کسی بھی ملک میں آسانی اور باوقار انداز میں سفر کر سکیں گے۔

بسم اللہ چوک، مدینہ ٹاؤن میں افتخار سویٹ کے پلاٹ کی حدود پر سوالات

فیصل آباد: (بیورو رپورٹ) بسم اللہ چوک، مدینہ ٹاؤن میں افتخار سویٹ کے پلاٹ کی حدود پر سوالات فیصل آباد کے مدینہ ٹاؤن، بسم اللہ چوک میں واقع افتخار سویٹ کے پلاٹ کی حدود سے متعلق سوالات اٹھائے جا رہے ہیں۔ مقامی شہریوں کا کہنا ہے کہ یہ پلاٹ نقشے کی مقررہ حدود سے آگے بڑھا ہوا معلوم ہوتا ہے، جس سے آس پاس کے لوگوں کو مشکلات کا سامنا ہے۔ شہریوں نے ایف ڈی اے کے ڈی جی سے گزارش کی ہے کہ وہ اس معاملے کی شفاف طریقے سے جانچ کریں اور متعلقہ انسپکٹر کو ہدایت دیں کہ پلاٹ کا اصل نقشہ نکال کر صورتحال کو واضح کریں۔

سابق وزیر اعظم بی بی شہید ورلڈ کلاس لیڈر تھیں: خواجہ اویس مشتاق Asc

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) سابق وزیراعظم بی بی شہید ورلڈ کلاس لیڈر تھیں۔ خواجہ اویس مشتاق Asc۔ بینظیر بھٹو تعزیتی ریفرنس پر نائب صدر پی پی سینٹرل پنجاب کا اظہار خیال۔ ملک کے دیگر شہروں کی طرح سیالکوٹ میں بھی قائد عوام ذوالفقار علی بھٹو سابق وزیراعظم کی لخت جگر مسلم امہ کی پہلی منتخب سابقہ وزیراعظم بینظیر بھٹو شہید کی برسی کے موقع پر انکی بلندی درجات کیلئے تعزیتی ریفرنس زیر صدارت معروف قانون دان خواجہ اویس مشتاق ایڈووکیٹ سپریم کورٹ نائب صدر پاکستان پیپلز پارٹی سینٹرل پنجاب کے منعقد ہوا۔ اس موقع پر پارٹی عہدیداروں اور ورکرز کی کثیر تعداد سے خطاب کرتے ہوئے ٹکٹ ہولڈر این اے 71 ٹکٹ سیالکوٹ خواجہ اویس مشتاق ایڈووکیٹ سپریم کورٹ نے کہا کہ دو دفعہ وزیراعظم پاکستان منتخب ہونے والی محترمہ بینظیر بھٹو شہید کی شہادت سے عالم اسلام ایک بڑی مدبر و سیاسی بصیرت کی حامل بین الاقوامی سیاسی شخصیت سے محروم ہو گیا۔ گڑھی خدا بخش میں آج شہداء کے مقبروں پر ہزاروں کی تعداد میں پیپلز پارٹی کے جیالوں کے اجتماع میں صدر پاکستان آصف علی زرداری اور چیئرمین پاکستان پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری، آصفہ بھٹو زرداری و نیچے پارٹی قیادت دعائیہ تقریب کے بعد خطاب میں قائد عوام ذوالفقار علی بھٹو شہید و دیگر شہداء پیپلز پارٹی کے فلسفہ شہادت پر روشنی ڈالی۔

مریم نواز شریف کے ویژن ڈرگ فری پنجاب کے تحت منشیات فروشوں کیخلاف کریک ڈاؤن جاری

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) وزیر اعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز شریف کے ویژن ڈرگ فری پنجاب کے تحت منشیات فروشوں کیخلاف کریک ڈاؤن جاری پولیس ٹیم نے خفیہ اطلاعات پر ریڈ کر کے چار منشیات فروش ملزمان کو گرفتار کر لیا گرفتار منشیات فروش ملزمان کے قبضہ سے 1245 گرام چرس اور آئس برآمد ہوئی گرفتار منشیات فروش ملزمان کیخلاف تھانہ لالیاں، تھانہ کوٹ وساوا اور تھانہ لنگرانہ میں مقدمات درج۔ گرفتار منشیات فروش ملزمان میں محمد علی، اسد قلب اور قمر شامل، مزید تفتیش کا عمل جاری ہے، اپنی نسلوں کو منشیات کی لعنت سے بچانے کیلئے ضلع بھر میں سپیشل مہم کے تحت کریک ڈاؤن جاری ہے، ڈی پی او عبداللہ احمد کا کہنا ہے منشیات فروشوں کو کیفر کردار تک پہنچانے کیلئے معیاری تفتیش کے ساتھ سزائیں دلوائی جا رہی ہیں، آپ کے علاقہ میں منشیات فروشی کی صورت میں میرے نمبر 03237543444 پر اطلاع دیں۔

پاکستان تحریک انصاف کو دیوار سے لگانے والے خود دیوار میں لگ چکے ہیں: میاں شوکت علی

میرا دلیر قائد عمران خان جس کو بے گناہ جیل میں بند کیا ہوا ہے

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) پاکستان تحریک انصاف چنیوٹ کے صدر/ٹکٹ ہولڈر پی پی 95 میاں شوکت علی لھیم ایڈووکیٹ نے صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا۔ کہ پاکستان تحریک انصاف کو دیوار سے لگانے والے خود دیوار میں لگ چکے ہیں۔ میرا دلیر قائد عمران خان جس کو بے گناہ جیل میں بند کیا ہوا ہے، لیکن اس کے باوجود آج تک اس نے یہ نہیں کہا کہ مجھے باہر نکالوں۔ بانی چیئرمین عمران خان نے تمام حکومتی آفرز کو ٹھکرا کر ثابت کر دیا ہے، کہ وہ نہ جھکے گا اور نہ کبھی اپنے قوم کا سر جھکنے دیگا، اس نے کہا کہ میرا جینا مرنا پاکستان میں ہے اور میں کبھی اپنا ملک چھوڑ کر باہر نہیں جاؤں گا۔ عمران خان کو متعدد بار کہا گیا کہ آپ بنی گالا یا خیبر پختونخواہ چلے جاؤ لیکن مرد قلندر عمران خان نے صاف انکار کر دیا۔ پاکستان تحریک انصاف کا صرف ایک ہی مطالبہ ہے، کہ 9 مئی اور 26 نومبر کی جوڈیشل انکوائری کروائی جائے، اور عمران خان سمیت پارٹی لیڈرشپ اور بے گناہ پارٹی کارکنان کو رہا کیا جائے۔

بجلی کا زائد لوڈ، ٹیکنیکل و لائن لاسز کو کنٹرول کرنے اور بلا تعطل بجلی کی فراہمی کے لیے مزید ایک نئے فیڈر کا اضافہ

اہلیان علاقہ کا نئے فیڈر کی فراہمی پر لیسکو افسران و ملازمین کو خراج تحسین

چھانگا مانگا (میاں شفیق احمد سے) چھانگا مانگا لیسکو سب ڈویژن ویسٹ الہ آباد کا عوام کے لئے احسن اقدام، بجلی کا زائد لوڈ، ٹیکنیکل و لائن لاسز کو کنٹرول کرنے اور بلا تعطل بجلی کی فراہمی کے لیے مزید ایک نئے فیڈر کا اضافہ، اہلیان علاقہ کا نئے فیڈر کی فراہمی پر لیسکو افسران و ملازمین کو خراج تحسین، تفصیلات کے مطابق الہ آباد 132 کے وی لیسکو واپڈا گریڈ اسٹیشن سے کھلن فیڈر پر زیادہ لوڈ و وولٹیج ڈراپ اور لائن لاسز کو کنٹرول کرنے کے لئے نیا فیڈر اور نئی گیارہ ہزار ایچ ٹی لائن بچھا دی گئی الہ آباد گریڈ اسٹیشن سے بھاگیوال فیڈر کی منظوری سے قصور کے سب سے بڑے قصبہ کھلن ہٹھاڑ کو الگ سے بطور (EM) فیڈر سپلائی دیکر عوامی دیرینہ مطالبہ بھی پورا کر دیا گیا ہے۔ اب الہ آباد گریڈ اسٹیشن کے مجموعی فیڈرز کی تعداد 16 ہو گئی ہے نئی واپڈا لائن سے اب کھلن ہٹھاڑ کو خراب موسم میں بھی بلا تعطل بجلی کی فراہمی ممکن رہے گی۔ نئے 11KV بھاگیوال فیڈر کو باقاعدہ فنکشنل کروانے پر مقامی معززین و اہلیان علاقہ چوہدری امیر علی صابر، عبدالباسط حیدری، چوہدری اختر ضیاء، قاسم صدیق ضیاء، بابا عبدالغفور، حافظ وحید اشرف، ابرار حسین گیلانی و دیگر نے ایس ڈی او لیسکو سب ڈویژن ویسٹ انجینئر عاشق علی انچارج گریڈ اسٹیشن چوہدری مشتاق، نائب انچارج وکیل احمد، لائن سپرنٹنڈنٹ محمد عبداللہ، رانا عمران (SSA) و دیگر لیسکو ملازمین کی کاوش کو سراہا ہے۔

فیصل آباد: وویمن چیمبر آف کامرس کے وفد کی سی پی او فیصل آباد سے ملاقات، پولیس خدمات کی تعریف

فیصل آباد: (میاں محمد ساجد) سٹی پولیس آفیسر ڈی آئی جی کامران عادل کی وویمن چیمبر آف کامرس کے وفد کے ساتھ پولیس لائن کمیونٹی انگیجمنٹ سنٹر میں اہم ملاقات ہوئی۔ اس میٹنگ میں وویمن چیمبر آف کامرس کی پریذیڈنٹ شاہدہ آفتاب، سینئر پریذیڈنٹ کرسٹینا پیٹر، وائس پریذیڈنٹ میمونہ عمران سمیت دیگر خواتین ممبران نے شرکت کی۔ میٹنگ کے دوران ایس ایچ او وویمن انسپکٹر گلناز اور فرینڈز آف پولیس انچارج سب انسپکٹر فرح بتول بھی موجود تھیں۔ ڈی آئی جی کامران عادل نے وفد کو پولیس کے مختلف شعبہ جات، بشمول خدمت مرکز، پولیس کمیونٹی انگیجمنٹ سنٹر، میثاق سینٹر، تحفظ سینٹر، سائبر کرائم، وویمن سیفٹی، فرینڈز آف پولیس، اور چائلڈ ابیوز یونٹ کے حوالے سے تفصیلی آگاہی فراہم کی۔ میٹنگ کے بعد وفد کو پولیس کمیونٹی انگیجمنٹ سنٹر اور شاہد آرٹ گیلری کا دورہ کروایا گیا۔ اس دوران انسپکٹر گلناز نے وفد کو تھانہ وویمن، تھانہ کوتوالی خدمت مرکز، اور رورل پولیس اسٹیشن کے دفاتر کا دورہ کروا کر ان کی کارکردگی کے بارے میں بریفنگ دی۔ سی پی او فیصل آباد نے وفد کی خدمات کے اعتراف میں انہیں اعزازی شیلڈز پیش کیں۔ وفد نے پولیس کے اقدامات کی تعریف کرتے ہوئے پولیس کی عوامی خدمات اور سہولیات کو سراہا اور ان کا شکریہ ادا کیا۔

کمشنر فیصل آباد مریم خان نے بغیر اطلاع اچانک چلڈرن ہسپتال جھنگ روڈ کا دورہ کیا

کمشنر نے ہسپتال داخل ہوتے ہی خواتین سے ان کے بچوں کی بیماری اور ڈاکٹر کی طرف سے چیک اپ کے بارے میں تفصیل لی

فیصل آباد (ملک بشیر احمد) کمشنر فیصل آباد مریم خان نے بغیر اطلاع اچانک چلڈرن ہسپتال جھنگ روڈ کا دورہ کیا۔ ڈپٹی کمشنر کیپٹن (ر) ندیم ناصر بھی ہمراہ تھے۔ کمشنر نے ہسپتال داخل ہوتے ہی خواتین سے ان کے بچوں کی بیماری اور ڈاکٹر کی طرف سے چیک اپ کے بارے میں تفصیل لی اور ڈاکٹرز کے نسخہ اور رپورٹس چیک کیں۔ انہوں نے ڈاکٹرز سے طبی مشینری کے فعال ہونے کے بارے میں دریافت کیا اور کہا کہ ہسپتال کو شکایت فری اور صفائی کا اعلیٰ معیار ہمہ وقت یقینی بنائیں۔ انہوں نے ہسپتال کی اپ گریڈیشن کے جاری کام کا معائنہ کیا اور ہدایت کی کہ 136 بیڈز کے پیڈیاٹرک وارڈ کو بلا تاخیر فعال بنائیں۔ کمشنر میڈیکل ایمرجنسی وارڈ سمیت دیگر شعبوں میں بھی گئیں اور کہا کہ دستیاب وسائل کو دانشمندانہ انداز میں بروئے کار لا کر مریض بچوں کو طبی سہولیات فراہم کریں۔ طبی و انتظامی امور میں خلاء قابل قبول نہیں۔ کمشنر نے چلڈرن ہسپتال جھنگ روڈ میں زیر تعمیر چائلڈ ڈویلپمنٹ سنٹر کو بھی چیک کیا اور کہا کہ چائلڈ ڈویلپمنٹ سنٹر کے ساتھ پیشنٹ سٹیلیکیشن کا کام بھی مکمل کریں۔

جامعہ احیاء العلوم العربیہ مسجد حیات النبی عیدگاہ روڈ چنیوٹ میں معروف نعت خواں حافظ محمد بلال چشتی مرحوم کی یاد میں تعزیتی سیمینار کا انعقاد

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹ) جامعہ احیاء العلوم العربیہ مسجد حیات النبی عیدگاہ روڈ چنیوٹ میں معروف نعت خواں حافظ محمد بلال چشتی مرحوم کی یاد میں تعزیتی سیمینار کا انعقاد ضلع بھر کے علما کرام کی کثیر تعداد میں شرکت مرحوم کی دینی خدمات پر انہیں زبردست خراج تحسین پیش کیا گیا اسیر ختم نبوت مولانا محمد حسین چنیوٹی، بانی انٹرنیشنل قرآنی سنٹر مودمنٹ مولانا قاری محمد یامین گوہر چنیوٹی، سرپرست وفاق المدارس چنیوٹ مولانا قاری عبدالحمید حامد، مولانا پیر سیف اللہ خالد، مولانا ملک خلیل احمد اشرفی سرپرست، مولانا زاہد معاویہ، قاری محمد طلحہ شبراتی قاری عبدالرحمن شبراتی مولانا محمد طاہر رشید، مہر لیاقت حسین و دیگر نے اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ حافظ محمد طاہر بلال چشتی مرحوم نے اپنی ساری زندگی دین اسلام ختم نبوت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے لئے وقف کر رکھی تھی انکی خدمات کو رہتی دنیا تک یاد رکھا جائیگا

ادویات کی قیمتوں میں ہوشربا اضافہ باعث تشویش ہے: عباد اظہر بھٹی

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) ادویات کی قیمتوں میں ہوشربا باعث تشویش ہے۔ عباد اظہر بھٹی۔ عام آدمی پہلے ہی مہنگائی کی چکی میں پس رہا ہے۔ معروف ایکسپورٹر۔ ملک میں ادویات ساز کمپنیوں نے عام میڈیسن ہو یا جان بچانے والی ادویات ہر ایک کی قیمتوں میں بے پناہ اضافہ کر دیا ہے۔ حکومتی ریگولیٹری اتھارٹی کی استعداد کار پر سوالیہ نشان اسوقت تقویت پکڑتا ہے جب مارکیٹ میں ادویات کی قیمتوں میں مسلسل اور ہوش ربا اضافے کا شکار عام پاکستانی اپنے مریضوں کیلئے دربدر خوار ہو رہے ہوتے ہیں۔ ان باتوں کا اظہار معروف ایکسپورٹر و سوشل ایکٹوسٹ عباد اظہر بھٹی نے اپنے ایک میڈیا بیان میں کیا۔ گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ عوام الناس پہلے ہی اشیائے صرف، بجلی، تیل گیس کی قیمتوں میں اضافے کا سامنا کر رہی ہے

حافظ آباد میں قصابوں اور گوالوں نے ڈسٹرکٹ پرائس کنٹرول کمیٹی کی جانب سے گوشت اور دودھ کی مقررہ قیمتوں کی دھجیاں اڑا دیں

حافظ آباد (بیورو رپورٹ) حافظ آباد میں قصابوں اور گوالوں نے ڈسٹرکٹ پرائس کنٹرول کمیٹی کی جانب سے گوشت اور دودھ کی مقررہ قیمتوں کی دھجیاں اڑا دیں۔ تفصیلات کے مطابق ڈسٹرکٹ پرائس کنٹرول کمیٹی نے چھوٹے گوشت کی فی کلو قیمت 1600/- روپے اور بڑے گوشت کی قیمت 8 سو روپے کلو مقرر کر رکھی ہے لیکن ضلع بھر میں چھوٹا گوشت 22 سو روپے کلو میں اور بڑا گوشت ایک ہزار سے بارہ سو روپے کلو میں سر عام فروخت ہو رہا ہے اور اسی طرح پرائس کنٹرول کمیٹی نے دودھ کی قیمت 170 روپے کلو مقرر کر رکھی ہے لیکن یہ ضلع بھر میں 190 روپے سے 200 روپے کلو میں فروخت کیا جا رہا ہے۔ جبکہ دودھ بھی ملاوٹی اور مضر صحت ہوتا ہے۔ جس کی روک تھام میں پنجاب فوڈ اتھارٹی کی ٹیمیں بھی ناکام ہو کر رہ گئی ہیں

مصطفائی تحریک کے زیر اہتمام ولادت حضرت سیدنا مولا علی علیہ السلام کے سلسلہ میں ایک تقریب یہاں عبدالستار شاہد کی رہائشگاہ پر منعقد ہوئی

حافظ آباد (نمائندہ خصوصی) مصطفائی تحریک کے زیر اہتمام ولادت حضرت سیدنا مولا علی علیہ السلام کے سلسلہ میں ایک تقریب یہاں عبدالستار شاہد کی رہائشگاہ پر منعقد ہوئی جس میں مصطفائی تحریک کے اراکین کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔ اس موقع پر ممتاز عالم دین پروفیسر ناصر علی قادری نے خلیفہ چہارم حضرت سیدنا علی المرتضیٰ شیر خداؓ کی خدمات کو زبردست الفاظ میں خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ فاتح خیبر حضرت سیدنا علی المرتضیٰ شیر خداؓ نے جراءت و بہادری کی جو تاریخ رقم کی اس سے کفر کے ایوانوں میں آج بھی لرزا طاری ہوتا ہے۔

حافظ اباد کے علاقہ ناہریانوالہ کے قریب نہر جھنگ سے نامعلوم خاتون کی بوری بند نعش ملی ہے

حافظ آباد (نمائندہ خصوصی) حافظ اباد کے علاقہ ناہریانوالہ کے قریب نہر جھنگ سے نامعلوم خاتون کی بوری بند نعش ملی ہے۔ پولیس تھانہ کالیکی کے مطابق نعش مسخ شدہ ہے اور اسکی شناخت نہ ہو رہی ہے۔ نامعلوم ملزمان نے خاتون کو قتل کے بعد بوری میں بند کر کے نعش کو نہر میں بہا دیا۔ نہر میں نعش دیکھنے پر دیہاتیوں نے پولیس کو اطلاع کی جس پر پولیس تھانہ کالیکی نے موقع پر پہنچ کر ریسکیو 1122 کی مدد سے نعش کو نہر سے برآمد کروا کے پوسٹ مارٹم کے لیے ڈی ایچ کیو ہسپتال منتقل کر دیا ہے جبکہ ملزمان کی تلاش جاری ہے۔

نومنتخب صدر محمد عثمان چٹھہ ایڈووکیٹ اور سیکریٹری جنرل علی رضا بھٹی کو مبارکباد

حافظ آباد (بیورو رپورٹ) ق لیگ کے ضلعی صدر محمد آصف چٹھہ، صرافہ بازار کے راہنما رانا مقصود اختر، حافظ محمد اکمل اور ممتاز قانون دان محمد آصف ایڈووکیٹ نے گذشتہ روز ڈسٹرکٹ بار میں جا کر بار کے نومنتخب صدر محمد عثمان چٹھہ ایڈووکیٹ اور سیکریٹری جنرل علی رضا بھٹی کو مبارکباد دی اور انہیں پھولوں کا گلدستہ پیش کیا۔

نجی بنک سے اڑھائی لاکھ روپے نکلوا کر جانے والے کو چند گز کے فاصلے پر ڈاکوؤں نے لوٹ لیا

ذوالفقار نجی بنک سے 2 لاکھ 50 ہزار روپے نکلوا کر گاؤں جا رہا تھا کینال پارک کے قریب ڈاکوؤں نے گن پوائنٹ پر چھین لیے

نارنگ منڈی (نمائندہ خصوصی) نجی بنک سے اڑھائی لاکھ روپے نکلوا کر جانے والے کو چند گز کے فاصلے پر ڈاکوؤں نے لوٹ لیا کالا خطائی کا رہائشی ذوالفقار نجی بنک سے 2 لاکھ 50 ہزار روپے نکلوا کر گاؤں جا رہا تھا کینال پارک کے قریب ڈاکوؤں نے گن پوائنٹ پر چھین لیے نارنگ بلڈنگ میٹریل سٹور پر گاہک کے روپ میں آئے ڈاکو نے دوکاندار کو باتوں میں لگا کر 1 لاکھ روپے چھین لیے آدھی رقم نیچے گر گئی ڈاکو 50 ہزار روپے چھین کر بھاگ نکلے نواحی گاؤں دودھے میں کھیتوں کے باہر کھڑی صادق کی ہنڈا 70 موٹر سائیکل چوری ہو گئی سوداگر پورہ میں سفیان کی حویلی سے 1 لاکھ 20 ہزار روپے مالیت کے دو بکرے چوری ہو گئے نارنگ منڈی پولیس نے مقدمات درج کر کے تفتیش آغاز کر دیا ہے۔

کوٹ رادھاکشن پاک بازار جامعہ نور القرآن مرکزی مسجد نور میں تکمیل قرآن کی تقریب سعید ہوئی

جس میں جامعہ کے طالب علم حافظ محمد فیضان ولد محمد امین نے قرآن مجید مکمل کرنے کی سعادت حاصل کی

کوٹ رادھاکشن (حاجی محمد رمضان تحصیل رپورٹر سے) کوٹ رادھاکشن پاک بازار جامعہ نور القرآن مرکزی مسجد نور میں تکمیل قرآن کی تقریب سعید ہوئی جس میں جامعہ کے طالب علم حافظ محمد فیضان ولد محمد امین نے قرآن مجید مکمل کرنے کی سعادت حاصل کی۔ جامعہ نور القرآن کے امام و خطیب اور مدارس حافظ محمد شاہد نے خطاب کرتے ہوئے فرمایا جامعہ نور القرآن کافی عرصے دراز سے قرآن مجید کی تعلیم کے لیے کوشاں ہیں جو لوگ قرآن مجید کی تعلیم سے وابستہ ہیں وہ دنیا اور آخرت میں کامیاب ہوں گے اور مزید آپ نے فرمایا جامعہ سے اس وقت 201 کے قریب حفظ القرآن فارغ ہو چکے ہیں اس موقع پر علماء کرام، انتظامیہ اور انجمن تاجران پاک بازار نے شرکت کی اور آخر میں امن کمیٹی کے ممبر مولانا محمد ارشاد حسین نقشبندی نے دعا فرمائی

اکنامک رجسٹری کے تحت مستحق گھرانوں کی رجسٹریشن جاری

رمضان پیکج کے تحت اشیاء کی فراہمی اور دیگر مالی مراعات کیلئے آئندہ دس روز کے اندر پی ایس ای آر کی رجسٹریشن لازمی قرار دے دی گئی ہے

ننکانہ صاحب (چوہدری محمد عرفان گجر) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایت پر ضلع ننکانہ صاحب میں سوشیو اکنامک رجسٹری کے تحت مستحق گھرانوں کی رجسٹریشن جاری ہے۔ رمضان پیکج کے تحت اشیاء کی فراہمی اور دیگر مالی مراعات کیلئے آئندہ دس روز کے اندر پی ایس ای آر کی رجسٹریشن لازمی قرار دے دی گئی ہے۔ جس کیلئے ضلع کی تمام یونین کونسل کے دفاتر میں رجسٹریشن سنٹرز قائم کیے گئے ہیں جبکہ ضلع کی تینوں تحصیلوں کے میونسپل کمیٹیز کے دفاتر میں بھی رجسٹریشن سنٹرز فعال کیے گئے ہیں، جہاں روزانہ کی بنیاد پر شہریوں کی رجسٹریشن جاری ہے۔ ان خیالات کا اظہار ڈپٹی کمشنر ننکانہ صاحب محمد تسلیم اختر راو نے میونسپل کمیٹی ننکانہ صاحب کے دفتر میں قائم رجسٹریشن سنٹر کا دورہ کرتے ہوئے کیا۔ اسسٹنٹ کمشنر وجیہہ ثمرین سمیت دیگر افسران بھی ڈپٹی کمشنر کے ہمراہ تھے۔ انہوں نے کمپیوٹر پر رجسٹریشن کے اندراج، شہریوں کے بیٹھنے کے لیے کرسیوں سمیت دیگر انتظامات کا جائزہ لیا۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر ننکانہ صاحب محمد تسلیم اختر راو نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ شہری نزدیکی سنٹر میں جا کر اپنی بروقت مفت رجسٹریشن کرائیں۔ رمضان پیکج، کسان کارڈ، ہمت کارڈ، ہیلتھ کارڈ، لائیو سٹاک کارڈ اور دیگر فلاحی پروگرامز کیلئے اہل ہونے اور استفادہ کے لیے دس روز کے اندر اپنی رجسٹریشن یقینی بنائیں۔

ڈپٹی کمشنر ننکانہ صاحب محمد تسلیم اختر راو نے بنیادی مرکز صحت کھیاڑے کلاں میں جاری ری ویمپنگ کے کاموں کا جائزہ لیا

ڈپٹی ڈائریکٹر ڈویلپمنٹ حماد یوسف نے تعمیراتی کاموں بارے بریفنگ دی

ننکانہ صاحب (چوہدری محمد عرفان گجر) ڈپٹی کمشنر ننکانہ صاحب محمد تسلیم اختر راو نے بنیادی مرکز صحت کھیاڑے کلاں میں جاری ری ویمپنگ کے کاموں کا جائزہ لیا۔ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل رائے ذوالفقار علی، اسسٹنٹ کمشنر ننکانہ وجیہہ ثمرین، ڈپٹی ڈائریکٹر ڈویلپمنٹ حماد یوسف، ڈپٹی ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ رانا عنصر جمیل، سی او ہیلتھ ڈاکٹر محمد طلحہ شیروانی سمیت دیگر افسران بھی ہمراہ تھے۔ ڈپٹی ڈائریکٹر ڈویلپمنٹ حماد یوسف نے تعمیراتی کاموں بارے بریفنگ دی۔ ڈپٹی کمشنر نے بنیادی مرکز صحت کی ری ویمپنگ کے دوران استعمال ہونے والے میٹریل کی کوالٹی کا جائزہ لیتے ہوئے کہا کہ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف کے ویژن پر سرکاری ہسپتالوں میں عوام کو بہترین طبی سہولیات کی فراہمی کے لئے ضلعی انتظامیہ کوشاں ہے۔ ضلع کے 04 بنیادی مراکز صحت اور 17 دیہی مراکز صحت کی ری ویمپنگ (از سر نو تعمیر و تزئین و آرائش) کا کام تیزی سے جاری ہے۔ ڈی سی ننکانہ نے کہا کہ ری ویمپنگ کا عمل آخری مراحل میں داخل ہو چکا ہے، ہسپتالوں کی بدلی ہوئی حالت پر عوام خوشی محسوس کریں گی اور موجودہ حکومت کو دعائیں دیں گے۔ انہوں نے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب کے "صحت پروگرام" کے تحت مریضوں کو گھر کی دہلیز پر ادویات کی مفت فراہمی یقینی بنائی جا رہی ہے

شہر بھر سے تجاوزات کو دور کروا کے بازاروں اور شاہراؤں کو کشادہ کرنے پر ڈپٹی کمشنر عبدالرزاق اور وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف کا شکریہ

حافظ آباد (نمائندہ خصوصی) مسلم لیگ ن کے سابق ضلعی سیکریٹری اطلاعات پرویز رشید نے ضلعی انتظامیہ کی جانب سے شہر بھر سے تجاوزات کو دور کروا کے بازاروں اور شاہراؤں کو کشادہ کرنے پر ڈپٹی کمشنر عبدالرزاق اور وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف کا شکریہ ادا کیا ہے اور کہا ہے کہ اس سے نہ صرف ٹریفک کی روانی بہتر ہوئی ہے بلکہ راہگیروں کو چلنے میں درپیش مشکلات کا بھی ازالہ ہوا ہے

ڈائریکٹر جنرل ایف ڈی اے محمد آصف چوہدری کی ہدایات پر غیر قانونی اور نادہندہ ہاؤسنگ سکیموں کے خلاف کارروائیوں کا سلسلہ جاری

فیصل آباد (مسعود احمد بھٹہ) ڈائریکٹر جنرل ایف ڈی اے محمد آصف چوہدری کی ہدایات پر غیر قانونی اور نادہندہ ہاؤسنگ سکیموں کے خلاف کارروائیوں کا سلسلہ جاری ہے اس سلسلے میں ایف ڈی اے کی انفورسمنٹ ٹیم نے آپریشن کرتے ہوئے نڑوالا روڈ پر پانچ غیر قانونی ہاؤسنگ سکیموں کے تعمیراتی ڈھانچوں کو مسمار، دفاتر کو سربمہر اور مختلف نوعیت کا دفتری و تعمیراتی سامان قبضہ میں لے لیا۔ تفصیلات کے مطابق ڈی جی ایف ڈی اے کی طرف سے تفویض کردہ اہداف پر عملدرآمد کیلئے ڈائریکٹر ٹاؤن پلاننگ اسماء محسن کی نگرانی اسٹیٹ آفیسر میاں قمر شہزاد کی سربراہی میں بلڈنگ انسپکٹرز اسلم انصاری، اسلم گجر اور دیگر سٹاف پر مشتمل ایف ڈی اے کی انفورسمنٹ ٹیم نے نڑوالا پر انسپکشن کی تو وہاں مختلف علاقوں میں غیر قانونی ہاؤسنگ سکیمیں قائم کرنے کی کوشش کی جا رہی تھی

ایڈیٹوریل DAILY QUWAT

quwateditorial786@gmail.com

نوٹ: ادارہ تمام کالم نیک نیتی کی بنیاد پر شائع کرتا ہے لہٰذا کسی بھی کالم نگار کی رائے سے ادارے کا متفق ہونا ضروری نہیں

آپریشن میں 27 دہشتگرد جہنم واصل! آرمی چیف کا پیچھے نہ ہٹنے کا عزم

سکیورٹی فورسز نے بلوچستان کے ضلع کچھی میں دہشتگردوں کے خلاف آپریشن کے دوران شدید فائرنگ کے تبادلے کے بعد 27 دہشت گردوں کو جہنم واصل کر دیا۔ آپریشن کے دوران متعدد ٹھکانوں بشمول اسلحہ، گولہ بارود اور دھماکہ خیز مواد کی بھاری کھیپ کو بھی تباہ کر دیا گیا۔ سکیورٹی فورسز نے دہشت گردوں کی موجودگی کی اطلاع پر انٹیلی جنس پر مبنی آپریشن کیا، آپریشن کے دوران فوجی جوانوں نے چھپے ہوئے دہشت گردوں کے ٹھکانے کو گھیرے میں لے لیا اور شدید فائرنگ کے تبادلے کے بعد 27 دہشت گردوں کو جہنم واصل کر دیا گیا۔ مارے گئے دہشت گرد سکیورٹی فورسز کیساتھ ساتھ معصوم شہریوں کیخلاف دہشتگردی کی متعدد کارروائیوں میں ملوث تھے اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کو انتہائی مطلوب تھے۔ ضربِ عضب اپریشن میں دہشت گردوں کی کمر توڑ کے رکھ دی گئی تھی۔ ان کے شمالی وزیرستان میں مضبوط ٹھکانے تھے۔ حکومتی رٹ ختم ہو چکی تھی۔ بہت سے علاقے نو گو ایریاز بن چکے تھے۔ یہ خود کو ناقابل تسخیر باور کرواتے تھے۔ حکومت نے ان کے ساتھ مذاکرات کے ذریعے معاملات طے کرنے کی کوشش کی۔ اس کا جواب سنجیدگی سے نہ دیا گیا تو ضرب عضب اپریشن کے ذریعے ان کے ٹھکانے تباہ کر دیے گئے۔ انہی علاقوں میں ان کی تربیت گاہیں اور اسلحہ ساز فیکٹریاں بھی تھیں۔ قوم پاک فوج کے شانہ بشانہ تھی۔ دہشت گرد کڑے اپریشن کا مقابلہ نہ کر سکے۔ اپنے ٹھکانے چھوڑ کر بھاگے۔ انہوں نے افغانستان میں جا کے پناہ لی۔ ان میں سے کچھ پاکستان کے مختلف علاقوں میں چھپ گئے۔ روزانہ کی بنیاد پر دہشت گردی کے ہونے والے کئی واقعات مہینوں بعد ایک آدھ معمولی واقعہ تک محدود ہو گئے۔ فورسز کی طرف سے دہشت گردی کے خاتمے میں اپنا کردار ادا کر دیا گیا مگر سول حکومتوں کی طرف سے دہشت گردوں سے خالی کرائے گئے علاقوں میں ایک تو مکمل طور پر ری ہیبلیٹیشن نہ ہو سکی دوسرے مکمل حکومتی عملداری کا بھی فقدان رہا۔ 2018 میں پی ٹی آئی کی حکومت آئی تو اس دوران ٹی ٹی پی کے لوگوں کو افغانستان سے پاکستان آنے کی اجازت دے دی گئی۔ جس سے حالات بگڑنا شروع ہوئے۔ آج بلوچستان اور خیبر پختون خواہ کے کئی علاقے پھر دہشت گردی کی لپیٹ میں آ چکے ہیں۔ ہر تیسرے روز دہشت گردی کا بڑا واقعہ ہو جاتا ہے۔ جس میں دہشت گرد تو جہنم واصل ہوتے ہی ہیں اس کے ساتھ ساتھ پاک فوج کے افسر اور جوان بھی اپنی جانیں قربان کرتے ہیں۔ کچھی میں فورسز کی طرف سے بھرپور آپریشن کیا گیا ہے۔ یہ بہترین منصوبہ بندی کے تحت کیا گیا۔ جس میں 27 دہشت گرد جہنم واصل ہوئے۔ ان میں ایک افغان جاسوس بھی شامل ہے۔ محمد خان عرف عبداللہ پکتیکا افغانستان کا رہائشی تھا۔ اس کی ہلاکت افغان ایجنسیوں کے پاکستان میں دہشت گردی میں ملوث ہونے کا مزید ثبوت ہے۔ یہ افغان ایجنسی کے لیے کام کرتا تھا۔ قلعہ عبداللہ میں دہشت گردوں کو اسلحہ اور گولہ بارود سمگل کرتا تھا۔ جو مختلف علاقوں میں دہشت گردی کے لیے استعمال ہوتا تھا۔ اس طرح کے اور بھی جاسوس اور دہشت گرد پاکستان میں چھپے ہوئے ہیں۔ کئی افغان مہاجرین کے بھیس میں ہیں۔ کئی مہاجرین دہشت گردوں کی سہولت کاری بھی کرتے ہیں۔ اب افغانستان میں پہلے جیسے دگرگوں حالات نہیں ہیں لہٰذا بلا امتیاز و تخصیص تمام مہاجرین کو اپنے وطن واپس لوٹ جانا چاہیے۔ ان میں سے کون پر امن شہری کے طور پر پاکستان میں موجود ہے کون دہشت گرد ہے کون دہشت گردوں کا سہولت کار ہے۔ ان کی پہچان ممکن نہیں لہٰذا ہر کسی کو شک کی نگاہ سے دیکھا جا سکتا ہے۔ ان کے لیے بہتر ہے کہ یہ خود ہی پاکستان چھوڑ دیں۔ کچھی میں ہونے والے آپریشن پر صدر آصف علی زرداری اور وزیراعظم میاں محمد شہباز شریف کی طرف سے فورسز کو خراج تحسین پیش کیا گیا ہے۔ آئی ایس پی آر کی طرف سے کہا گیا ہے کہ قوم بہادر فورسز کے شانہ بشانہ کھڑی ہے۔ پاک فوج کے سربراہ جنرل عاصم منیر کا کہنا ہے کہ دشمن خوف پھیلانے کی کوشش کرے گا مگر ہم پیچھے نہیں ہٹیں گے اور ملک میں امن کو خراب کرنے کی ہر کوشش کا فیصلہ کن اور بھرپور جواب دیا جائے گا۔ شیطانی قوتوں کے خلاف یکجا کھڑے ہیں سرحدوں کے اندر اور باہر دہشت گرد تنظیموں کی آپریشنل صلاحیتوں کو کامیابی سے کم کر دیا ہے ملک میں سرگرم اہم دہشت گرد رہنماؤں کا خاتمہ ان کے نیٹ ورک اور انفراسٹرکچر کو تباہ کر کے یہ پیغام دیا گیا ہے کہ دہشت گردی کی ہمارے ملک میں کوئی جگہ نہیں یہ جنگ جاری رہے گی اور ہم اسے منطقی انجام تک پہنچائیں گے۔ جنرل سید عاصم منیر نے پشاور کا دورہ کیا جہاں انہیں ملکی سکیورٹی صورتحال اور فتنہ الخوارج کے خلاف جاری اپریشنز پر تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ اس موقع پر وفاقی وزیر داخلہ اور وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا بھی موجود تھے۔ آرمی چیف کی طرف سے کہا گیا کہ دشمن اختلاف اور خوف کے بیج بونے کی کوشش کر سکتا ہے۔ دشمن عناصر سے آہنی ہاتھوں سے نمٹا جائے گا اور وہ مزید بھاری نقصان اٹھائیں گے۔ آرمی چیف نے ہر اپریشن کو سکیورٹی فورسز کے عزم، پیشہ ورانہ صلاحیت اور تیاری کا ثبوت قرار دیتے ہوئے کہا کہ پاک فوج کے جوان مادرِ وطن کی خود مختاری کے تحفظ کے لیے پرعزم ہیں اور پاک فوج و قانون نافذ کرنے والے ادارے ایک ناقابل شکست قوت کے طور پر متحد ہیں۔ سیاست میں اختلافات ہوتے رہتے ہیں مگر قومی سلامتی خود مختاری کے تحفظ اور دہشت گردوں کی بیخ کنی کے لیے پوری قوم یک جان، یک جا اور یکتا ہے۔ دہشت گردی کے خاتمے کے لیے پاکستان کے پاس قومی اتحاد سب سے بڑا ہتھیار ہے۔ پاکستان میں امن کے قیام کے لیے پاک فورسز کے سپوت اپنی جانیں قربان کر رہے ہیں۔ جس کا قوم کو ادراک ہے۔ اپنی جانوں کو قوم کے پرامن اور تابناک مستقبل کیلئے قربان کرنے والے سپوتوں کی قوم معترف، ممنون، شکرگزار اور احسان مند ہے۔ دہشت گردی کو جڑوں سے ختم کرنے کے لیے قوم متحد ہے۔ فورسز سے توقع کرتی ہے کہ کومہنگ آپریشن کے ذریعے بلوں میں گھسے ہوئے دہشت گردوں کو منطقی انجام تک پہنچایا جائے۔ ضرب عزب جیسے اپریشن کی ضرورت محسوس ہوتی ہے تو اسے دوبارہ شروع کرنے سے گریز نہ کیا جائے۔

شیر خدا کی آمد مرحبا

لاٹھی چارج

غلام عباس

0300-6454370

مولائے کائنات حضرت علی علیہ اسلام فرمایا کرتے تھے کہ ''پوچھو، پوچھو، جو پوچھنا ہے اس کے قبل کہ میں تم میں نہ رہوں۔'' پوچھنے والے پوچھتے رہے اور حضرت علی علیہ السلام بتاتے رہے۔ ایک دفعہ کچھ لوگوں نے میٹنگ کی اور یہ طے پایا کہ حضرت علی المرتضیٰ سے ایسا مسئلہ پوچھیں جس کا جواب طویل ہو اور یوں ان کی نماز مغرب قضاء ہو جائے۔ نماز مغرب کی ادائیگی میں وقت تھوڑا ہوتا ہے اذان کے ہوتے ہی جماعت کھڑی ہو جاتی ہے۔ حضرت علی علیہ السلام مغرب کی نماز پڑھانے لگے تو طے شدہ پروگرام کے تحت لوگ مسئلہ پوچھنے کیلئے مسجد میں آ گئے۔ لوگوں نے سوال کیا کہ کونسی جنس انڈے دیتی ہے اور کونسی بچے؟ سوال انتہائی اہم تھا سوال پوچھنے والوں نے سوچ رکھا تھا کہ حضرت علی علیہ السلام انواع و اقسام کی مخلوق کی گنتی کریں گے کہ فلاں انڈے دیتی ہے فلاں بچے دیتی ہے تو نماز مغرب ہر حال میں قضاء ہو جائے گی۔ افسوس کہ دنیا ابوتراب کو سمجھ نہیں سکی۔ امیر المومنین شیر خدا حضرت علی علیہ السلام نے فی البدیہہ فرمایا کہ جن کے کان اندر ہیں وہ انڈے دیتی ہیں جن کے کان باہر ہیں وہ بچے دیتی ہیں۔ شہر علم کے دروازہ مولا علیؑ کا جواب اب بھی کائنات کے ذرہ ذرہ سے اپنے علم و عرفان کا خراج وصول کر رہا ہے۔ مشہور انگریز مورخ پروفیسر گبن GIBBON مولا علیؑ کے جواب کے تناظر میں جنگلوں میں نکل گیا دریا اور سمندر کھنگال ڈالے، پہاڑوں اور صحراؤں میں بھٹکتا رہا کہ شائد کوئی ایک ایسی مثال مل جائے جو امیر المومنین حضرت علی علیہ السلام کے فرمان اقدس کے برعکس ہو۔ پروفیسر گبن کو ناکامی کا منہ دیکھنا پڑا۔ ابوالحسنین حضرت علی علیہ السلام مشکل سے مشکل مسئلہ فوری حل فرما دیتے تھے تین اشخاص پر چوری کا الزام لگا تینوں میں سے کوئی بھی اعتراف جرم نہیں کر رہا تھا بالآخر ملزمان کو حضرت علی المرتضیٰ کے حضور پیش کیا گیا۔ آپ نے فرمایا کہ دیوار میں ان کی گردنوں کے مطابق سوراخ کئے جائیں اور گردنوں کو ان سوراخوں میں ڈال دیا جائے۔ اپنے پیارے غلام قنبرؓ سے کہا کہ میری تلوار لے کر آؤ۔ قنبر تلوار لے آیا تو حکم دیا کہ ان تینوں میں سے چور کی گردن اڑا دو۔ آپ نے چوری کرنیوالے کی گردن زنی کا حکم صادر فرمایا تھا۔ اس حکیمانہ حکم کے ساتھ ہی ایک صاحب جو اصلی چور تھا اس نے اپنی گردن کو ذوالفقار (تلوار کا نام) کے وار سے بچانے کیلئے کھسکانے کی کوشش کی۔ حضرت علیؑ نے فرمایا گردن کو حرکت دینے والا ہی چور ہے۔ کیا عمدہ فیصلہ فاتح خیبر، حیدر کرارؑ نے کیا۔ کیسی سائنٹفک انداز میں تفتیش عمل میں لائی گئی سبحان اللہ۔ حضرت علی علیہ السلام سے مسائل پوچھنے والوں میں صحابہ کرامؓ کے علاوہ عیسائی، نصرانی، یہودی و دیگر مذاہب سے تعلق رکھنے والے لوگ بھی شامل تھے۔ حضرت علی علیہ السلام کی سیرت مقدسہ پر لاتعداد کتابیں تحریر ہو چکی ہیں۔ ان کے حکیمانہ فیصلوں، ان کی بہادری اور اسلام کی خدمات کے حوالے سے بھی ڈھیروں کتب منظر عام پر آ چکی ہیں۔ حضرت علی علیہ السلام کا خانہ کعبہ میں ظہور ہوا اور مسجد میں شہادت۔

کسے را میسر نہ شد ایں سعادت
بکعبہ ولادت بمسجد شہادت

میں محض ان کے حضور حاضری لگانے کی سعادت حاصل کر رہا ہوں۔ شاید یہ حاضری کم ترین خاکسار کی عاقبت سنوار دے۔ شوکت رضا شوکت کی رباعی یاد آ رہی ہے۔

وقت نزع لبوں پہ رہا یا علیؑ مدد
اور قبر میں بھی کہہ کے اٹھا یا علیؑ مدد
شوکت میری لحد میں وہ منظر عجیب تھا
جب میں نے خود علی سے کہا یا علیؑ مدد

مولائے کائنات حضرت علی علیہ اسلام فرمایا کرتے تھے کہ ''پوچھو، پوچھو، جو پوچھنا ہے اس کے قبل کہ میں تم میں نہ رہوں۔'' پوچھنے والے پوچھتے رہے اور حضرت علی علیہ السلام بتاتے رہے۔ ایک دفعہ کچھ لوگوں نے میٹنگ کی اور یہ طے پایا کہ حضرت علیؑ المرتضیٰ سے ایسا مسئلہ پوچھیں جس کا جواب طویل ہو اور یوں ان کی نماز مغرب قضاء ہو جائے۔ نماز مغرب کی ادائیگی میں وقت تھوڑا ہوتا ہے اذان کے ہوتے ہی جماعت کھڑی ہو جاتی ہے۔ حضرت علی علیہ السلام مغرب کی نماز پڑھانے لگے تو طے شدہ پروگرام کے تحت لوگ مسئلہ پوچھنے کیلئے مسجد میں آ گئے۔ لوگوں نے سوال کیا کہ کونسی جنس انڈے دیتی ہے اور کونسی بچے؟ سوال انتہائی اہم تھا سوال پوچھنے والوں نے سوچ رکھا تھا کہ حضرت علی علیہ السلام انواع و اقسام کی مخلوق کی گنتی کریں گے کہ فلاں انڈے دیتی ہے فلاں بچے دیتی ہے تو نماز مغرب ہر حال میں قضاء ہو جائے گی۔ افسوس کہ دنیا ابوترابؑ کو سمجھ نہیں سکی۔ امیر المومنین شیر خدا حضرت علی علیہ السلام نے فی البدیہہ فرمایا کہ جن کے کان اندر ہیں وہ انڈے دیتی ہیں جن کے کان باہر ہیں وہ بچے دیتی ہیں۔ شہر علم کے دروازہ مولا علیؑ کا جواب اب بھی کائنات کے ذرہ ذرہ سے اپنے علم و عرفان کا خراج وصول کر رہا ہے۔ مشہور انگریز مورخ پروفیسر گبن GIBBON مولا علیؑ کے جواب کے تناظر میں جنگلوں میں نکل گیا دریا اور سمندر کھنگال ڈالے، پہاڑوں اور صحراؤں میں بھٹکتا رہا کہ شائد کوئی ایک ایسی مثال مل جائے جو امیر المومنین حضرت علی علیہ السلام کے فرمان اقدس کے برعکس ہو۔ پروفیسر گبن کو ناکامی کا منہ دیکھنا پڑا۔ ابوالحسنین حضرت علی علیہ السلام مشکل سے مشکل مسئلہ فوری حل فرما دیتے تھے تین اشخاص پر چوری کا الزام لگا تینوں میں سے کوئی بھی اعتراف جرم نہیں کر رہا تھا بالآخر ملزمان کو حضرت علیؑ المرتضیٰ کے حضور پیش کیا گیا۔ آپ نے فرمایا کہ دیوار میں ان کی گردنوں کے مطابق سوراخ کئے جائیں اور گردنوں کو ان سوراخوں میں ڈال دیا جائے۔ اپنے پیارے غلام قنبرؓ سے کہا کہ میری تلوار لے کر آؤ۔ قنبر تلوار لے آیا تو حکم دیا کہ ان تینوں میں سے چور کی گردن اڑا دو۔ آپ نے چوری کرنیوالے کی گردن زنی کا حکم صادر فرمایا تھا۔ اس حکیمانہ حکم کے ساتھ ہی ایک صاحب جو اصلی چور تھا اس نے اپنی گردن کو ذوالفقار (تلوار کا نام) کے وار سے بچانے کیلئے کھسکانے کی کوشش کی۔ حضرت علیؑ نے فرمایا گردن کو حرکت دینے والا ہی چور ہے۔ کیا عمدہ فیصلہ فاتح خیبر، حیدر کرارؑ نے کیا۔ کیسی سائنٹفک انداز میں تفتیش عمل میں لائی گئی سبحان اللہ۔ حضرت علی علیہ السلام سے مسائل پوچھنے والوں میں صحابہ کرامؓ کے علاوہ عیسائی، نصرانی، یہودی و دیگر مذاہب سے تعلق رکھنے والے لوگ بھی شامل تھے۔ حضرت علی علیہ السلام کی سیرت مقدسہ پر لاتعداد کتابیں تحریر ہو چکی ہیں۔ ان کے حکیمانہ فیصلوں، ان کی بہادری اور اسلام کی خدمات کے حوالے سے بھی ڈھیروں کتب منظر عام پر آ چکی ہیں۔ حضرت علی علیہ السلام کا خانہ کعبہ میں ظہور ہوا اور مسجد میں شہادت۔

کسے را میسر نہ شد ایں سعادت
بکعبہ ولادت بمسجد شہادت

میں محض ان کے حضور حاضری لگانے کی سعادت حاصل کر رہا ہوں۔ شاید یہ حاضری کم ترین خاکسار کی عاقبت سنوار دے۔ شوکت رضا شوکت کی رباعی یاد آ رہی ہے۔

وقت نزع لبوں پہ رہا یا علیؑ مدد
اور قبر میں بھی کہہ کے اٹھا یا علیؑ مدد
شوکت میری لحد میں وہ منظر عجیب تھا
جب میں نے خود علی سے کہا یا علیؑ مدد

لوگوں نے سوال کیا کہ کونسی جنس انڈے دیتی ہے اور کونسی بچے؟ سوال انتہائی اہم تھا سوال پوچھنے والوں نے سوچ رکھا تھا کہ حضرت علی علیہ السلام انواع و اقسام کی مخلوق کی گنتی کریں گے کہ فلاں انڈے دیتی ہے فلاں بچے دیتی ہے تو نماز مغرب ہر حال میں قضاء ہو جائے گی۔ افسوس کہ دنیا ابوتراب کو سمجھ نہیں سکی۔ امیر المومنین شیر خدا حضرت علی علیہ السلام نے فی البدیہہ فرمایا کہ جن کے کان اندر ہیں وہ انڈے دیتی ہیں جن کے کان باہر ہیں وہ بچے دیتی ہیں۔ شہر علم کے دروازہ مولا علیؑ کا جواب اب بھی کائنات کے ذرہ ذرہ سے اپنے علم و عرفان کا خراج وصول کر رہا ہے۔ مشہور انگریز مورخ پروفیسر گبن GIBBON مولا علیؑ کے جواب کے تناظر میں جنگلوں میں نکل گیا دریا اور سمندر کھنگال ڈالے، پہاڑوں اور صحراؤں میں بھٹکتا رہا کہ شائد کوئی ایک ایسی مثال مل جائے جو امیر المومنین حضرت علی علیہ السلام کے فرمان اقدس کے برعکس ہو۔ پروفیسر گبن کو ناکامی کا منہ دیکھنا پڑا۔ ابوالحسنین حضرت علی علیہ السلام مشکل سے مشکل مسئلہ فوری حل فرما دیتے تھے تین اشخاص پر چوری کا الزام لگا تینوں میں سے کوئی بھی اعتراف جرم نہیں کر رہا تھا بالآخر ملزمان کو حضرت علی المرتضیٰ کے حضور پیش کیا گیا۔ آپ نے فرمایا کہ دیوار میں ان کی گردنوں کے مطابق سوراخ کئے جائیں اور گردنوں کو ان سوراخوں میں ڈال دیا جائے۔ اپنے پیارے غلام قنبرؓ سے کہا کہ میری تلوار لے کر آؤ۔ قنبر تلوار لے آیا تو حکم دیا کہ ان تینوں میں سے چور کی گردن اڑا دو۔ آپ نے چوری کرنیوالے کی گردن زنی کا حکم صادر فرمایا تھا۔ اس حکیمانہ حکم کے ساتھ ہی ایک صاحب جو اصلی چور تھا اس نے اپنی گردن کو ذوالفقار (تلوار کا نام) کے وار سے بچانے کیلئے کھسکانے کی کوشش کی۔ حضرت علیؑ نے فرمایا گردن کو حرکت دینے والا ہی چور ہے۔ کیا عمدہ فیصلہ فاتح خیبر، حیدر کرارؑ نے کیا۔ کیسی سائنٹفک انداز میں تفتیش عمل میں لائی گئی سبحان اللہ۔ حضرت علی علیہ السلام سے مسائل پوچھنے والوں میں صحابہ کرامؓ کے علاوہ عیسائی، نصرانی، یہودی و دیگر مذاہب سے تعلق رکھنے والے لوگ بھی شامل تھے۔ حضرت علی علیہ السلام کی سیرت مقدسہ پر لاتعداد کتابیں تحریر ہو چکی ہیں۔ ان کے حکیمانہ فیصلوں، ان کی بہادری اور اسلام کی خدمات کے حوالے سے بھی ڈھیروں کتب منظر عام پر آ چکی ہیں۔ حضرت علی علیہ السلام کا خانہ کعبہ میں ظہور ہوا اور مسجد میں شہادت۔

کسے را میسر نہ شد ایں سعادت
بکعبہ ولادت بمسجد شہادت

میں محض ان کے حضور حاضری لگانے کی سعادت حاصل کر رہا ہوں۔ شاید یہ حاضری کم ترین خاکسار کی عاقبت سنوار دے۔ شوکت رضا شوکت کی رباعی یاد آ رہی ہے۔

وقت نزع لبوں پہ رہا یا علیؑ مدد
اور قبر میں بھی کہہ کے اٹھا یا علیؑ مدد
شوکت میری لحد میں وہ منظر عجیب تھا
جب میں نے خود علی سے کہا یا علیؑ مدد

لاہور بار کے میدان پر دلچسپ مقابلہ

انصاف کے تقاضے

ایم شہزاد عمران رانا

(ایڈووکیٹ)

rsimran.advocate@gmail.com

جنوری 11 کو ہونیوالا لاہور بار ایسوسی ایشن کا الیکشن 2025-26 انتہائی دلچسپ اور کانٹے دار مقابلوں سے بھرپور تھا۔ بائیو میٹرک ووٹنگ سسٹم کے تحت ہونے والے اِس الیکشن میں کل 7904 ووٹرز وکلاء نے اپنا حق رائے دہی استعمال کیا۔ اِس الیکشن میں لاہور بار ایسوسی ایشن کی صدارت کیلئے دو حریف گروپس پروفیشنل (حامد خان) اور انڈیپنڈنٹ (عاصمہ جہانگیر) کے علاوہ دو آزاد امیدوار بھی میدان میں تھے۔ جن میں ایک سابقہ جبکہ باقی تینوں موجودہ ممبر پنجاب بار کونسل بھی ہیں۔ الیکشن سے قبل اس مقابلے کو ''انتہائی دلچسپ مقابلہ'' قرار دیا جارہا تھا اور حقیقت میں صدارت سمیت باقی تمام سیٹوں پر بھی کانٹے کے مقابلے دیکھنے کو ملے۔ صدارت پر پروفیشنل گروپ کے امیدوار مبشر رحمٰن گجر 2400 ووٹ لیکر کامیاب قرار پائے جبکہ اِن کے مدمقابل امیدواران میں آزاد اور معروف وکلاء راہنما برہان معظم ملک کے امیدوار ادیب اسلم بھنڈر 2088 ووٹ، انڈیپنڈنٹ گروپ کے امیدوار اور واحد سابقہ ممبر پنجاب بار کونسل میاں فیض علی 1807 ووٹ اور دوسرے آزاد امیدوار عرفان حیات باجوہ 1508 ووٹ حاصل کر سکے۔ اِس طرح پاکستان تحریک انصاف کے حمایت یافتہ اور حامد خان گروپ کے امیدوار مبشر رحمٰن گجر صدر منتخب ہوگئے۔ اِس سیٹ پر مقابلے کے دوران ''قیدی نمبر 804'' کا نعرہ بھی لگتا رہا جو کہ بانی پاکستان تحریک انصاف کیلئے لگایا جاتا ہے۔ اِسی طرح نائب صدور کی چاروں اور سیکرٹری کی دونشستوں پر انتہائی دلچسپ مقابلے دیکھنے کو ملے مگر اِن مقابلوں میں وکلاء برادری میں استعمال ہونے والا لفظ ''ریپٹر'' امیدواروں نے بازی جیتی لیکن ماڈل ٹاؤن اور کینٹ سیٹ پر ''ریپٹر'' امیدواروں کو ناکامی کا سامنا کرنا پڑا۔ نائب صدر کی دونشستوں پر کل چھ امیدواروں کے درمیان مقابلہ تھا۔ اِن میں تیسری دفعہ الیکشن لڑنے والے ایک مضبوط امیدوار میاں شرجیل 4476 ووٹ اور دوسری بار الیکشن لڑنے والے ملک سیف کھوکھر 3023 ووٹ لیکر بالترتیب سینئر نائب صدر اور نائب صدر منتخب ہوئے جبکہ دیگر امیدواروں میں ہمایوں ظہیر بھٹی 2174 ووٹ، میاں طاہر منیر 2147 ووٹ، ملک افضل بشیر 1951 ووٹ اور ساجد حسین بلوچ 343 ووٹ حاصل کیے جبکہ نائب صدر ماڈل ٹاؤن سیٹ پر کل تین امیدواروں کے درمیان مقابلہ تھا جن میں پاکستان تحریک انصاف کے ٹکٹ ہولڈر اور ممبر پنجاب بار کونسل رانا ضمیر احمد جھیڈو کے دوسری بار الیکشن لڑنے والے امیدوار وقاص اسلم کاہلوں 3387 ووٹ لیکر کامیاب قرار پائے جبکہ تیسرا الیکشن لڑنے والے میو برادری کے امیدوار کنول آصف خاں 3218 ووٹ اور اسلم بھلر نے 890 ووٹ حاصل کر سکے۔ اِسی طرح کینٹ سیٹ کے نائب صدر کیلئے بھی کل تین امیدواروں کے درمیان مقابلہ تھا نائب صدر کی اِس نشست پر جامع العلوم قدسیہ کے حمایت یافتہ اور پہلا الیکشن لڑنے والے حافظ افلاطون جکھڑ 3157 ووٹ لیکر فتحیاب رہے جبکہ اِن مدِمقابل دوسرا الیکشن لڑنے والے امیدوار عابد لطیف کھوکھر 2123 ووٹ اور پہلا الیکشن لڑنے والے امیدوار زاہد محمود گل 2060 ووٹ حاصل کر سکے۔ سیکرٹری کی دونشستوں پر کل چھ امیدواروں میں مقابلہ تھا جن پر دونوں ہی ''ریپٹر'' کامیاب رہے۔ اِن میں تیسرا الیکشن لڑنے والے نصیر احمد بھلہ 3736 ووٹ اور دوسرا الیکشن لڑنے والے امیدوار ملک شرجیل کھوکھر 3458 ووٹ لیکر بالترتیب جنرل سیکرٹری اور سیکرٹری منتخب ہوئے جبکہ بقیہ امیدواروں میں ملک فہد نثار کھوکھر 3046 ووٹ، شعیب اشرف بھٹی 1829 ووٹ، جنید حیدر انصاری 826 ووٹ اور وقار خان 224 ووٹ شامل تھے۔ جوائنٹ سیکرٹری کے عہدے پر کل تینوں امیدواروں کے مابین مقابلہ تھا اِن میں نوجوان ٹیم کے امیدوار حافظ شجاعت علی خان 3127 ووٹ، دوسرا الیکشن لڑنے والی خاتون امیدوار ثمینہ بسراء 2876 ووٹ اور شکیل اسحاق خان 1501 ووٹ شامل تھے اِس طرح حافظ شجاعت علی خان فتح سے ہمکنار ہوئے۔ اِس دفعہ فنانس سیکرٹری کی نشست پر انتہائی دلچسپ مقابلہ تھا۔ جہاں کل تین امیدوار مدمقابل تھے۔ اِن میں سپیریئر لاء کالج کے پرنسپل عاطر رضوی کے شاگرد اعجاز گجر 3682 ووٹ، ''ریپٹر'' امیدوار زوہیب خان 3401 ووٹ اور ملک ندیم 379 ووٹ شامل تھے۔ اِس طرح اعجاز گجر فنانس سیکرٹری منتخب ہوگئے جبکہ لائبریری سیکرٹری کی سیٹ پر دو نئے اور دو پرانے کل چار امیدواروں کے مابین مقابلہ تھا جن میں کامیاب ہونیوالی خاتون امیدوار ثمینہ کھوکھر 2884 ووٹ جبکہ ایم فریاد چوہدری 2270 ووٹ، ارشد چڈھڑ 1396 ووٹ اور عدنان امجد بھٹی 853 ووٹ حاصل کر سکے۔ واحد ون ٹو ون مقابلہ ہوا آخری نشست یعنی آڈیٹر پر جہاں سابقہ لائبریری سیکرٹری پروفیسر عتیق احمد خان 3726 ووٹ لیکر اپنی مدمقابل خاتون امیدوار راحیلہ حفیظ رانا 3594 ووٹ کے مقابلے میں کامیاب ہوئے۔ اِس طرح یہ احوال تھا لاہور بار ایسوسی ایشن کا انتہائی دلچسپ اور کانٹے دار مقابلوں سے بھرپور الیکشن کا، جہاں انتہائی سخت مقابلے دیکھنے کو ملے۔ میری ذاتی رائے میں اِس دفعہ گذشتہ سال کے لحاظ سے ووٹرز ٹرن آؤٹ کافی زیادہ تھا جو کہ نوجوان وکلاء کی الیکشن میں دلچسپی کا منہ بولتا ثبوت ہے۔ آخر میں، میں نو منتخب کابینہ لاہور بار ایسوسی ایشن 2025-26 کو مبارکباد پیش کرتا ہوں اور دُعا کرتا ہوں کہ اللہ پاک نئے صدر مبشر رحمٰن گجر اور اُن کی ٹیم کو بار کی تعمیر و ترقی میں کامیابی عطا فرمائے۔ آمین

جنوری 11 کو ہونیوالا لاہور بار ایسوسی ایشن کا الیکشن 2025-26 انتہائی دلچسپ اور کانٹے دار مقابلوں سے بھرپور تھا۔ بائیو میٹرک ووٹنگ سسٹم کے تحت ہونے والے اِس الیکشن میں کل 7904 ووٹرز وکلاء نے اپنا حق رائے دہی استعمال کیا۔ اِس الیکشن میں لاہور بار ایسوسی ایشن کی صدارت کیلئے دو حریف گروپس پروفیشنل (حامد خان) اور انڈیپنڈنٹ (عاصمہ جہانگیر) کے علاوہ دو آزاد امیدوار بھی میدان میں تھے۔ جن میں ایک سابقہ جبکہ باقی تینوں موجودہ ممبر پنجاب بار کونسل بھی ہیں۔ الیکشن سے قبل اس مقابلے کو ''انتہائی دلچسپ مقابلہ'' قرار دیا جارہا تھا اور حقیقت میں صدارت سمیت باقی تمام سیٹوں پر بھی کانٹے کے مقابلے دیکھنے کو ملے۔ صدارت پر پروفیشنل گروپ کے امیدوار مبشر رحمٰن گجر 2400 ووٹ لیکر کامیاب قرار پائے جبکہ اِن کے مدمقابل امیدواران میں آزاد اور معروف وکلاء راہنما برہان معظم ملک کے امیدوار ادیب اسلم بھنڈر 2088 ووٹ، انڈیپنڈنٹ گروپ کے امیدوار اور واحد سابقہ ممبر پنجاب بار کونسل میاں فیض علی 1807 ووٹ اور دوسرے آزاد امیدوار عرفان حیات باجوہ 1508 ووٹ حاصل کر سکے۔ اِس طرح پاکستان تحریک انصاف کے حمایت یافتہ اور حامد خان گروپ کے امیدوار مبشر رحمٰن گجر صدر منتخب ہوگئے۔ اِس سیٹ پر مقابلے کے دوران ''قیدی نمبر 804'' کا نعرہ بھی لگتا رہا جو کہ بانی پاکستان تحریک انصاف کیلئے لگایا جاتا ہے۔ اِسی طرح نائب صدور کی چاروں اور سیکرٹری کی دونشستوں پر انتہائی دلچسپ مقابلے دیکھنے کو ملے مگر اِن مقابلوں میں وکلاء برادری میں استعمال ہونے والا لفظ ''ریپٹر'' امیدواروں نے بازی جیتی لیکن ماڈل ٹاؤن اور کینٹ سیٹ پر ''ریپٹر'' امیدواروں کو ناکامی کا سامنا کرنا پڑا۔ نائب صدر کی دونشستوں پر کل چھ امیدواروں کے درمیان مقابلہ تھا۔ اِن میں تیسری دفعہ الیکشن لڑنے والے ایک مضبوط امیدوار میاں شرجیل 4476 ووٹ اور دوسری بار الیکشن لڑنے والے ملک سیف کھوکھر 3023 ووٹ لیکر بالترتیب سینئر نائب صدر اور نائب صدر منتخب ہوئے جبکہ دیگر امیدواروں میں ہمایوں ظہیر بھٹی 2174 ووٹ، میاں طاہر منیر 2147 ووٹ، ملک افضل بشیر 1951 ووٹ اور ساجد حسین بلوچ 343 ووٹ حاصل کیے جبکہ نائب صدر ماڈل ٹاؤن سیٹ پر کل تین امیدواروں کے درمیان مقابلہ تھا جن میں پاکستان تحریک انصاف کے ٹکٹ ہولڈر اور ممبر پنجاب بار کونسل رانا ضمیر احمد جھیڈو کے دوسری بار الیکشن لڑنے والے امیدوار وقاص اسلم کاہلوں 3387 ووٹ لیکر کامیاب قرار پائے جبکہ تیسرا الیکشن لڑنے والے میو برادری کے امیدوار کنول آصف خاں 3218 ووٹ اور اسلم بھلر نے 890 ووٹ حاصل کر سکے۔ اِسی طرح کینٹ سیٹ کے نائب صدر کیلئے بھی کل تین امیدواروں کے درمیان مقابلہ تھا نائب صدر کی اِس نشست پر جامع العلوم قدسیہ کے حمایت یافتہ اور پہلا الیکشن لڑنے والے حافظ افلاطون جکھڑ 3157 ووٹ لیکر فتحیاب رہے جبکہ اِن مدِمقابل دوسرا الیکشن لڑنے والے امیدوار عابد لطیف کھوکھر 2123 ووٹ اور پہلا الیکشن لڑنے والے امیدوار زاہد محمود گل 2060 ووٹ حاصل کر سکے۔ سیکرٹری کی دونشستوں پر کل چھ امیدواروں میں مقابلہ تھا جن پر دونوں ہی ''ریپٹر'' کامیاب رہے۔ اِن میں تیسرا الیکشن لڑنے والے نصیر احمد بھلہ 3736 ووٹ اور دوسرا الیکشن لڑنے والے امیدوار ملک شرجیل کھوکھر 3458 ووٹ لیکر بالترتیب جنرل سیکرٹری اور سیکرٹری منتخب ہوئے جبکہ بقیہ امیدواروں میں ملک فہد نثار کھوکھر 3046 ووٹ، شعیب اشرف بھٹی 1829 ووٹ، جنید حیدر انصاری 826 ووٹ اور وقار خان 224 ووٹ شامل تھے۔ جوائنٹ سیکرٹری کے عہدے پر کل تینوں امیدواروں کے مابین مقابلہ تھا اِن میں نوجوان ٹیم کے امیدوار حافظ شجاعت علی خان 3127 ووٹ، دوسرا الیکشن لڑنے والی خاتون امیدوار ثمینہ بسرا 2876 ووٹ اور شکیل اسحاق خان 1501 ووٹ شامل تھے اِس طرح حافظ شجاعت علی خان فتح سے ہمکنار ہوئے۔ اِس دفعہ فنانس سیکرٹری کی نشست پر انتہائی دلچسپ مقابلہ تھا۔ جہاں کل تین امیدوار مدمقابل تھے۔ اِن میں سپیریئر لاء کالج کے پرنسپل عاطر رضوی کے شاگرد اعجاز گجر 3682 ووٹ، ''ریپٹر'' امیدوار زوہیب خان 3401 ووٹ اور ملک ندیم 379 ووٹ شامل تھے۔ اِس طرح اعجاز گجر فنانس سیکرٹری منتخب ہوگئے جبکہ لائبریری سیکرٹری کی سیٹ پر دو نئے اور دو پرانے کل چار امیدواروں کے مابین مقابلہ تھا جن میں کامیاب ہونیوالی خاتون امیدوار ثمینہ کھوکھر 2884 ووٹ جبکہ ایم فریاد چوہدری 2270 ووٹ، ارشد چڈھڑ 1396 ووٹ اور عدنان امجد بھٹی 853 ووٹ حاصل کر سکے۔ واحد ون ٹو ون مقابلہ ہوا آخری نشست یعنی آڈیٹر پر جہاں سابقہ لائبریری سیکرٹری پروفیسر عتیق احمد خان 3726 ووٹ لیکر اپنی مدمقابل خاتون امیدوار راحیلہ حفیظ رانا 3594 ووٹ کے مقابلے میں کامیاب ہوئے۔

خودی کی تکمیل



حرف تخلیق

خالد غورغشتی

ہر نعمت ہونے کے باوجود بھی بعض لوگوں کو اطمینان قلبی میسر نہیں ہوتا، دراصل دلوں کا اطمینان تو ذکرالٰہی میں مخفی کر دیا گیا ہے۔ جب ہم اس پاک ذات کو بھول جاتے ہیں تو سب کچھ پا کر بھی بے یقینی کی سی کیفیت سے دوچار رہتے ہیں۔ اس کی بڑی وجوہات ہوسکتی ہیں کہ ہم اکثر بے سکونی کا شکار کیوں رہتے ہیں؟ جن میں سے ایک وجہ اللہ کے ذکر سے دوری اور مخلوق خدا سے لاتعلقی بھی ہے۔ بڑے بڑے پلازوں، بنگلوں اور گاڑیوں کے باوجود ذہنی سکون کا میسر نہ ہونا اس بات کی علامت ہے کہ ہمارے اندر کوئی کمی ہے۔ کہیں ہم دکانوں یا مکانوں کے کرایے زیادہ کر کے لوگوں کی حق تلفی کر کے بدعاؤں کے حق دار تو نہیں ٹھہر رہے؟ اپنے رشتے دار اور پڑوسیوں کی گریہ زاری اور مجبوری کا علم ہونے کے باوجود ہم ان کی دادرسی کرنے کی بجائے ان کو مجبور دیکھ کر شادماں ہو رہے ہیں تو یہی سے کہیں ہماری پریشانی کا کہیں آغاز تو نہیں ہو رہا۔ یاد رکھیں ہمیں تو درد دل کے واسطے پیدا کیا گیا تھا ورنہ عبادت کے لیے فرشتے اور جنات ہی کافی تھے۔ آج ہم پلازوں اور گاڑیوں کے ہم مالک ہیں جب کہ ہمارے باپ دادا کی اکثریت ایسی تھی، وہ ایک پختہ کمرہ تعمیر کرنے یا سائیکل خریدنے کی سکت نہ رکھتے تھے۔ ان کے پاس تو بنیادی انسانی سہولیات کی بھی کمی تھی۔ اگر راتوں رات آپ غیروں کی غلامی کر کے یا اپنوں سے لوٹ مار کر کے امیر کبیر ہو ہی گئے ہیں تو اپنے گریبان میں ایک بار ضرور جھانکیں؟ آپ کے پاس کون سے ایسی جادو کی چھڑی ہے جس نے راتوں رات آپ کی نیّا پار لگا دی ہے۔ کہیں آپ کسی پر ظلم کر کے، کسی بیوہ، کسی یتیم کسی لاوارث کی جائیداد پر قبضہ کر کے، غیر مسلم ممالک میں ہیں تو ان کے تلوے چاٹ کر، گھر، گاڑیوں کی انشورس کروا کر، بیماروں، لاچاروں، اپاہجوں کے نام پر فنڈز وصول کر کے، بچوں کی پیدائش کے وقت یا کسی کی وفات پر ملنے والی امداد، دکانوں، مکانوں کے کرایے بڑھا کر، یا کسی بھی کاروبار میں ڈنڈی مار کر تو آگے نہیں بڑھے؟ اگر یہی باتیں ہیں تو اتنے نخرے مت دکھایئے، جن کو کوئی فن نہیں آتا وہ ہم لوگ ہیں۔ ہمارے پاس کون سی تعلیمی قابلیت، ہنر اور روزگار ہے جس پر ہم اکڑتے ہیں؟ نہ ہمارے پاس جدید تعلیم ہے، نہ ہنر، نہ موجودہ حالات کے مطابق قابلیت، بس ہے تو دھوکا دہی اور دوسروں کی جیب پر نظر۔ کوئی ایک تو جگہ بتایئے، جہاں ہم نے بغیر کسی ہیرا پھیری کے خود کو سو فی صد کامیاب کیا ہوا۔ انسان اپنی جگہ بدل سکتا ہے عادت نہیں کیوں کہ بچھو کا کام ڈسنا ہی ہوتا ہے۔ ابھی ایک خبر موصول ہوئی کہ مکہ مکرمہ ریجن کی پولیس نے 10 پاکستانی باشندوں کو مالی فراڈ کے واقعات کا ارتکاب کرنے پر گرفتار کیا ہے۔ انھوں نے مبینہ طور پر تقریباً 31 مالیاتی فراڈ کے واقعات کے ارتکاب کے بعد جعلی سونے کی سلاخوں کی فروخت کی ہے۔ انھوں نے دھوکہ دہی کی کارروائیوں میں 2.8 ملین ریال سے زائد رقم جمع کی۔ مکہ مکرمہ ریجن پولیس کے ایک بیان کے مطابق جعلسازوں نے سونے کی سلاخیں رکھ کر مجرمانہ انداز اپنایا اور اپنے متاثرین کو دھوکہ دے کر انھیں غیر قانونی طریقوں سے بیچا۔ بتایا جا رہا ہے کہ سعودی عرب کے شہر مکہ مکرمہ میں سادہ لوح لوگوں کو سونا دیکھا کر تانبہ بیچنے والے دس پاکستانی گرفتار، دھوکے بازوں نے اب تک 28 لاکھ روپے کا فراڈ کر چکے ہیں۔ ہمارے معاشرے کا ایک بڑا المیہ یہ ہے کہ ہم اجتماعی طور پر اس زوال کے ذمہ دار ہیں۔ ہر فرد کسی نہ کسی شکل میں ظلم، ناانصافی، یا بددیانتی میں ملوث ہے۔ کاروبار میں دھوکہ دہی، نوکری میں غیر ذمہ داری، اور روزمرہ زندگی میں وعدہ خلافی جیسے رویے عام ہیں۔ ہم دوسروں کی حق تلفی کو معمول بنا چکے ہیں اور اپنی ذمہ داریوں کو ایمان داری سے نبھانے کی بجائے اپنے مفادات کے لیے اصولوں کے خلاف ورزی کرتے ہیں۔ یہی وہ رویے ہیں جو معاشرے کی اخلاقی بنیادوں کو کمزور کرتے ہیں اور اجتماعی سطح پر بے انصافی، کرپشن اور بدعنوانی کو فروغ دیتے ہیں۔ کہا جاتا ہے جیسا کرو گے ویسا بھرو گے اور جیسے عوام ہوں گے ویسے حکمران ہوں گے۔ یہ بات واضح کرتی ہے کہ اگر حکمران کرپٹ ہیں تو وہ ہمارے ہی اعمال کی سزا ہیں۔ ہم ذاتی طور پر ایمان داری کا مظاہرہ کرنے میں ناکام رہتے ہیں تو پھر معاشرتی سطح پر دیانت داری کیسے ممکن ہوسکتی ہے؟ کرپشن صرف مالی بے ضابطگی نہیں بلکہ وعدوں کی خلاف ورزی، کام میں غفلت، دوسروں کے حقوق کی پامالی اور ذاتی مفادات کو اجتماعی بھلائی پر ترجیح دینے جیسے رویے بھی اس کا حصہ ہیں۔ معاشرے کی اصلاح کا آغاز دوسروں سے توقع رکھنے کی بجائے خود سے کرنا ہوگا۔ انفرادی سطح پر دیانت داری، ذمہ داری اور انصاف کا راستہ اپنائیں تو یہی روش پورے معاشرے میں مثبت تبدیلی لانے کا سبب بنے گی۔ ہمیں یہ سمجھنا ہوگا کہ تبدیلی کا عمل بیرونی نہیں بلکہ اندرونی ہے۔ جب ہر شخص اپنی ذمہ داری کو ایمان داری سے نبھانے لگے گا، تو معاشرہ خود بہ خود ایک مہذب، منصف اور پُرامن شکل اختیار کر لے گا۔ اللہ ہمیں اپنی خودی کو درست کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔

ہمارے معاشرے کا ایک بڑا المیہ یہ ہے کہ ہم اجتماعی طور پر اس زوال کے ذمہ دار ہیں۔ ہر فرد کسی نہ کسی شکل میں ظلم، ناانصافی، یا بددیانتی میں ملوث ہے۔ کاروبار میں دھوکہ دہی، نوکری میں غیر ذمہ داری، اور روزمرہ زندگی میں وعدہ خلافی جیسے رویے عام ہیں۔ ہم دوسروں کی حق تلفی کو معمول بنا چکے ہیں اور اپنی ذمہ داریوں کو ایمان داری سے نبھانے کی بجائے اپنے مفادات کے لیے اصولوں کے خلاف ورزی کرتے ہیں۔ یہی وہ رویے ہیں جو معاشرے کی اخلاقی بنیادوں کو کمزور کرتے ہیں اور اجتماعی سطح پر بے انصافی، کرپشن اور بدعنوانی کو فروغ دیتے ہیں۔ کہا جاتا ہے جیسا کرو گے ویسا بھرو گے اور جیسے عوام ہوں گے ویسے حکمران ہوں گے۔ یہ بات واضح کرتی ہے کہ اگر حکمران کرپٹ ہیں تو وہ ہمارے ہی اعمال کی سزا ہیں۔ ہم ذاتی طور پر ایمان داری کا مظاہرہ کرنے میں ناکام رہتے ہیں تو پھر معاشرتی سطح پر دیانت داری کیسے ممکن ہوسکتی ہے؟ کرپشن صرف مالی بے ضابطگی نہیں بلکہ وعدوں کی خلاف ورزی، کام میں غفلت، دوسروں کے حقوق کی پامالی اور ذاتی مفادات کو اجتماعی بھلائی پر ترجیح دینے جیسے رویے بھی اس کا حصہ ہیں۔ معاشرے کی اصلاح کا آغاز دوسروں سے توقع رکھنے کی بجائے خود سے کرنا ہوگا۔ انفرادی سطح پر دیانت داری، ذمہ داری اور انصاف کا راستہ اپنائیں تو یہی روش پورے معاشرے میں مثبت تبدیلی لانے کا سبب بنے گی۔ ہمیں یہ سمجھنا ہوگا کہ تبدیلی کا عمل بیرونی نہیں بلکہ اندرونی ہے۔ جب ہر شخص اپنی ذمہ داری کو ایمان داری سے نبھانے لگے گا، تو معاشرہ خود بہ خود ایک مہذب، منصف اور پُرامن شکل اختیار کر لے گا۔

بوڑھے پنشنرز کی نوجوان لڑکیوں سے شادی



صدا بصحرا

رفیع صحرائی

rafisehraee5586@gmail.com

وجودہ حکومت نے پنشن اصلاحات کے نام پر پنشنرز کو پریشانی میں مبتلا کر دیا ہے۔ ساری دنیا میں بزرگ شہریوں کا احترام کیا جاتا ہے۔ ہمارے ہاں الٹی گنگا بہانے کا رواج ہے۔ پنشنرز کسی ملک کے وہ سینئر سٹیزن ہوتے ہیں جنہوں نے اپنی بھرپور جوانی، ادھیڑ عمری اور بڑھاپے کے چند سال حکومتی مشینری کے کل پرزے کے طور پر گزارے ہوتے ہیں۔ یعنی اپنی زندگی کا آدھے سے دو تہائی عرصہ کسی حکومتی ادارے میں اپنی خدمات سرانجام دی ہوتی ہیں۔ ساٹھ سال کی عمر میں ریٹائرڈ ہونے کے بعد یہ سرکاری ملازمین محنت مزدوری یا کاروبار کرنے کے قابل نہیں ہوتے۔ ان کی ساری جسمانی اور ذہنی طاقت حکومتی نوکری نے نچوڑ لی ہوتی ہے۔ اس کے بدلے میں انہیں قلیل رقم بطور پنشن دی جاتی ہے جس سے وہ اپنے اخراجات اور ضروریات پوری کرتے ہیں۔ یاد رکھیے! پنشن صرف چند ہزار روپے نہیں ہوتے۔ یہ پنشنرز کی عزتِ نفس کو محفوظ رکھنے کا ایک ذریعہ ہوتے ہیں۔ ساٹھ سال سے اسی سال کی عمر تک کے یہ بزرگ عمر کے اس حصے میں کوئی بھی کام کرنے کے قابل نہیں ہوتے۔ عمرِ عزیز کا سنہرا دور یہ حکومت کی نذر کر چکے ہوتے ہیں۔ بال بچوں کی شادیاں ہو چکی ہوتی ہیں۔ نواسے نواسیاں اور پوتے پوتیاں جب اپنے والدین کے ساتھ ان کے پاس رہنے کے لیے آتے ہیں تو اخراجات بہت زیادہ بڑھ جاتے ہیں۔ بیٹیوں کو خالی ہاتھ رخصت بھی نہیں کیا جاتا۔ یہ لوگ برادری کے سربراہ بن چکے ہوتے ہیں۔ رشتے داروں کا آنا جانا لگا رہتا ہے جو اخراجات کا متقاضی ہے۔ برادری میں بیاہ شادی، خوشی و غمی کے موقع پر بھی انہیں جانا پڑتا ہے جو اضافی اخراجات کا موجب ہے۔ بڑھاپا بذاتِ خود ایک مرض ہے اور اپنے ساتھ کئی بیماریاں لے کر آتا ہے۔ ادویات کی قیمتیں آسمانوں پر اور ڈاکٹروں کی فیسیں آسمانوں سے بھی اوپر جا چکی ہیں۔ پنشنرز کو بوجھ نہ کہیں۔ ان کے حالات کو سمجھیں۔ یہ سب اخراجات انہیں اپنی پنشن سے ہی پورے کرنے ہوتے ہیں۔ یہ پنشن ان کی ضروریات اور اخراجات پورے کرنے کا واحد سہارا ہوتی ہے۔ یہ صرف چند ہزار روپے نہیں ہوتے بلکہ ان کی عزتِ نفس کے محافظ بھی ہوتے ہیں۔ انہوں نے ساری عمر اپنی اولاد اور بہن بھائیوں کی ضروریات پوری کی ہوتی ہیں۔ اب اپنی ضروریات کے لیے اولاد کے آگے ہاتھ پھیلا کر وہ شرمندہ نہیں ہونا چاہتے۔ پنشن ان بزرگوں کے لیے اندھے کی لاٹھی ہوتی ہے۔ بدقسمتی سے موجودہ حکومت نے پنشنرز کے معاملے میں انتہائی سنگدلی اور بے حسی کا مظاہرہ کیا ہے۔ پنشنرز کو خزانے پر بوجھ سمجھنے والے ہمارے عوامی نمائندے خود خزانے پر سب سے بڑا بوجھ ہیں۔ یہ اپنے ایک ٹینیور میں جتنا کما لیتے ہیں کوئی سرکار ملازم آغاز ملازمت سے لے کر گریجویٹی اور پنشن لیتے ہوئے اپنے مرنے تک اس قدر رقم وصول نہیں کرتا۔ یعنی سرکاری ملازم کی عمر بھر کی کمائی ہمارے عوامی نمائندوں کے پانچ سال کی سرکاری کمائی سے بھی کم ہوتی ہے۔ اگر ملکی خزانے پر پنشن کا واقعی شدید دباؤ ہوتا تو گزشتہ ماہ ایم پی ایز، ایم این ایز، وزراء، مشیران اور اسپیکرز کی تنخواہوں میں 900 فیصد تک اضافہ نہ ہوتا۔ ایک طرف حکومت مراعات یافتہ طبقے پر نوازشات کی بارش کر رہی ہے جبکہ دوسری طرف پنشن اصلاحات کے نام پر زندگی کا بڑا حصہ حکومت کو دینے والوں کے لیے عذاب نازل کر رہی ہے۔ اگر آئی ایم ایف کو واقعی پنشن پر اعتراض ہے تو آئی ایم ایف سے جان چھڑانے کی کوشش کرنی چاہیے تھی نا کہ اس کے ہاتھوں بلیک میل ہو کر اپنے بزرگ شہریوں کو کند چھری سے ذبح کر دیا جاتا۔ حیرت تو اس بات پر بھی ہے کہ پنشن پر اعتراض کرنے والے آئی ایم ایف کو عوامی نمائندوں کی تنخواہوں میں تاریخ کے سب سے بڑے اضافے پر اعتراض کیوں نہیں ہوا۔ اپنی تنخواہوں میں ہوش ربا اضافہ کر کے حکومتی نمائندگان نے پنشنرز کی بے بسی کا مذاق اڑایا ہے۔ خدارا پنشنرز کو بوجھ نہ سمجھیں۔ ان کے حالات کو سمجھیں۔ ملکی معیشت پر پنشنرز بوجھ نہیں ہیں۔ اصل بوجھ ملک پر قابض اشرافیہ ہے۔ معیشت کی کشتی کو ڈبونے والا بھاری پتھر اشرافیہ اور مراعات یافتہ طبقہ ہے جو اسے ڈبو رہا ہے۔ آپ ایک معمولی سے شاپر کو بھاری پتھر سمجھ کر اس سے جان چھڑانا چاہ رہے ہیں۔ مہنگائی کے تناسب سے اپنی تنخواہوں میں اضافہ کرتے ہوئے حکومتی نمائندگان کو ایک لمحے کے لیے یہ پنشنرز یاد نہیں آئے جنہیں اس حکومت نے ان کی خدمات کا صلہ ان کی مراعات میں کٹوتی کی صورت میں دیا ہے۔ سوشل میڈیا پر ایک خبر وائرل ہے کہ ترکی میں پنشنرز نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ مہنگائی کے تناسب سے ان کی پنشن میں اضافہ کیا جائے۔ حکومت نے ان کے مطالبے کو سنجیدگی سے نہ لیا۔ پنشنرز نے اتفاقِ رائے سے فیصلہ کیا اور حکومت کو دھمکی دی کہ اگر ان کی پنشن میں اضافہ نہ کیا گیا تو تمام پنشنرز بیس سالہ لڑکیوں سے شادی کر لیں گے۔ حکومتی زعماء کے کان کھڑے ہو گئے۔ اگر واقعی ایسا ہو جاتا تو پنشنرز کی وفات کے بعد ان کی بیوگان کو مزید چالیس پچاس سال پنشن کی ادائیگی کرنا پڑتی۔ ترک حکومت نے پنشنرز کا مطالبہ ماننے میں ہی عافیت سمجھی۔ ان کی پنشن میں چالیس فیصد اضافہ کر دیا گیا۔ پاکستانی پنشنرز کے لیے یہ ایک قابلِ عمل اور بہتر تجویز ہے۔ ایسے بزرگوں کے ساتھ نوجوان لڑکیاں شادی پر آمادہ ہو جاتی ہیں جن کی معقول پنشن ہو اور زندگی کے آخری دن چل رہے ہوں۔ بزرگ کے دنیا سے رخصت ہونے کے بعد ساری عمر اس کی بیوہ بن کر پنشن وصول کر کے اپنی زندگی آرام و سکون سے گزارنا یقیناً ایک پرکشش ڈیل ہو گی۔ ہمارے پنشنرز کو اس آپشن پر ضرور غور کرنا چاہیے۔

نو ٹریننگ نو پرموشن

حاشیہ

ملک محمد سلمان

maliksalman2008@gmail.com

پرموشن ٹریننگ کو فار گرانٹڈ لیا جاتا ہے۔ اچھی پوسٹنگ حاصل کرنے والے افسران ٹریننگ کیلئے ہرگز راضی نہیں ہوتے۔ اچھی سیٹ پر موجود افسران ٹریننگ سے بچنے کیلئے زور لگا رہے ہوتے ہیں۔ ٹریننگ پر صرف وہی جانا چاہتا ہے جو "او ایس ڈی" ہو یا پھر کسی کھڈے لائن پوسٹنگ تو وہ سوچتا ہے ویلا بیٹھا ٹریننگ ہی کر لوں۔ لاقانونیت اور لاڈلے پن کی انتہا کا یہ لیول ہے کہ سفارشی اور تگڑے افسران صرف اس شرط پر ٹریننگ کرتے ہیں کہ انکی پوسٹنگ ساتھ رہے گی۔ مجھے سمجھ نہیں آتی کہ بغیر ٹریننگ کہ تم سے کام ہو نہیں رہا ہوتا اور اتنے تیس مار خان رہے کہ ٹریننگ کے ساتھ ساتھ پوسٹنگ بھی چاہیے۔ قابلیت کے دعویداروں کا حقیقی حال یہ ہے کہ بہت سارے افسران دوران ٹریننگ رپورٹس اور اسائمنٹ تک بنانے کی صلاحیت نہیں رکھتے، رپورٹس، اسائمنٹس اور ریسرچ پیپر پیسے دے کر ایکسپرٹس سے بنوائے جاتے ہیں۔ دوران ٹریننگ پوسٹنگ ہولڈ کرنے والے لاڈلے تو خوش ہو جاتے ہیں لیکن عوامی فلاح و بہبود کے کام ٹھپ ہو جاتے ہیں۔ حکومت کو فیصلہ کرنا ہوگا کہ انہوں نے صرف افسران کے نازنخرے اور ناجائز خواہشات پوری کرنی ہیں یا عوام کو بھی ڈیلور کرنا ہے۔ سینکڑوں افسران او ایس ڈی ذلیل ہو رہے ہیں لیکن یہ سفارشی افسران اتنے ناگزیر ہیں کہ ٹریننگ اور پوسٹنگ ایک ساتھ چاہیے نوابوں کو۔ آرمی میں بہت اچھا سسٹم ہے کہ آپ ڈائریکٹ ٹریننگ پر نہیں چلے جاتے بلکہ ٹریننگ سے پہلے انٹرنس ایگزام لیا جاتا ہے اس امتحان میں پاس ہونے والے ہی ٹریننگ کیلئے شارٹ لسٹ ہوتے ہیں۔ آرمی، نیوی اور ایئرفورس سمیت افواج پاکستان میں پرموشن کورسز کے دوران پوسٹنگ کا تصور بھی نہیں۔ سی ایس ایس گروپس میں ٹریننگ اور پرموشن عجیب مذاق بنا ہوا ہے ایک طرف 45ویں کامن والے تو ساتھ 37 والے ایم سی ایم سی کر رہے ہیں۔ پاکستان ایڈمنسٹریٹو سروس کے علاوہ باقی افسران کیلئے گریڈ بائیس حاصل کرنا مشکل ترین مرحلہ ہے۔ انتہائی مضحکہ خیز بات ہے کہ جس کی عمر 58 سال ہو جائے وہ ٹریننگ کیے بن ڈائریکٹ پرموشن حاصل کر سکتا ہے۔ چاہیے تو یہ تھا کہ حکومت یہ شرط رکھتی کہ جس کی عمر 57 سال ہو جائے اسے کسی پرموشن ٹریننگ میں نہ تو نامینیٹ کیا جائے گا اور نہ ہی پرموٹ۔ لیکن یہاں ایک چور راستہ دیا گیا ہے کہ آپ ٹریننگ فارغ کروائیں اور ڈائریکٹ پرموٹ ہو جائیں۔ جس نے سسٹم کو ٹھینگے پر رکھا کہ یہ تمہارے سسٹم کی اوقات ہے، اسے کس خوشی میں پرموشن دینی؟ واضح پالیسی ہونی چاہیے کہ نو ٹریننگ نو پرموشن۔ شیر جنگل کا بادشاہ ہے انڈے دے یا بچے کے مترادف تین دفعہ ٹریننگ کورسز چھوڑنے کی گنجائش موجود ہے سونے پر سہاگہ کہ کمپیٹنٹ اتھارٹی کی درخواست پر ٹریننگ سے جتنی دفعہ مرضی نام نکلواتے رہیں وہ چانس ضائع کرنا کنسڈر ہی نہیں ہوگا۔ اسٹیبلشمنٹ ڈویژن کو واضح پالیسی دینا ہوگی کہ کسی کو بھی ایکسٹرا چانس نہیں ملے گا، دوران ٹریننگ کسی کو پوسٹنگ نہیں دی جائے گی۔ پرموشن کورس میں شرکت کیلئے پوسٹنگ پر نہ ہونا لازم کیا جائے۔ کیا پرموشن کے لیے ڈیزائن کیے گئے کورسز اتنے بیکار اور ناکارہ ہیں کہ افسران پوسٹنگ انجوائے کرتے ہوئے انہیں اور ٹائم کی وقت گزاری سمجھتے ہیں۔ حکومت اور اسٹیبلشمنٹ ڈویژن کب تک ان غیر قانونی نوازشات کیلئے عدالتوں میں ذلیل ہو کر جواب دیتے رہیں گے۔ سسٹم میں سوائے ایماندار افسران کے کوئی بھی آفیسر نہیں چاہتا کہ وہ گریڈ انیس میں جائے سارے ہی گریڈ 17 اور 18 میں خوش ہیں یا پھر اس کے بعد بیس اکیس اور بائیس۔ گریڈ انیس میں کوئی مار دھاڑ نہیں ہوتی اس لیے گریڈ 17 میں اے سی اور گریڈ 18 میں ڈی سی کی سیٹ پر لُٹ مچانے والوں کیلئے گریڈ انیس ایسے ہی جیسے انکوٹھی کر دیا گیا ہو، اس لیے کوئی بھی ایڈیشنل کلیکٹر لگنے کو راضی نہیں ایڈیشنل کیلکٹر کو ایڈیشنل ہی سمجھا جاتا ہے۔

پرموشن ٹریننگ کو فار گرانٹڈ لیا جاتا ہے۔ اچھی پوسٹنگ حاصل کرنے والے افسران ٹریننگ کیلئے ہرگز راضی نہیں ہوتے۔ اچھی سیٹ پر موجود افسران ٹریننگ سے بچنے کیلئے زور لگا رہے ہوتے ہیں۔ ٹریننگ پر صرف وہی جانا چاہتا ہے جو "او ایس ڈی" ہو یا پھر کسی کھڈے لائن پوسٹنگ تو وہ سوچتا ہے ویلا بیٹھا ٹریننگ ہی کر لوں۔ لاقانونیت اور لاڈلے پن کی انتہا کا یہ لیول ہے کہ سفارشی اور تگڑے افسران صرف اس شرط پر ٹریننگ کرتے ہیں کہ انکی پوسٹنگ ساتھ رہے گی۔ مجھے سمجھ نہیں آتی کہ بغیر ٹریننگ کہ تم سے کام ہو نہیں رہا ہوتا اور اتنے تیس مار خان رہے کہ ٹریننگ کے ساتھ ساتھ پوسٹنگ بھی چاہیے۔ قابلیت کے دعویداروں کا حقیقی حال یہ ہے کہ بہت سارے افسران دوران ٹریننگ رپورٹس اور اسائمنٹ تک بنانے کی صلاحیت نہیں رکھتے، رپورٹس، اسائمنٹس اور ریسرچ پیپر پیسے دے کر ایکسپرٹس سے بنوائے جاتے ہیں۔ دوران ٹریننگ پوسٹنگ ہولڈ کرنے والے لاڈلے تو خوش ہو جاتے ہیں لیکن عوامی فلاح و بہبود کے کام ٹھپ ہو جاتے ہیں۔ حکومت کو فیصلہ کرنا ہوگا کہ انہوں نے صرف افسران کے نازنخرے اور ناجائز خواہشات پوری کرنی ہیں یا عوام کو بھی ڈیلور کرنا ہے۔ سینکڑوں افسران او ایس ڈی ذلیل ہو رہے ہیں لیکن یہ سفارشی افسران اتنے ناگزیر ہیں کہ ٹریننگ اور پوسٹنگ ایک ساتھ چاہیے نوابوں کو۔ آرمی میں بہت اچھا سسٹم ہے کہ آپ ڈائریکٹ ٹریننگ پر نہیں چلے جاتے بلکہ ٹریننگ سے پہلے انٹرنس ایگزام لیا جاتا ہے اس امتحان میں پاس ہونے والے ہی ٹریننگ کیلئے شارٹ لسٹ ہوتے ہیں۔ آرمی، نیوی اور ایئرفورس سمیت افواج پاکستان میں پرموشن کورسز کے دوران پوسٹنگ کا تصور بھی نہیں۔ سی ایس ایس گروپس میں ٹریننگ اور پرموشن عجیب مذاق بنا ہوا ہے ایک طرف 45ویں کامن والے تو ساتھ 37 والے ایم سی ایم سی کر رہے ہیں۔ پاکستان ایڈمنسٹریٹو سروس کے علاوہ باقی افسران کیلئے گریڈ بائیس حاصل کرنا مشکل ترین مرحلہ ہے۔ انتہائی مضحکہ خیز بات ہے کہ جس کی عمر 58 سال ہو جائے وہ ٹریننگ کیے بن ڈائریکٹ پرموشن حاصل کر سکتا ہے۔ چاہیے تو یہ تھا کہ حکومت یہ شرط رکھتی کہ جس کی عمر 57 سال ہو جائے اسے کسی پرموشن ٹریننگ میں نہ تو نامینیٹ کیا جائے گا اور نہ ہی پرموٹ۔ لیکن یہاں ایک چور راستہ دیا گیا ہے کہ آپ ٹریننگ فارغ کروائیں اور ڈائریکٹ پرموٹ ہو جائیں۔ جس نے سسٹم کو ٹھینگے پر رکھا کہ یہ تمہارے سسٹم کی اوقات ہے، اسے کس خوشی میں پرموشن دینی؟ واضح پالیسی ہونی چاہیے کہ نو ٹریننگ نو پرموشن۔ شیر جنگل کا بادشاہ ہے انڈے دے یا بچے کے مترادف تین دفعہ ٹریننگ کورسز چھوڑنے کی گنجائش موجود ہے۔

شام غزل اور قوالی میں رقص رومی کی روح زندہ کر دی گئی

حسبِ منشا

منشا قاضی

manshaqazi@hotmail.com

منافقت، جھوٹ، ریاکاری اور شدید افراتفری کے تپتے ہوئے صحرا میں کہیں سے اگر کوئی خوشگوار جھونکا جسم و جاں کو چھوتا ہوا اپنا لمس چھوڑتا ہے تو ایک گونہ مسرت محسوس ہوتی ہے، گذشتہ شام، شام غزل اور قوالی کے ساتھ رقص رومی و درویش کے حسین امتزاج سے ماحول کو جس طرح اطمینان افروز کیفیت میں بدلا اس نے حاضرین و ناظرین اور سامعین کے اجسام و ابدان میں ایک لرزش خفی پیدا کر دی، مہمان خصوصی وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات جناب عطاء اللہ تارڑ تھے جو اپنی بعض ناگزیر مصروفیات کی بنا پر تشریف نہ لا سکے، بہرحال ان کی والدہ محترمہ ساجدہ فاروق تارڑ ہمارے سابق صدر پاکستان جسٹس محمد رفیق تارڑ مرحوم کی ذہین و فطین بہو کی موجودگی نے بڑی شخصیات کے خلا کو پُر کر دیا۔ محترمہ ساجدہ فاروق تارڑ سیاسی خاندان سے نسبت کی وجہ سے ہی معروف نہیں ہیں بلکہ وہ سماجی سائنس دان کی حیثیت سے بھی حلقے کے عوام میں قدر، احترام اور عزت و آبرو کی مستحق قرار پاتی ہیں، محترمہ ساجدہ فاروق تارڑ اختتامی لمحات تک موجود رہیں، مہمان اعزاز کامران لاشاری اور محترمہ ساجدہ فاروق تارڑ دونوں نے بین الاقوامی شہرت یافتہ عجوبہ ء روزگار معالج رحمٰن فاؤنڈیشن کے چیئرمین ڈاکٹر وقار احمد نیاز کو ان کی تحقیقی صلاحیتوں کا اعتراف کرتے ہوئے انہیں اپنے دست مبارک سے ایوارڈ دیا اس موقع پر محترمہ فرح دیبا اور عوام دوست راہنما جناب چوہدری جہاں زیب بھی موجود تھے، کامران لاشاری ہماری تہذیب و ثقافت کے فروغ میں اہم کردار ادا کر رہے ہیں ان کو جتنا بھی خراج تحسین پیش کیا جائے کم ہے آپ نے لاہور کو خوبصورت پیکر میں ڈھال کر پوری دنیا کی توجہ لاہور کی جانب مبذول کرائی ہے یہ سارا کریڈٹ جناب کامران لاشاری کے منصوبہ ساز ذہن کا عکاس ہے۔ آپ تھوڑی دیر کے بعد تشریف لے گئے ان کے جانے کے بعد بریگیڈیئر بابر علاؤالدین وزیر اعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز کے مشیر تشریف لے آئے، عوام دوست راہنما چوہدری جہاں زیب اپنی بیشمار مصروفیات کے باوجود، موجود رہے۔ محترمہ ساجدہ فاروق تارڑ کے دست مبارک سے ایوارڈ دیئے گئے۔ جناب کامران لاشاری کے دست مبارک سے عوام دوست راہنما چوہدری جہاں زیب نے اپنا ایوارڈ وصول کیا تو ہال سامعین کی تالیوں سے گونج اٹھا، میڈم فرح دیبا کو آرڈینیٹر ٹو فیڈرل منسٹر قومی ورثہ و ثقافت ڈویژن کی محنت شاقہ اور مہارت تامہ کی مجموعی حکمتِ عملی کی جھلک صاف دکھائی دیتی تھی، شام غزل اور قوالی کی صدائے بازگشت اگلے سال تک سنائی دیتی رہے گی، نقابت و نظامت کے فرائض جس خوبی اور مہارت سے باپ بیٹی نے سرانجام دیئے اس پر انہیں جتنا بھی خراج تحسین پیش کیا جائے کم ہے اور اگر انہیں آزادی اور خود اعتمادی سے چھوڑ دیا جاتا تو ان کی کارکردگی کا حسن شام غزل اور قوالی کے اس عمل کو اور بھی پرکشش اور وجد آفریں بنا دیتا، مگر ایسا نہ ہو سکا۔ جس طرح ڈاکٹر عبد القدیر خان نے پاکستان کو ایٹمی طاقت دی ہے اسی طرح رحمٰن فاؤنڈیشن کے چیئرمین ڈاکٹر وقار احمد نیاز کی تحقیقی کاوش کو امریکہ نے بھی سراہا ہے کہ انہوں نے انسانوں کو سلامت رکھنے والی ہربل طریقہء علاج دریافت کیا ہے، ڈاکٹر وقار احمد نیاز بمعہ اپنے بیوی بچوں کے آخر دم تک موجود تھے، بین الاقوامی شہرت یافتہ موٹیویشنل سپیکر راؤ محمد اسلم خان کی گفتگو کی جستجو میں کئی لوگ بیٹھے تھے جن کے کان راؤ محمد اسلم خان کی بولنے والی زبان سے محروم رہے ان کے ہمراہ جناب صاحبزادہ طارق شریف زادہ جو بولتے نہیں موتی رولتے ہیں وہ بھی راؤ محمد اسلم خان کے ساتھ ہال سے نکل گئے، مقامی اخبار کے چیف ایڈیٹر جناب صفدر علی خان اپنی بیگم صاحبہ کے ہمراہ ہمہ تن گوش تھے۔ فلک شیر وٹو کے علاوہ زندگی کے ہر شعبے سے متعلقہ لوگوں کی کثیر تعداد موجود تھی، آشیانہ قائد سے جناب چوہدری سلیم اور ان کے ہمراہ کئی سماجی کارکن بھی موجود تھے قاضی خاور کی مجموعی حکمت عملی کامیاب رہی اور عوام دوست راہنما جو ماہر اقبال بھی ہیں ان کی دلچسپی کا مرکز و محور تقریب کی کامیابی پر مرکوز تھا۔ وزارتِ اطلاعات و نشریات کی کارکردگی کا حسن فرح دیبا کی کوشش و کاوش کا رہین منت تھا، ماہانہ ایسی نشستیں جاری رہیں تو پاکستانی عوام میں محبت و الفت کی قندیلیں فروزاں ہو سکتیں ہیں۔ یہ سارا کریڈٹ وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات جناب عطاء اللہ تارڑ کو جاتا ہے جن کی مثبت سوچ کے بطن سے اخوت و رواداری کے چشمے پھوٹ رہے ہیں، نفاذ اردو تحریک کے سربراہ جناب ظفر اقبال بھی تشریف فرما تھے۔ پرتکلف عشائیہ کا اہتمام بھی چوہدری جہاں زیب عوام دوست راہنما کی طرف سے موجود تھا، مدت مدید کے بعد محمودہ سلیم ویلفیئر فاؤنڈیشن کی سربراہ فوزیہ امیر اور ان کے شریک زندگی سید محمد علی سے ملاقات ہوئی جو بڑی خوشگوار ماحول میں ہوئی۔

SHOWBIZ
قوت

نیلم منیر کے شوہر پاکستانی نکلے، پہلی ملاقات کہاں ہوئی؟ دیور نے بتادیا

معروف پاکستانی اداکارہ کی شادی اور ولیمہ دبئی میں ہوا جس میں صرف قریبی رشتہ دار شریک ہوئے

کراچی (کلچرل ڈیسک) پاکستانی اداکارہ نیلم منیر کی دبئی میں شادی کی تصاویر سال نو کے آغاز پر سوشل میڈیا پر وائرل ہوئیں، اور اب ان کے شوہر کے بارے میں حیران کن تفصیلات سامنے آئی ہیں۔ نیلم کے دیور ثمر رانجھا نے نجی میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے بتایا کہ ان کے بھائی محمد راشد کا تعلق میانوالی، پاکستان سے ہے اور وہ 2006 سے دبئی میں مقیم ہیں۔ وہاں ان کا ٹریول اینڈ ٹورازم کا بزنس اور 3 سے 4 ریسٹورنٹس ہیں۔ ثمر نے مزید بتایا، "بھائی اور نیلم کی پہلی ملاقات دبئی کے ایک ریسٹورنٹ میں ہوئی۔ پھر اسنیپ چیٹ پر بات چیت کا سلسلہ شروع ہوا اور دونوں میں محبت ہوگئی۔ دو ڈھائی سال کے تعلق کے بعد انہوں نے شادی کر لی۔ "شادی اور ولیمہ دبئی میں ہوا، جس میں صرف قریبی رشتہ دار شریک ہوئے۔ ثمر نے کہا، "نیلم نے مجھے سلامی میں گولڈ کی چین اور موبائل گفٹ کیا، جبکہ میں نے انہیں 8 سے 9 لاکھ روپے کا بریسلیٹ دیا۔ پاکستان واپسی پر میانوالی میں بھی ولیمہ منعقد ہوگا۔ "دیور نے مزید انکشاف کیا کہ نیلم منیر اخلاقا بہت اچھی ہیں اور ان کی فیملی سے اچھے تعلقات ہیں۔ واضح رہے کہ یوٹیوبر یاسر شامی نے دعوی کیا تھا کہ نیلم منیر کے شوہر دبئی پولیس کے سی آئی ڈی ڈپارٹمنٹ میں کام کرتے ہیں، جہاں ان کی تنخواہ تجربے کے حساب سے 13 ہزار سے 22 ہزار درہم (تقریبا 10 سے 17 لاکھ پاکستانی روپے) تک ہوسکتی ہے۔

علی رحمٰن بھی شادی کے بندھن میں بندھنے کو تیار، دلہن کون؟

کہا جارہا ہے کہ معروف اداکار اپنی فٹنس ٹرینر نصرت کے ساتھ شادی کرنے والے ہیں

کراچی (کلچرل ڈیسک) پاکستانی شوبز انڈسٹری میں شادیوں کا سیزن 2025 میں بھی زور و شور سے جاری ہے۔ اب مشہور اداکار علی رحمان خان کی شادی کے بارے میں خبریں گردش کررہی ہیں جو جلد اپنی نئی زندگی شروع کرنے جارہے ہیں۔ سوشل میڈیا پر گردش کرنے والی افواہوں کے مطابق علی مارچ 2025 میں رشتہ ازدواج میں منسلک ہوجائیں گے ان کی شادی کی تقریبات کراچی میں ہوں گی اور کہا جارہا ہے کہ وہ اپنی فٹنس ٹرینر نصرت کے ساتھ شادی کرنے والے ہیں۔ ان خبروں کا آغاز اس وقت ہوا جب علی رحمان نے انسٹاگرام پر ڈیٹ نائٹ کے کیپشن کے ساتھ نصرت کے ساتھ تصاویر شیئر کیں، جس کے بعد ان کے رشتے کے بارے میں چہ مگوئیاں شروع ہوگئیں۔ تاہم ایک حالیہ انٹرویو میں علی رحمان نے ان افواہوں کی تردید کرتے ہوئے کہا کہ میں ابھی شادی نہیں کررہا، اور سوشل میڈیا صارفین مجھے ان دوستوں کے ساتھ جوڑ دیتے ہیں جن کے ساتھ میں تصویریں لیتا ہوں۔ اداکار نے مزید کہا کہ وہ اپنے دوستوں کے ساتھ سیلفیز لینا پسند کرتے ہیں اور مداح اکثر قیاس آرائیاں کرتے ہیں۔ علی اور نصرت کی ایک وائرل سیلفی نے ان افواہوں کو جنم دیا، اگرچہ دونوں نے شادی کی خبروں کی تصدیق نہیں کی تاہم قریبی ذرائع کا کہنا ہے کہ ان کی شادی کی گونج جلد سنائی دے سکتی ہے۔



خواتین کو لباس پر شرمندہ کرنا بند کریں، منشا پاشا کا ٹرولنگ پر جواب

یشما گل کی بہن کی شادی میں منشا کے پہنے ہوئے لباس پر سوشل میڈیا پر شدید تنقید کی گئی

کراچی (کلچرل ڈیسک) پاکستانی اداکارہ منشا پاشا نے خواتین کے لباس پر تنقید کرنے والے ٹرولز کو کرارا جواب دیا ہے۔ یشما گل کی بہن کی شادی میں منشا کے پہنے ہوئے لباس پر سوشل میڈیا پر شدید تنقید کی گئی، جس کے جواب میں اداکارہ نے انسٹاگرام پر اپنا موقف پیش کیا۔ ایک صارف نے تصویر پر تنقید کرتے ہوئے لکھا، "تم لوگوں نے ننگا ہونا کیوں اختیار کرلیا ہے؟ بھارت کی اندھی تقلید کررہے ہو۔" منشا نے جواب میں لکھا، "بھارت کو ہر معاملے میں گھسیٹنا کیوں ضروری ہے؟ اگر آپ کو لباس پسند نہیں تو ٹھیک ہے، لیکن ایسا ظاہر نہ کریں جیسے آپ کو کوئی احساس کمتری ہے۔" اداکارہ نے اپنی انسٹاگرام اسٹوریز پر بھی اس معاملے پر بات کی اور لکھا، "تاریخ اور ثقافت کو سلیکٹ کر کے سفید دھونا اور آج کی خواتین کو شرمندہ کرنا سمجھ سے باہر ہے۔" منشا نے پرانی پاکستانی فلموں کے مشہور مناظر کے اسکرین شاٹس بھی شیئر کیے، جن میں اداکارائیں بغیر آستین کے لباس، روایتی مگر نیم کھلے لباس یا چائے خانوں میں سگریٹ پیتے ہوئے دکھائی گئیں۔ انہوں نے ثابت کیا کہ یہ لباس آج کے فیشن سے مختلف نہیں اور پاکستانی ثقافت میں پہلے سے موجود ہیں۔ منشا کا کہنا تھا کہ آج کی خواتین کو ان کے لباس پر شرمندہ کرنے کی کوئی وجہ نہیں جب کہ یہ لباس ماضی کی اداکاراں کے انداز سے متاثر ہیں۔

فلم مولا جٹ کے فلمساز سرور بھٹی دل کا دورہ پڑنے سے انتقال کر گئے



لاہور (کلچرل ڈیسک) لالی ووڈ کی مشہور زمانہ شاہکار فلم مولا جٹ کے فلمساز سرور بھٹی انتقال کر گئے۔ قریبی زرائع کے مطابق سرور بھٹی کو صبح دل کا دورہ پڑا جو جان لیوا ثابت ہوا۔ رات سانس لینے کی دشواری کی شکایت پر انہیں اسپتال میں داخل کیا گیا تھا۔ مرحوم کی نماز جنازہ آج بعد از نماز عشا داتا دربار میں ادا کی جائے گی۔ مرحوم سرور بھٹی کا جنازہ ان کی رہائشگاہ 270 پاک بلاک اقبال ٹان سے اٹھایا جائے گا۔ شوبز انڈسٹری کے فنکاروں کی جانب سے سرور بھٹی کے انتقال پر افسوس کا اظہار کیا جارہا ہے۔ سرور بھٹی کی فلم مولا جٹ 1979 میں ریلیز ہوئی تھی جس بلاک بسٹر ثابت ہوئی اور اب اس کا سیکوئل دی لیجنڈ آف دی مولا جٹ بھی بنایا جاچکا ہے۔

گوہر رشید رشتہ ازدواج میں بندھ گئے؟ نکاح کی ویڈیو وائرل

ویڈیو میں گوہر رشید نکاح خواں کی ہدایات پر دستاویزات پر دستخط کرتے نظر آرہے ہیں



کراچی (کلچرل ڈیسک) مشہور پاکستانی اداکار گوہر رشید کی نکاح کی ویڈیو منظر عام پر آگئی۔ سوشل میڈیا پر وائرل ہونے والی ویڈیو میں اداکار کو نکاح خواں کے سامنے دستاویزات پر دستخط کرتے دیکھا جاسکتا ہے جبکہ اس موقع پر ہدایتکار بلال لاشاری اور اداکار حمزہ علی عباسی بھی ان کے ہمراہ موجود ہیں۔ یہ ویڈیو ایسے وقت میں سامنے آئی ہے جب گوہر رشید کی ان کی قریبی دوست اداکارہ کبری خان کے ساتھ شادی کی افواہیں گرم ہیں۔ سوشل میڈیا پر پھیلی افواہوں میں یہ دعوی کیا گیا تھا کہ گوہر رشید اور کبری خان فروری تک شادی کے بندھن میں بندھ جائیں گے۔ علاوہ ازیں گوہر رشید نے اپنے آفیشل انسٹاگرام اکانٹ پر کچھ ڈانس پریکٹس کی ویڈیوز بھی شیئر کیں تھیں، جن میں شوبز سے تعلق رکھنے والی شخصیات ایک جگہ جمع نظر آرہے تھے جن میں کبری خان بھی شامل تھیں۔ ان ویڈیوز کے ساتھ اداکار نے میرے یار کی شادی جیسے ہیش ٹیگز استعمال کیے، جس نے مداحوں کو قیاس آرائیوں پر مجبور کر دیا۔ نئی ویڈیو میں گوہر رشید نکاح خواں کی ہدایات پر دستاویزات پر دستخط کرتے نظر آرہے ہیں تاہم یہ واضح نہیں ہوسکا کہ یہ ویڈیو گوہر رشید کی اپنی شادی سے متعلق ہے یا کسی اور تقریب کا حصہ۔

سرفراز احمد پی ایس ایل 10 سے باہر، کسی ٹیم نے نہیں لیا

سرفراز احمد نے ایک روز قبل ہی گلیڈی ایٹرز کے ساتھ اپنا 9 سالہ سفر ختم کرنے کا اعلان کیا تھا

لاہور (میاں شہروز سے) پاکستان سپر لیگ (پی ایس ایل) 10 کی ڈرافٹنگ میں قومی ٹیم اور گلیڈی ایٹرز کے سابق کپتان سرفراز احمد کو کسی بھی فرنچائز نے اپنے ساتھ شامل نہیں کیا۔ پی ایس ایل سیزن 10 کے پلیئرز ڈرافٹ کی تقریب کا انعقاد شاہی قلعہ میں کیا گیا جس میں چھ فرنچائزز نے اپنے اسٹارز پر مشتمل اسکواڈز کا انتخاب کیا۔ تمام فرنچائزز نے پلاٹینیم، ڈائمنڈ، گولڈ اور سلور کیٹگری میں کھلاڑیوں کو اپنی ٹیم میں شامل کیا اس کے علاوہ ایمرجنگ کیٹگری میں بھی کھلاڑیوں کا انتخاب کیا گیا۔ قومی کرکٹ ٹیم اور کوئٹہ گلیڈی ایٹرز کے سابق کپتان سرفراز احمد کا انکی پرانی فرنچائز سمیت کسی بھی ٹیم نے انتخاب نہیں کیا۔ ایک روز قبل سرفراز احمد نے کوئٹہ گلیڈی ایٹرز کے ساتھ اپنا 9 سالہ سفر ختم کرنے کا اعلان کیا اور موقع دینے پر ٹیم کے مالک، مینجمنٹ کا شکریہ ادا کیا تھا۔ ذرائع نے بتایا تھا کہ گلیڈی ایٹرز کے مالک نے سرفراز احمد کو اہم کردار دینے کا فیصلہ کیا ہے تاہم ڈرافٹنگ مکمل ہونے کے بعد یہ بات واضح ہوگئی کہ انہیں کسی بھی ٹیم نے منتخب نہیں کیا اور وہ پی ایس ایل سے باہر ہوگئے ہیں۔

شرمناک کارکردگی پر بھارتی بورڈ کا روہت اور کوہلی کیلئے سخت فیصلہ

اب سے کوئی سینئر کھلاڑی دوطرفہ سیریز کو پک اینڈ ڈراپ نہیں کرے گا، بی سی سی آئی

نیو دہلی (اسپورٹس ڈیسک) آسٹریلیا کیخلاف ٹیسٹ سیریز میں شرمناک شکست کے بعد بھارتی بورڈ نے سخت اقدامات کرتے ہوئے اسٹار کھلاڑیوں کو ڈومیسٹک کرکٹ کھیلنے کی ہدایت کردی۔ بھارتی میڈیا کے مطابق بی سی سی آئی نے ویرات کوہلی اور روہت شرما کی مسلسل خراب پرفارمنس کے بعد دونوں اسٹار کرکٹرز کو ڈومیسٹک کرکٹ کھیلنے کی ہدایت کی ہے۔ آسٹریلیا میں کھیلی گئی بارڈر گواسکر ٹرافی میں روہت شرما اور ورات کوہلی کی خراب کارکردگی کے بعد بی سی سی آئی کے جائزہ اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ اب سے کوئی کھلاڑی دوطرفہ سیریز کو پک اینڈ ڈراپ نہیں کرے گا۔ سیریز چھوڑنے کے لیے انہیں درست میڈیکل رپورٹ جمع کرانی ہوگی۔ اس سے پہلے کئی سینئر بھارتی کھلاڑیوں نے اپنی مرضی سے آرام کرنے کے لیے دوطرفہ سیریز سے باہر بیٹھنے کا فیصلہ کیا تھا۔ ورات کوہلی نے آخری بار 2013 میں ڈومیسٹک ٹورنامنٹ کھیلا تھا جبکہ کپتان روہت شرما 2018 سے ڈومیسٹک کرکٹ سے دور ہیں، بی سی سی آئی نے واضح کیا ہے کہ جو کھلاڑی ٹیسٹ کرکٹ کھیلنا چاہتے ہیں انہیں ڈومیسٹک کرکٹ لازمی کھیلنا ہوگی۔ بھارت اور انگلینڈ کے درمیان ون ڈے سیریز 6 فروری سے شروع ہورہی ہے۔ ورات کوہلی اور روہت شرما انگلینڈ سیریز سے پہلے ڈومیسٹک ٹورنامنٹ رنجی ٹرافی کا کم ازکم ایک میچ کھیل سکتے ہیں۔ واضح رہے کہ بارڈر گواسکر ٹرافی کے پہلے ٹیسٹ میں سنچری بنانے کے باوجود کوہلی نے پانچ میچوں میں صرف 190 رنز بنائے تھے جبکہ روہت شرمانے 3 میچوں میں صرف 31 رنز بنائے تھے، بھارتی کپتان نے پہلے اور آخری ٹیسٹ میں باہر بیٹھ کر آرام کیا تھا۔

پشاور زلمی چھوڑنہیں رہا کیونکہ ان کی مینجمنٹ بہت اچھی ہے، بابر اعظم

میچ جیتنے کیلیے بڑے نام نہیں بلکہ لڑنے والے کرکٹر کی ضرورت ہوتی ہے، کپتان پشاور زلمی



لاہور (میاں شہروز سے) قومی کرکٹ ٹیم کے سابق جبکہ پی ایس ایل کی فرنچائز زلمی کے کپتان بابر اعظم نے کہا ہے کہ میچ جیتنے کیلیے بڑے نام والے نہیں بلکہ لڑنے والے کرکٹرز کی ضرورت ہوتی ہے۔ بابر اعظم نے اپنے ایک بیان میں واضح کیا کہ وہ پاکستان سپر لیگ کے سیزن 10 میں پشاور زلمی کا حصہ رہیں گے اور انہوں نے واضح کیا کہ اگر بطور کھلاڑی کھیلنا پڑا تب بھی مینجمنٹ کے ساتھ رہیں گے۔ بابر اعظم نے کہا کہ پشاور زلمی چھوڑ نہیں رہا کیونکہ ان کی مینجمنٹ بہت اچھی ہے۔ انہوں نے کہا کہ بڑے ناموں والوں سے نہیں لڑنے والے کرکٹرز کی ضرورت ہوتی ہے، کرکٹ میں سو فیصد کارکردگی دکھانا مقصد ہوتا ہے۔

پی ایس ایل کے موسٹ ویلیو ایبل کھلاڑی کا ایوارڈ شاداب خان کے نام

لاہور (اسپورٹس ڈیسک) پاکستان سپر لیگ کو ایک دہائی مکمل ہونے پر سیزن 10 کی پلیئرز ڈرافٹ کی تقریب کے دوران کھلاڑیوں کو ایوارڈز سے نوازا گیا۔ پاکستان کرکٹ ٹیم کے مایہ ناز بیٹسمین بابر اعظم کو پی ایس ایل کے بہترین بیٹر کا فین چوائس ایوارڈ دیا گیا۔ انگلش بیٹسمین جیسن رائے کو بہترین انفرادی بیٹنگ میں فینز چوائس ایوارڈ دیا گیا۔ شاہین آفریدی کو پی ایس ایل کے بہترین بولر کا فین چوائس ایوارڈ دیا گیا۔ شاداب خان کو پی ایس ایل سیزن 7 میں یادگار پرفارمنس پر موسٹ ویلیو ایبل پلیئر) ایم وی پی (ایوارڈ سے نوازدیا گیا۔

HBL PSL FANS' CHOICE AWARDS
HBL PSL
HBL PSL
MVP
SHADAB KHAN

ڈیوڈ وارنر پی ایس ایل 10 کے مہنگے ترین کھلاڑی بن گئے

آسٹریلوی جارحانہ بلے باز ڈیوڈ وارنر کو کراچی کنگز نے پلاٹینیم کیٹگری میں منتخب کیا ہے

لاہور (اسپورٹس ڈیسک) آسٹریلیا کے کھلاڑی ڈیوڈ وارنر پاکستان سپر لیگ کے سیزن 10 کے سب سے مہنگے کھلاڑی بن گئے ہیں۔ لاہور میں ہونے والے پی ایس ایل 10 کے ڈرافٹ کی تقریب کے دوران کراچی کنگز نے ڈیوڈ وارنر کو 3 لاکھ ڈالر 8) کروڑ 36 لاکھ روپے (کے معاوضے کے ساتھ اپنی ٹیم میں شامل کیا۔ اس معاہدے کے ساتھ، وارنر پی ایس ایل 10 کے سب سے مہنگے کھلاڑی بن گئے ہیں۔ اس کے علاوہ کراچی کنگز نے نیوزی لینڈ کے کین ولیمسن کو بھی اپنی ٹیم میں شامل کرلیا ہے۔ کراچی کنگز نے پلاٹینیم کیٹگری میں ڈیوڈ وارنر، ایڈم ملکن اور عباس آفریدی کو منتخب کیا ہے۔ ڈیوڈ وارنر کرکٹ کے تینوں فارمیٹس میں جارحانہ بیٹنگ کے حوالے سے اپنی منفرد پہچان رکھتے ہیں اور وہ دنیا کے دس بہترین بلے بازوں میں شامل ہیں۔

کم وقت میں اچھی اور گہری نیند کے نسخے

اقصی ناز ایڈووکیٹ

ہم اکثر کم سونے پر فخر کرتے ہیں اور کم سونے کو اپنے زیادہ مصروف ہونے کا پیمانہ قرار دیتے ہیں۔ تھامس ایڈیسن، مارگریٹ تھیچر، مارتھا سٹیورٹ اور ڈونلڈ ٹرمپ سب کا دعویٰ ہے کہ وہ رات کو صرف چار سے پانچ گھنٹے سوتے ہیں۔ ماہرین کی عمومی رائے یہ ہے کہ بالغ افراد کو روزانہ سات سے نو گھنٹے سونا چاہیے لیکن ایک تہائی امریکی بالغ افراد کو باقاعدگی سے مناسب نیند نہیں آتی ہے۔ کم سونے کے صحت پر بہت مضر اثرات ہیں جن میں یادداشت کی کمی، فیصلے کرنے کی صلاحیت میں کمی، انفیکشن اور موٹاپے میں اضافہ وغیرہ شامل ہیں۔ عام طور پر لوگ ان خطرات کو جانتے ہیں، لیکن ان کو نظر انداز کرتے ہیں۔ جب بھی ہمیں کسی کام کے لیے اضافی وقت درکار ہوتا ہے تو پہلی قربانی نیند کی ہوتی ہے۔ کیا ہوگا کہ اگر ہم کم وقت میں گہری نیند کے زیادہ فوائد حاصل کر سکیں؟ نیند کی نئی آپٹمائزیشن ٹیکنالوجی کے سبب اب ایسا ہوتا ممکن نظر آرہا ہے۔ دنیا بھر کے تجربات سے یہ بات ثابت ہوئی ہے کہ رات کو گہری نیند میں جانے اور دماغ کی استعداد دونوں میں اضافہ کیا جاسکتا ہے۔ عام راتوں میں دماغ نیند کے کئی مراحل سے گزرتا ہے۔ ہر مرحلے میں دماغ کی لہروں کا ایک خاص پیٹرن ہوتا ہے جس میں نیوران ایک ساتھ ایک لے پر متحرک ہوتے ہیں بالکل ویسے ہی جیسے کوئی ہجوم اکٹھے گانا گا رہا ہو یا ایک ساتھ ڈھول بجا رہا ہو۔ آنکھوں کی تیز رفتار حرکت (آر ای ایم) کے دوران یہ لے کافی تیز ہوتی ہے۔ اس وقت خواب دیکھنے کے امکانات سب سے زیادہ ہوتے ہیں۔ ایک موقع پر ہماری آنکھوں کی پتلیوں کی رفتار رک جاتی ہے، خواب غائب ہوجاتے ہیں اور دماغ کی لہروں کی لے ایک بیٹ فی سیکنڈ میں کم ہو جاتی ہے۔ یہی وہ وقت ہے جب ہم گہری نیند میں چلے جاتے ہیں۔ اس لاشعوری حالت کو ’سلوویوز‘ یا ست رفتار لہر والی نیند کہتے ہیں۔ یہ وہ مرحلہ ہے جس میں سائنسدان نیند کے بہترین استعمال کے لیے دلچسپی رکھتے ہیں۔ سنہ 1980 کی دہائی سے جاری تحقیق سے ثابت ہوا ہے کہ دماغ کی بحالی کے لیے سلوویو والی نیند آنا ضروری ہے۔ اسی وقت دماغ قلیل مدتی یادوں کو طویل المیعاد ذخائر میں بھیجتا ہے تاکہ ہم نے جو کچھ سیکھا ہے اسے فراموش نہ کریں۔ جرمنی کی ٹیوبنگن یونیورسٹی میں میڈیکل سائیکالوجی اینڈ بیہیورل نیوروبیالوجی ڈیپارٹمنٹ کے ڈائریکٹر جان بورن کا کہنا ہے کہ معلومات کی ترسیل ست لہریں کرتی ہیں۔ یہ لہریں دماغ میں خون اور دماغی شریانوں کے بہاؤ کو متحرک کرسکتی ہیں اور اس سے اعصاب کے لیے نقصان دہ ملبے کو باہر کیا جاتا ہے۔ یہ لہریں تناؤ پیدا کرنے والے کورٹیسول ہارمون کو کم کرتی ہیں اور مدافعتی نظام کو مضبوط بنانے میں مددگار ثابت ہوتی ہیں۔ اس طرح کے نتائج نے سائنس دانوں کو یہ سوچنے پر مجبور کیا ہے کہ آیا ہم ان چھوٹی موٹی لہروں کی پیداوار میں اضافہ کر کے نیند کے فوائد میں اضافہ کر سکتے ہیں؟ ایسا کرنے کی سب سے معتبر تکنیک دماغ کی صحیح لے کو شمار کرنے والے میٹرونوم کی طرح کام کرتی ہے۔ تجربے کے شرکا ایک ہیڈ سیٹ پہنتے ہیں جو ان کے دماغ کی حرکت کو ریکارڈ کرتا ہے اور پتا چلتا ہے کہ ست لہریں کب بننا شروع ہوئیں۔ پھر یہ آلہ دماغ کی قدرتی طور پر ست رفتار لہروں کے ساتھ وقفے وقفے سے اسی سے ملتے جلتے میٹھے سُر بجاتا ہے۔ یہ آوازیں اتنی آہستہ ہیں کہ ان سے نیند متاثر نہیں ہوتی لیکن یہ اتنی تیز ضرور ہوتی ہیں کہ دماغ انھیں لاشعوری حالت میں بھی ریکارڈ کر لیتا ہے۔ بورن نے اس طرح کے کئی تجربات کیے ہیں۔ انھیں معلوم ہوا کہ یہ میٹھی آوازیں دماغ کی لے کو تقویت دینے کے لیے کافی ہیں۔ یہ آوازیں سلوویو نیند کو مزید گہرا کرتی ہیں۔ ہیڈ سیٹ پہننے والے شرکا نے میموری ٹیسٹ میں بہتر کارکردگی کا مظاہرہ کیا۔ انھیں ایک دن پہلے سنی ہوئی باتیں بھی یاد رہیں۔ ان کے ہارمون کا توازن بھی بہتر ہوا، کورٹیسول کی سطح میں کمی آئی اور مدافعتی ردعمل میں بہتری آئی۔ ابھی تک ہونے والے تجربے میں شرکا نے کسی ناپسندیدہ ردعمل کی اطلاع نہیں دی ہے۔ بورن کا کہنا ہے کہ ’ہم پوری طرح مطمئن نہیں لیکن ابھی تک کوئی واضح مضر اثرات نظر نہیں آئے۔‘ گہری نیند کو فروغ دینے والے زیادہ تر تجربات نوجوانوں اور صحتمند افراد کے ایک چھوٹے سے گروپ پر کیے گئے ہیں۔ اس کے فوائد کے بارے میں مستند رائے دیے جانے سے پہلے مختلف گروہوں پر بڑے پیمانے پر تجربے کی ضرورت ہے۔ موجودہ شواہد کی بنیاد پر اس تکنیک کا استعمال کرتے ہوئے رات کو پہننے والے کچھ ہیڈ بینڈز بنائے گئے ہیں۔ فرانسیسی سٹارٹ اپ کمپنی ڈریم کے ہیڈ بینڈ کی قیمت تقریبا 330 پاؤنڈ ہے۔ اس میں آواز کے محرک استعمال سے گہری نیند میں اضافہ کیا جاتا ہے۔ یہ ہیڈ بینڈ ایک ایسی ایپ سے بھی جڑتا ہے جو نیند کے نمونوں کا تجزیہ کرتا ہے اور اچھی نیند کے لیے عملی مشورے فراہم کرتا ہے۔ اس میں توجہ اور سانس لینے کی مشقیں شامل ہیں تاکہ آپ رات کو جلد سو جائیں اور رات میں نیند کم متاثر ہو تاکہ پوری رات اچھی نیند آئے۔ فلپس کمپنی نے نیند کی کمی کے مضر اثرات کو کم کرنے کے لیے سمارٹ نیند یا گہری نیند کا ہیڈ بینڈ تیار کیا ہے۔ فلپس کے چیف سائنٹفک افسر ڈیوڈ وائٹ کے مطابق ان کا ہیڈ بینڈ ان لوگوں کے لیے ہے جو کسی بھی وجہ سے کافی نیند نہیں لے رہے ہیں۔ ڈریم کے ہیڈ بینڈ کی طرح فلپس نے بھی سنہ 2018 میں اپنا پہلا ہیڈ بینڈ لانچ کیا۔ یہ دماغ کی برقی حرکتوں کا احساس کرتا ہے اور باقاعدہ وقفوں سے کچھ میٹھی آوازوں کا اخراج کرتا ہے جو ایسی ہی لہریں پیدا کرتا ہے جو گہری نیند کی خصوصیت ہے۔ یہ ایک ایسے سمارٹ سافٹ ویئر پر مبنی ہے جو مختلف لوگوں کے لیے آواز کی شدت کو کنٹرول کرتا ہے۔ یہ ہیڈ بینڈ امریکہ میں 399 ڈالر میں دستیاب ہے۔ وائٹ نے اعتراف کیا ہے کہ یہ آلات رات کی نیند کا مکمل متبادل نہیں، لیکن نیند سے محروم لوگوں کی مدد ضرور کررہے ہیں۔ نیند کی کمی کے شکار افراد میں یہ مشینیں یادداشت کی کمی جیسے ذیلی اثرات کو بھی کم کرتا ہے۔ موٹریال کی کونکورڈیا یونیورسٹی کی آرور پیرالٹ نے ایک راکنگ بستر کا تجربہ کیا ہے جو ہر چار سیکنڈ میں آہستہ آہستہ آگے پیچھے جھولتا ہے۔ یہ تکنیک ان کے ایک ساتھی کے نومولود بچے کو سلانے سے لی گئی ہے۔ ان کی ٹیم سوچ رہی تھی کہ کیا بالغ افراد بھی جھولوں سے فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔ انھوں نے پایا کہ شرکا جلد ہی گہری نیند میں چلے گئے اور زیادہ دیر اسی حالت میں رہے کیونکہ دماغ کی لہریں بیرونی رفتار کے ساتھ مطابقت پذیر تھیں۔ رات بھر سونے کے بعد وہ تناؤ سے پاک محسوس کررہے تھے۔ اس سے ان کی یاد اور سیکھنے کی صلاحیت پر بھی اچھے اثرات پڑے۔ اگر اس قسم کی چارپائی مارکیٹ میں آجاتی ہے تو پھر یہ آواز کو متحرک کرنے والے ہیڈ بینڈ جیسے مقصد کو پورا کرے گی۔ پیرالٹ یہ جاننا چاہتے ہیں کہ آیا یہ بوڑھے لوگوں کے لیے مددگار ثابت ہوسکتا ہے۔ بڑھتی عمر کے ساتھ گہری نیند کی مقدار کم ہوتی جاتی ہے جو یادداشت کو بھی متاثر کرتی ہے۔ پیرالٹ کو امید ہے کہ جھولنے والی چارپائی اس سے نمٹنے کا ایک طریقہ ہوسکتی ہے۔ یہ شعبہ ابھی ابتدائی مراحل میں ہے لیکن ان سٹڈیز سے پتا چلتا ہے کہ ہماری نیند کو بڑھانے کے لیے بہت کچھ کیا جاسکتا ہے۔ پیرالٹ اور بورن دونوں صوتی محرک کا استعمال کرتے ہوئے ست لہریں پیدا کرنے والی اشیا کے متعلق پر امید ہیں۔ پیرالٹ کا خیال ہے کہ تجربہ گاہ سے باہر کے حالات میں مزید جانچ کی ضرورت ہے۔ مستقبل میں یہ دیکھنا دلچسپ ہوگا کہ کیا ایسی نیند بھی طویل مدتی فوائد فراہم کرسکتی ہے؟ طویل عرصے تک نیند کی کمی سے ذیابیطس اور الزائمر جیسی بیماریوں کے خطرات بڑھ جاتے ہیں، لیکن یہ ابھی تک واضح نہیں ہے کہ آیا نئی ٹیکنالوجی ان خطرات کو کم کرنے میں مددگار ثابت ہوگی یا نہیں۔ اب تک طویل مدتی اور قلیل مدتی یعنی ہر طرح کے فوائد حاصل کرنے کا صرف ایک ہی گارنٹی والا راستہ ہے اور وہ ہے پوری نیند لینا۔ چاہے آپ یہ ڈیوائسز خریدیں یا نہ خریدیں، آپ کو رات کے وقت جلدی سونے کی کوشش کرنی چاہیے، شراب، کیفین کی مقدار کم کرنا چاہیے اور سونے سے پہلے سکرین سے دور رہنا چاہیے۔ ہمارا دماغ بغیر آرام کے کام نہیں کر سکتا۔ خوشحال، صحت مند اور مفید زندگی گزارنے کے خواہشمند حضرات کو یہ بات بخوبی سمجھ لینی چاہیے۔

روزنامہ قوت لاہور
چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض

صنعت وتجارت نیوز

معیشت نامہ

چوہدری شافع حسین کی زیر صدارت پنجاب سرمایہ کاری بورڈ میں وڈیولنک اجلاس

راولپنڈی میں انڈسٹریل اسٹیٹ کے قیام کے امور کا جائزہ لیا گیا ایوان صنعت وتجارت راولپنڈی کا علاقے میں انڈسٹریل اسٹیٹ کے قیام کا مطالبہ صنعتکاروں کے مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کیے جارہے ہیں

صوبائی وزیر صنعت وتجارت چوہدری شافع حسین راولپنڈی میں انڈسٹریل اسٹیٹ کے قیام کے حوالے سے ویڈیولنک اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

لاہور (کامرس رپورٹر) صوبائی وزیر صنعت و تجارت چوہدری شافع حسین کی زیر صدارت پنجاب سرمایہ کاری بورڈ کے کمیٹی روم میں وڈیولنک اجلاس منعقد ہوا جس میں راولپنڈی میں انڈسٹریل اسٹیٹ کے قیام کے امور کا جائزہ لیا گیا۔ ایوان صنعت وتجارت راولپنڈی کے صدر عثمان شوکت کی قیادت میں وفد نے وڈیولنک کے ذریعے اجلاس میں شرکت کی۔ ایوان صنعت و تجارت راولپنڈی نے علاقے میں انڈسٹریل اسٹیٹ کے قیام کا مطالبہ کیا اور اس امر کا اظہار کیا کہ راولپنڈی میں کوئی انڈسٹریل اسٹیٹ نہیں ہے، انڈسٹری کے فروغ کیلئے یہاں انڈسٹریل اسٹیٹ کا قیام ضروری ہے۔ صوبائی وزیر صنعت وتجارت چوہدری شافع حسین نے اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ پنجاب میں نئی سرمایہ کاری لانے کیلئے ہماری کاوشیں رنگ لا رہی ہیں۔ صنعتکاری کا عمل تیز کرکے روزگار کے مواقع بڑھائے جاسکتے ہیں۔ صوبے میں انڈسٹری کے فروغ کیلئے ہر ضروری اقدام کیا جارہا ہے۔ چوہدری شافع حسین نے کہا کہ صنعتکاروں کے مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کئے جارہے ہیں۔ راولپنڈی میں غیر زرعی اراضی پر انڈسٹریل اسٹیٹ بنائی جائے گی۔

اوکاڑہ۔شہر بھر میں صفائی ستھرائی کے ساتھ ساتھ بیوٹیفکیشن کا عمل تواتر سے جاری

میونسپل کمیٹی اور ضلع کونسل کے اہلکار شہر کی صفائی ستھرائی کے معاملات پر عمل جاری رکھے ہوئے ہیں

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) اوکاڑہ۔شہر بھر میں صفائی ستھرائی کے ساتھ ساتھ بیوٹیفکیشن کا عمل تواتر سے جاری۔ ڈپٹی کمشنر احمد عثمان جاوید کی ہدایت پر میونسپل کمیٹی اور ضلع کونسل کے اہلکار شہر کے مختلف مقامات پر شہر کی صفائی ستھرائی کے ساتھ ساتھ بیوٹیفیٹ کا عمل بھی جاری رکھے ہوئے ہیں تاکہ عوام کو صاف ستھرا اور خوبصورت ماحول کا تحفہ فراہم کرکے ان کے لیے آسانیاں پیدا کی جائیں، اس کے علاوہ ضلعی انتظامیہ کے افسران صفائی اور بیوٹیفکیشن عمل کی نگرانی کرنے کے ساتھ ساتھ شہر کو زیادہ سے زیادہ خوبصورت بنانے کے لیے سرگرم عمل ہیں، اس کے علاوہ روڈز کے فٹ پاتھ اور مختلف پوائنٹس پر زیبرا کراسنگ بھی بنائی جارہی ہے تاکہ پیدل چلنے والے لوگوں کو روڈ کراس کرنے میں آسانی میسر کی جاسکے، عوام الناس نے شہر کی صفائی اور خوبصورتی کے لیے اقدامات کے حوالے سے ڈپٹی کمشنر احمد عثمان جاوید کی کاوشوں کو سراہا ہے۔

آپ ؓ کی مقدس تعلیمات پر عمل پیرا ہو کر دنیا وآخرت کو سنوارا جاسکتا ہے: بیگم طلعت شوکت

وزیرآباد (نامہ نگار) سابق ایم پی اے وضلعی صدر حلقہ خواتین مسلم لیگ (ن) بیگم طلعت شوکت چیمہ نے یوم ولادت حضرت علی المرتضیٰ ؓ کے موقع پر کہا کہ امیر المومنین حضرت علی المرتضیٰ ؓ کی محبت ہی ہمارے ایمان کی علامت ہے، آپ ؓ کی مقدس تعلیمات پر عمل پیرا ہو کر دنیا وآخرت کو سنوارا جاسکتا ہے، ملک کو درپیش بحرانوں سے نجات کے لئے حضرت علی ؓ کی تعلیمات پر حقیقی معنوں میں عمل پیرا ہو کر مشکلات ومصائب سے چھٹکارا حاصل کیا جاسکتا ہے، فاتح خیبر کی اسلام کی سربلندی کے لئے لازوال خدمات پر آپ ؓ کو خراج عقیدت پیش کرتے ہیں، حضرت علی ؓ نے دین اسلام کی سربلندی کے لئے اسلام دشمن قوتوں کو منہ توڑ جواب دیا، حضرت علی ؓ نے دین اسلام کی ترویج کے لئے جو خدمات سرانجام دیں وہ رہتی دنیا تک یاد رکھی جائینگی، حضرت علی ؓ کی ولادت ہمارے لئے باعث سعادت ہے، حضرت علی ؓ کی زندگی میں انسان کے لئے راہنمائی موجود ہے ہمیں چاہیے کہ امام عالی مقام حضرت علی ؓ کی زندگی کا مطالعہ کریں اور انکی عبادت خداوندی کو بجا لانے کی کوشش کریں، امیر المومنین کی پانچ سالہ حکومت میں عدل وانصاف کی حکومت قائم ہوئی

اوکاڑہ۔محکمہ بہبود آبادی کی ٹیمیں برتھ کنٹرول کی سلسلہ میں آگاہی کے لیے متحرک

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) اوکاڑہ۔محکمہ بہبود آبادی کی ٹیمیں برتھ کنٹرول کی سلسلہ میں آگاہی کے لیے متحرک، ڈسٹرکٹ پاپولیشن آفیسر عاصم ہدایت کی زیر نگرانی محکمہ بہبود ابادی کی ٹیمیں برتھ کنٹرول کے سلسلہ میں عوام کو موثر انداز میں آگاہی فراہم کررہی ہیں، بڑھتی آبادی کے مضر اثرات، برتھ کنٹرول اور کنٹراسیپٹر کے استعمال کے بارے میں عوامی آگاہی کے لیے اقدامات کیے جا رہے ہیں، ڈسٹرکٹ پاپولیشن آفیسر عاصم ہدایت نے کہا ہے کہ عوام الناس ان طریقوں پر عمل کرکے برتھ کنٹرول کے سلسلہ میں اپنا مثبت کردار ادا کریں اور متعلقہ محکموں کے شانہ بشانہ بڑھتی آبادی کی روک تھام کے لیے اپنا حصہ ملائیں۔

اوکاڑہ۔ڈپٹی کمشنر احمد عثمان جاوید کی ہدایات پر یوم حضرت علی رضی اللہ عنہ کے سلسلہ میں محکمہ سول ڈیفنس کی ٹیموں نے مختلف امام بارگاہوں میں سیکیورٹی کلیرنس کے فرائض سرانجام دیے

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) اوکاڑہ۔ ڈپٹی کمشنر احمد عثمان جاوید کی ہدایات پر یوم حضرت علی رضی اللہ عنہ کے سلسلہ میں محکمہ سول ڈیفنس کی ٹیموں نے مختلف امام بارگاہوں میں سیکیورٹی کلیرنس کے فرائض سرانجام دیے، سول ڈیفنس افیسر کے افسران کی زیر نگرانی اہلکاروں نے امام بارگاہوں کے داخلی اور خارجی راستوں پر پولیس کے جوانوں کے ہمراہ سیکیورٹی کے لیے ڈیوٹی دی جبکہ سول ڈیفنس کے بم ڈسپوزل سکواڈ نے امام بارگاہوں سرچنگ اینڈ سویپنگ کے ذریعے کلیرنس فراہم کی، اس موقع پر سول ڈیفنس افیسر وقار اکبر نے کہا کہ یوم حضرت علی رحمۃ اللہ عنہ کے موقع پر محکمہ سول ڈیفنس کی ٹیم میں متحرک انداز میں کام کررہی ہیں اور اس سلسلہ میں عوامی جان و مال کا تحفظ اولین ترجیح ہے۔

مستحق افراد کی معاونت اجر عظیم کا سبب، الخدمت فاونڈیشن مستحق افراد کو اپنے روزگار کے لیے بلاسود قرضہ جات فراہم کررہی ہے

وزیرآباد: (نامہ نگار) مستحق افراد کی معاونت اجر عظیم کا سبب، الخدمت فاؤنڈیشن مستحق افراد کو اپنے روزگار کے لیے بلاسود قرضہ جات فراہم کررہی ہے تاکہ ضرورت مند افراد اپنے کاروبار شروع کرکے اپنے خاندان کی باعزت کفالت کرسکیں ان خیالات کا اظہار الخدمت فاؤنڈیشن وزیرآباد کے زیر اہتمام مختلف مستحق افراد کو ایک لاکھ روپے قرضہ کی فراہمی کے موقع پر مشتاق احمد بٹ نے گفتگو کرتے ہوئے کیا اس موقع پر صابر حسین بٹ، جاوید مغل، ناصر محمود ڈلیر، عمران بٹ، رانا ارشد و دیگر بھی موجود تھے الخدمت فاؤنڈیشن کی جانب سے 35 افراد کو بلاسود ماہانہ اقساط پر ایک لاکھ روپے فی کس دیئے گئے جبکہ 20 افراد کو اپنے روزگار چلانے کے لیے مفت ریڑھیاں فراہم کی گئیں مشتاق احمد بٹ نے کہا کہ بہترین صدقات میں ضرورت مند افراد کی روزگار کے لیے معاونت ہے اپنا روزگار نوکری سے کہیں عظیم تر ہے جس میں اللہ تعالی نے برکت بھی رکھی ہے اور تجارت کو صلحا نے ہمیشہ اپنایا ہے ان کا کہنا تھا کہ مخیر افراد سے بھی یہی اپیل کروں گا کہ موجودہ سخت ترین معاشی مشکلات کے دور میں متوسط طبقہ کے افراد اور سفید پوش افراد کو کاروبار کے لیے بلاسود قرض اور انکی معاونت کریں اور اس نیک کام کے لیے افراد کو راغب کیا جانا چاہیے۔

اوکاڑہ۔محکمہ صحت کے افسران مریضوں کو معیاری طبی سہولیات کی فراہمی کی پالیسی پر گامزن

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) اوکاڑہ۔محکمہ صحت کے افسران مریضوں کو معیاری طبی سہولیات کی فراہمی کی پالیسی پر گامزن، چیف ایگزیکٹو آفیسر ڈسٹرکٹ ہیلتھ اتھارٹی ڈاکٹر سیف اللہ وڑائچ نے بنیادی مراکز صحت فضل شاہ، حجرہ شاہ مقیم اور شیر گڑھ میں مریضوں کو دستیاب طبی سہولیات کا جائزہ لیا اور صفائی ستھرائی مریضوں کو مفت ادویات کی دستیابی سمیت ڈاکٹر کی حاضری اور صفائی ستھرائی کے امور کا بھی جائزہ لیا، اس موقع پر انہوں نے کہا کہ خدمت خلق عین عبادت ہے

ڈاکٹر خالد محمود کی صاحبزادی، ذکی الحسن خالد اور سمیع الحسن خالد کی ہمشیرہ کی شادی محمد شہریار کے ساتھ بخیر وخوبی انجام پائی

وزیرآباد (نامہ نگار) پاکستان جرنلسٹس کونسل کے صدر اور سینئر صحافی ڈاکٹر خالد محمود کی صاحبزادی، ذکی الحسن خالد اور سمیع الحسن خالد کی ہمشیرہ کی شادی محمد شہریار کے ساتھ بخیر وخوبی انجام پائی۔ نکاح پروفیسر ڈاکٹر علامہ محمد آصف ہزاروی نے پڑھایا۔ شادی کی تقریب میں سرگودھا یونین آف جرنلسٹس (دستور) کے صدر ذوالفقار ہاشمی، پریس کلب وزیرآباد کے صدر افتخار احمد بٹ، سرپرست صابر حسین بٹ، جنرل سیکرٹری پریس کلب ضمیر کاظمی، الیکٹرانک میڈیا کے جنرل سیکرٹری محمد شہباز بخاری، ورکنگ جرنلسٹس ایسوسی ایشن کے صدر ڈاکٹر کاشف اشرف، مہر فیاض احمد فیضی، پاکستان جرنلسٹس کونسل کے جنرل سیکرٹری گلزار احمد نوشی، منیب الرحمن انصاری، سینئر صحافیوں نیر عالم، عابد محمود، زاہد ہاشمی، ڈاکٹر سید طاہر حسین زیدی، ڈاکٹر سید رضا سلطان، محمد سرور چوہان، شیخ محمد علی، مبشر علی، رانا عبدالرشید، سیف اللہ بٹ، فاروق چیمہ، گورنمنٹ کالج آف کامرس وزیرآباد کے سابق پرنسپل صاحبان پروفیسر رانا محمد اشفاق، محمد سلیم وڑائچ، محمد الیاس چیمہ دیگر پروفیسر محمد سلیم گلوتر، پروفیسر عبدالشکور، محمد بشیر چیمہ، عابد محمود جرال، سیف الاسلام، سنٹری انسپکٹر وزیرآباد ڈاکٹر نثار احمد، فرینڈلی ہینڈز ویلفیئر سوسائٹی وزیرآباد کے بانی ممبران محمد صدیق، طارق محمود کانجی، محمد طارق ظہیر وڑائچ، عارف سندھ، محمد ناصر ڈار، معروف کاروباری شخصیات میاں ندیم حیدر، میاں جواد یعقوب، انس ریاض اور زندگی کے مختلف شعبوں سے تعلق رکھنے والی شخصیات نے شرکت کی۔

سوہدرہ میں صفائی کی ابتر صورتحال پر شہری پھٹ پڑے

گلی محلوں میں جگہ جگہ پر پڑے کوڑے کرکٹ کے ڈھیر، انتظامیہ کی کارکردگی پر سوالیہ نشان

وزیرآباد (نامہ نگار) سوہدرہ میں صفائی کی ابتر صورتحال پر شہری پھٹ پڑے، گلی محلوں میں جگہ جگہ پر پڑے کوڑے کرکٹ کے ڈھیر، انتظامیہ کی کارکردگی پر سوالیہ نشان۔ سوہدرہ کے محلہ گگے زئیاں اور دیگر جگہوں پر مسلسل کوڑے کرکٹ کے ڈھیر پڑے رہنے سے شہری پھٹ پڑے جن کا کہنا ہے کہ متعلقہ حکام کو بارہا کہنے کے باوجود اس گندگی اور کوڑے کو اٹھانے کا کوئی انتظام نہیں کیا جاتا اس گند کو اٹھانے کے لیے جب بھی انتظام کرنا ہو تو شہری اپنی مدد آپ کے تحت ہی کرتے ہیں گندگی اور کوڑے کرکٹ کے ڈھیر کئی کئی دن تک پڑے رہنے سے تعفن اور مختلف بیماریوں کے جنم لینے کا خدشہ رہتا ہے متعلقہ حکام کو مسلسل آگاہ کرنے کے باوجود ان کے سر پر جوں تک نہیں رینگتی شہریوں نے وزیراعلی پنجاب مریم نواز سے مطالبہ کیا ہے کہ ستھرا پنجاب پروگرام کو صرف اشتہارات تک محدود نہ رکھا جائے بلکہ اسکو عملی جامہ پہنانے کے لیے متعلقہ افسران کو سخت احکامات جاری کیے جائیں

لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری میں "رئیل اسٹیٹ ٹیکسیشن" کے موضوع پر ایک اہم سیمینار کا انعقاد

وزیر اعظم نے رئیل سٹیٹ ٹیکس معاملے کے حل کے لیے ایک ٹاسک فورس بنانے کی ہدایت کی ہے۔میاں نعمان

لاہور (کامرس رپورٹر) لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری نے "رئیل اسٹیٹ ٹیکسیشن" کے موضوع پر ایک اہم سیمینار کا انعقاد کیا جس کا مقصد اس شعبے کو درپیش چیلنجز پر روشنی ڈالنا اور ان کے قابل عمل حل پیش کرنا تھا۔ سیمینار سے وزیر اعظم کی ٹاسک فورس برائے ہاؤسنگ کے چیئرمین حافظ محمد نعمان، صدر لاہور چیمبر میاں ابوذر شاد، نائب صدر شاہد نذیر چودھری اور اسٹینڈنگ کمیٹی برائے رئیل اسٹیٹ کے کنوینر محمد رفیق حسرت نے خطاب کیا۔ اس موقع پر بڑی تعداد میں اسٹیک ہولڈرز نے شرکت کی اور رئیل اسٹیٹ سیکٹر کو درپیش ٹیکس کے مسائل پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا۔ حافظ محمد نعمان نے خطاب کرتے ہوئے بتایا کہ انہوں نے حال ہی میں وزیر اعظم شہباز شریف سے ملاقات کی اور رئیل اسٹیٹ سیکٹر پر ٹیکس کے مسائل پر تبادلہ خیال کیا ہے۔ وزیر اعظم نے اس معاملے کے حل کے لیے ایک ٹاسک فورس بنانے کی ہدایت کی ہے جو جلد مسائل کا حل پیش کرے گی۔ انہوں نے وفاقی اور پنجاب حکومتوں کی جانب سے تعمیراتی اور رئیل اسٹیٹ شعبے کی ترقی کے لیے کیے گئے اقدامات کو سراہتے ہوئے کہا کہ یہ شعبہ معیشت کو متحرک کرنے اور روزگار کے مواقع پیدا کرنے میں اہم کردار ادا کررہا ہے۔ صدر لاہور چیمبر میاں ابوذر شاد نے رئیل اسٹیٹ سیکٹر پر عائد بھاری ٹیکسز پر گہری تشویش کا اظہار کیا جو سرمایہ کاری اور ترقی میں رکاوٹ بن رہے ہیں۔ انہوں نے ٹیکس کے نظام کو بہتر اور سرمایہ کار دوست بنانے پر زور دیا۔ میاں ابوذر شاد نے تجویز دی کہ پراپرٹی لین دین پر عائد فیڈرل ایکسائز ڈیوٹی کو 1 فیصد تک کم کیا جائے تاکہ سرمایہ کاری کو فروغ دیا جاسکے۔ انہوں نے مزید کہا کہ ٹیکس میں اصلاحات سے نہ صرف ملکی وغیر ملکی سرمایہ کار متوجہ ہوں گے بلکہ اس سے تعمیراتی اور دیگر منسلک صنعتوں کو بھی فروغ ملے گا۔ صدر میاں ابوذر شاد نے کہا کہ رئیل اسٹیٹ سیکٹر کے مسائل کا براہ راست اثر معیشت پر ہوتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ تعمیراتی شعبہ ہماری معیشت کی ریڑھ کی ہڈی ہے، جس کے ساتھ 50 سے زائد منسلک صنعتیں وابستہ ہیں۔ نائب صدر شاہد نذیر چودھری نے کہا کہ جب رئیل اسٹیٹ سیکٹر میں ترقی ہوتی ہے

عمرہ کی سعادت خوش نصیبی کی علامت ہے جو رب کریم کے گھر اور در مصطفیٰ ﷺ پر حاضری کے بلاوے سے مستفید ہوتے ہیں

وزیرآباد (نامہ نگار) عمرہ کی سعادت خوش نصیبی کی علامت ہے جو رب کریم کے گھر اور در مصطفیٰ ﷺ پر حاضری کے بلاوے سے مستفید ہوتے ہیں وہ اپنے نصیب جگا کر دنی کی پریشانیوں سے ہلکے ہوجاتے ہیں، عمرہ کی سعادت اللہ رب العزت کی بہت بڑی نعمت ہے اور خوش نصیبوں کے حصہ میں آتی ہے۔ ان خیالات کا اظہار سابق صدر بار ایسوی ایشن منتصر علی گوندل، اعجاز احمد پرویا، افتخار احمد چوہان نے معروف قانون دان سلمان مغل کو عمرہ کی سعادت حاصل کرکے واپسی پر مبارکباد دینے کے موقع پر کیا۔ اس موقع پر ذیشان اقبال چٹھہ، عدنان شکر گورائیہ، عمر گوندل، عثمان احمد چیمہ، مرزا ظہیر انجم بیگ و دیگر وکلاء بھی موجود تھے۔ وکلاء نے سلمان مغل کو ہار پہنائے اور گلپاشی کی

سابق ایم ایس کو اہل خانہ سمیت دھمکیاں، رپورٹ درج

سیالکوٹ (بیورو چیف) عیسائیوں کیخلاف ہونے والی زیادتی کی مذمت کرنے پر سابق ایم ایس علامہ اقبال ٹیچنگ ہسپتال سیالکوٹ ڈاکٹر فاروق اقبال اور اس کی بیوی بچوں کو دھمکیاں تھانہ دوتیرہ میں رپورٹ درج کرلی گئی۔

نوسرباز ٹولہ نے جعلسازی سے ضعیف العمر شہری کی کروڑوں کی اراضی ہتھیالی

کینسر کے مرض میں مبتلا متاثرہ شہری محمد مالک انصاف کے حصول کیلئے دربدر پھرنے پر مجبور ہوگیا

گوجرانوالہ (نویدہ بخاری قوت بیورو) نواحی علاقہ ڈھے کے رہائشی محمد مالک نے اپنی ملکیتی ٹھ کنال پندرہ مرلہ اراضی چھ سال قبل اقبال، نواز، پسران عبداللہ جوندہ کو فروخت کردی جسکا قبضہ بھی موقع پر دیدیا گیا بعد ازاں گلزار، مختار وغیرہ نے مذکورہ اراضی پر قبضہ کرنے کیلئے ثاقب چوہان کی مدد سے ایک جعلی اشٹام تیار کرکے عدالت میں دعوی دائر کردیا جوکہ دوران انکوائری بوگس ثابت ہوگیا جس پر مقامی پولیس تھانہ سمبڑیال نے ملزمان گلزار، مختار، سکنہ گڈیالہ و دیگر افراد کے خلاف مقدمہ درج کرکے کاروائی کا آغاز کردیا، متاثرہ شہری جو کہ کینسر کے مرض میں مبتلا ہے اس نے بتایا کہ ملزمان نے میرے سادہ اور ان پڑھ ہونے کا فائدہ اٹھاتے ہوئے یہ تمام منصوبہ بندی کی ہے اور میری کروڑوں کی پراپرٹی پر قبضہ کرنا چاہتے ہیں، ملزمان اب مقدمہ کی پیروی پر قتل سمیت سنگین نتائج کی دھمکیاں دے رہے ہیں، اہل علاقہ نے وزیراعلی پنجاب، آر پی او گوجرانوالہ سمیت دیگر ارباب اختیار سے اپیل کی ہے کہ نوسرباز ٹولے کے خلاف موثر کاروائی کرکے متاثرین کو فوری طور پر تحفظ اور انصاف فراہم کیا جائے۔

آئی جی پنجاب کے احکامات کی روشنی میں ڈی پی او چکوال لیفٹیننٹ ریٹائرڈ احمد محی الدین کی زیر نگرانی ریپ کیسز اور انکی تفتیش کے حوالے سے سیمینار کا انعقاد

چکوال (ایم ایوب سلطانی سے) وزیر اعلی پنجاب کے ویژن کے مطابق، آئی جی پنجاب پولیس ڈاکٹر عثمان انور اور آر پی او راولپنڈی ڈویژن بابر سرفراز الپا کے احکامات کی روشنی میں ڈی پی او چکوال لیفٹیننٹ ریٹائرڈ احمد محی الدین کی زیر نگرانی ریپ کیسز اور انکی تفتیش کے حوالے سے سیمینار کا انعقاد ڈی پی او چکوال لیفٹیننٹ ریٹائرڈ احمد محی الدین کی زیر نگرانی SP انوسٹی گیشن، DSP لیگل، ADPP نے تمام افسران کو ریپ کیسز اور اسکی انوسٹیگیشن سے متعلق بریفنگ دی۔

پی ٹی آئی حقیقی سیاسی جمہوری جماعت ہے: فیاض کھوکھر

گوجرانوالہ (رانا ظفر اقبال قوت بیورو) ضلعی انفارمیشن سیکرٹری پاکستان تحریک انصاف محمد فیاض کھوکھر نے کہا ہے کہ پی ٹی آئی حقیقی سیاسی جمہوری جماعت ہے جو سیاسی انتقامی کارروائیوں کے باوجود عوامی امنگوں کی ترجمانی میں کوئی کسر اٹھا نہ رکھے گی اور ایوانوں کے اندر اور باہر بھرپور آواز بلند کریگی۔ دھاندلی کے بل بوتے پر اقتدار پر مسلط ہونیوالے کرپٹ و نااہل حکمران پی ٹی آئی کی عوامی مقبولیت دیکھ کر بوکھلاہٹ کا شکار ہیں۔ انہوں نے کہا کہ عوامی حقوق سلب کرنے اور جمہوری آزادی چھیننے کے باوجود موجودہ حکمران جمہوریت پسند اور عوام دوست ہونے کے دعویدار ہیں جو ان کے قول وفعل کے تضاد کا واضح ثبوت ہے۔ کرپٹ ٹولے کی لوٹ مار کی راہ میں سب سے بڑی رکاوٹ تحریک انصاف کی قیادت ہے جو حکمرانوں کیخلاف جاری جدوجہد میں تنہا نہیں پوری قوم اس کے ساتھ ہے ملک کی حقیقی آزادی پی ٹی آئی کی بنیادی ترجیح ہے جس کیلئے پارٹی برسرپیکار ہے۔

CRIME
& COURT
جرم وسزا

ڈی ڈی ایچ او تحصیل مریدکے کا نارنگ منڈی میں اچانک چھاپہ اتائی اپنے کلینک چھوڑ کر بھاگ گئے

مختلف بنیادی مراکز صحت کا دورہ شہر اور گردونواح میں اتائیت کی بھرمار اتائی انسانی جانوں سے کھیلنے لگے

نارنگ منڈی (نمائندہ خصوصی) ڈی ڈی ایچ او تحصیل مریدکے کا نارنگ منڈی میں اچانک چھاپہ اتائی اپنے کلینک چھوڑ کر بھاگ گئے میڈیکل سٹوروں اور لیب کو چیک کیا گیا دیہی مرکز صحت نارنگ اور مختلف بنیادی مراکز صحت کا دورہ شہر اور گردونواح میں اتائیت کی بھرمار اتائی انسانی جانوں سے کھیلنے لگے ڈپٹی ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر تحصیل مریدکے کے ڈاکٹر ایاد چوہان نے نارنگ منڈی میں اچانک چھاپہ مارا جس کی خبر پا کر اتائی اور نام نہاد ڈاکٹرز کلینک چھوڑ کر بھاگ گئے ڈی ڈی او کی وارننگ کسی کو انسانی جانوں سے نہیں کھیلنے دیں گے بعد ازاں دیہی مرکز صحت نارنگ اور بنیادی مراکز صحت ننگل بھچر آہدیاں ننگل کسوالہ کے دورے کیے عملہ اور ادویات کی چیکنگ کی صفائی ستھرائی کی صورتحال کو مزید بہتر کرنے کے احکامات جاری کیے سٹی پریس کلب نارنگ میں گفتگو کرتے ہوئے ان کا کہنا تھا کہ اتائیوں کیلئے کوئی رعایت نہیں ہوگی

تجاوزات کے خلاف آپریشن کامیابی کیسے ملے گی؟



میاں محمد معظم نواز
نارنگ منڈی
03064690824
[redacted]

کیا دوکانوں کے آگے بنے تھڑے اور سیڑھیاں توڑ کر تجاوزات کے خلاف آپریشن کامیاب ہوجائے گا...؟؟؟

چند روز قبل وزیراعلی پنجاب مریم نواز نے پورے صوبے بھر میں تجاوزات کے خلاف آپریشن کرنے کا حکم دیا جس پر انتظامیہ حرکت میں آئی اور ہیوی مشینری کے ذریعے تجاوزات گرانا شروع کردیں نارنگ منڈی میں بھی انفورسمنٹ کے عملہ نے ایکشن دکھایا اور تجارتی مراکز میں دوکانوں کے سامنے بنے تھڑے اور سیڑھیوں سمیت آہنی بورڈز اور دیگر رکاوٹیں ختم کردیں لیکن کیا دوکانوں کے آگے بنے تھڑے توڑنے سے آپریشن کامیاب ہوگا؟؟

ہر ہفتے نارنگ کی مین شاہراہ کے ساتھ بدھ بازار لگایا جاتا ہے جہاں قرب وجوار سے خریداری کرنے والوں کا بے پناہ رش ہوتا ہے دیہات سے آنے والے افراد کی موٹر سائیکلوں کو پارک کرنے کیلئے کوئی جگہ موجود نہ ہونے کی وجہ سے سڑک پر ہی پارکنگ اسٹینڈ بنا دیا جاتا ہے یوں مین شاہراہ پر بے ہنگم ٹریفک اور ٹھیلوں کی بھرمار کی وجہ سے راستہ بند ہوجاتا ہے ایمبولینس ریسکیو 1122 کی امدادی گاڑی سمیت پولیس وین اور ہسپتال جانے والے مریضوں کی نجی گاڑیاں بھی اس رکاوٹ میں پھنس جاتی ہیں کسی بھی ایمرجنسی کیلئے جانے والی گاڑیوں کیلئے بھی کوئی راستہ نہیں ہوتا

نارنگ موڑ رکشہ اسٹینڈ خرم گلفام پارک کے ساتھ کھڑی بسیں اور رکشے سمیت ٹھیلے بعض اوقات اس بے ڈھنگے انداز میں کھڑے ہوتے ہیں کہ گاڑی پر جانا تو دور پیدل چلنا بھی دشوار ہوتا ہے کئی کئی گھنٹے ٹریفک جام رہنا معمول بن چکا ہے ایسی ازیت کا شکار ہونے والے افراد دل میں ہی سہی لیکن گالیاں دیے بغیر نہیں رہ سکتے۔

یونس پارک پر دن بدن بڑھتی ہوئی تجاوزات شہریوں اور انتظامیہ کیلئے سردرد بنی ہوئی ہیں جس کا جہاں دل چاہتا ہے موٹر سائیکل اور گاڑی کھڑی کردیتا ہے ریڑھی اور ٹھیلے والوں نے اودھم مچا رکھا ہے

بازاروں مین شاہراؤں سمیت اہم راستے سڑکیں سارا شہر ہی تجاوزات مافیا کے شکنجے میں یہاں تک کہ سکول وکالجز جانے والی طالبات کو بھی گزرتے ہوئے ازیت میں دیکھا گیا ہے وزیراعلی کے حکم پر ہی سہی تجاوزات کے خلاف آپریشن شروع ہوچکا ہے لیکن کیا ہی اچھا ہوتا اس آپریشن سے قبل کچھ ہوم ورک کرلیا جاتا ٹھیلے اور ریڑھی والوں سمیت پارکنگ کیلئے جگہ مختص کرلی جاتی بے ہنگم انداز میں رکشہ موٹر سائیکلیں اور گاڑیاں جہاں مرضی چھوڑ دینے والوں کیلئے کوئی پلان منظر عام پر لایا جاتا بدھ بازار میں شدید قسم کے ٹریفک مسائل کے حل کیلئے کوئی عملی اقدامات کرلیے جاتے بازاروں اور مین شاہراؤں پر تجاوزات کے خاتمے کیلئے موثر حکمت عملی اور متبادل پلان دیا جاتا تاکہ واقعی شہر کو تجاوزات سے پاک کرکے اہل علاقہ کیلئے آسانی پیدا کی جاسکے۔

بچے کو بروقت طبی امداد دیکر اسکی جان بچانے پر ڈسپنسر/ٹیکنیشن زبیر حسین کو تعریفی سرٹیفکیٹ جاری

عارفوالا (کرائم رپورٹر امیر احمد خان سے) جس نے ایک جان بچائی اس نے پوری انسانیت کو بچایا ساہیوال چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے صدر شیخ عظمت سلیم نے تحصیل ہیڈکوارٹر ہسپتال میں ایک سالہ بچے کو بروقت طبی امداد دیکر اسکی جان بچانے پر ڈسپنسر/ٹیکنیشن زبیر حسین کو تعریفی سرٹیفکیٹ جاری کیا ساہیوال چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کی جانب سے اپنے شعبہ میں بروقت اور بہترین طبی امداد دینے پر تحصیل ہیڈکوارٹر ہسپتال کے ڈسپنسر/ٹیکنیشن زبیر حسین، ڈاکٹر انصر یوسف جوئیہ اور ڈاکٹر فرحان یونس کی کارکردگی کو سراہا چند روز قبل پانی میں ڈوبنے والے ایک سالہ بچے حسن کو تشویشناک حالت میں تحصیل ہیڈکوارٹر ہسپتال لایا گیا

عوامی حلقوں سمیت سرکاری سطح پر بھی ایم ایس ڈاکٹر رؤف علوی کی زیر سرپرستی ڈسپنسر ٹیکنیشن زبیر حسین کے اس اقدام پر انہیں بھرپور خراج تحسین پیش کیا جارہا ہے

عارف والا (کرائم رپورٹر امیر احمد خان سے) عارف والا نئے تعینات ہونے والے ڈی پی او پاکپتن جاوید اقبال اور نئی خاتون ڈپٹی کمشنر پاکپتن ماریہ طارق کا رات کے وقت عارفوالا کا پہلا سرکاری دورہ۔ عارفوالا شہر میں جشن مولود کعبہ کے حوالے سے ہونے والے پروگرامز کے سیکیورٹی صفائی ستھرائی و دیگر معاملات کا تفصیلی جائزہ لیا سکیورٹی کے انتظامات و دیگر امور پر اطمینان کا اظہار اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر عارفوالا میر رومان خلیل، ڈی ایس پی عارفوالا ملک طارق، ایس ایچ او تھانہ سٹی چوہدری محمد ہاشم، چیف آفیسر میونسپل کمیٹی چوہدری محمد افضل زاہد، میونسپل آفیسر انفراسٹرکچر چوہدری محمد نوید، میونسپل آفیسر ریگولیشن ذوالقرنین چشتی و دیگر بھی موجود تھے۔

تین مسلح ڈاکوؤں نے نقدی اور موبائل فونز چھین لیے

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) تین مسلح ڈاکوؤں نے نقدی اور موبائل فونز چھین لیے جبکہ دو موٹر سائیکلیں چوری تھانہ موترہ کے علاقہ کماپور کا خلیل موٹر سائیکل پر جارہا تھا کہ اس کو تین مسلح ڈاکوؤں نے روک لیا اور اس سے نقدی دس ہزار روپے اور موبائل فونز چھین کر فرار ہوگئے جبکہ ڈسکہ کا سکندر اور ارباز اپنی موٹر سائیکلیں گھروں کے باہر کھڑی کرکے گئے جنہیں نامعلوم چور چوری کرکے لے گئے پولیس نے مقدمہ درج کرلیا ہے

پانچ ملزمان کا دوکاندار اور اسکے ملازم پر تشدد

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) پانچ ملزمان کا دوکاندار اور اسکے ملازم پر تشدد ڈسکہ کا صغیر اپنی دوکان میں موجود تھا کہ اسی دوران ملزمان افتخار، عمر، رضوان، فیصل اور اذان وغیرہ آگئے اور آتے ہی اس کو تشدد کا نشانہ بنانا شروع کردیا اس کا ملازم خضر چھڑوانے کیلئے آیا تو ملزمان نے اس کو بھی تشدد کا نشانہ بنا ڈالا پولیس نے مقدمہ درج کرلیا ہے

ایک کروڑ پانچ لاکھ کے بوگس چیک دینے پر دو ملزمان کیخلاف مقدمہ درج

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) ایک کروڑ پانچ لاکھ کے بوگس چیک دینے پر دو ملزمان کیخلاف مقدمہ درج ڈسکہ کے اظہر نے ملزم اکرم کو ایک کروڑ اور گھوئینکی کے شہباز نے ملزم امتیاز کو پانچ لاکھ روپے دیئے کافی عرصہ گزرنے پر جب انہوں نے ملزمان سے اپنی دی ہوئی رقم کی واپسی کا مطالبہ کیا تو انہوں نے مقامی بینکوں کے بوگس چیک دے دیئے پولیس نے مقدمہ درج کرلیا ہے

جنسی جرائم کی موثر تفتیش کے لیے پولیس افسران کی تربیتی ورکشاپس جاری

پولیس افسران کی تربیت کو یقینی بنانے کے لیے سلسلہ وار ورکشاپس کا انعقاد جاری ہے

جھنگ (بیورو رپورٹ) جنسی جرائم کی موثر تفتیش کے لیے پولیس افسران کی تربیتی ورکشاپس جاری، تفصیلات کے مطابق جنسی جرائم کی موثر تفتیش کے لیے پولیس افسران کی تربیت کو یقینی بنانے کے لیے سلسلہ وار ورکشاپس کا انعقاد جاری ہے۔ ان تربیتی پروگرامز میں پولیس افسران کو جنسی جرائم کی تفتیش کے جدید اصولوں اور طریقہ کار سے روشناس کرایا جارہا ہے۔ اسسٹنٹ ڈپٹی پبلک پراسیکیوٹر راشد خان نے ان ورکشاپس کے دوران پولیس افسران کو ضروری آگاہی فراہم کی اور تفتیشی معیار کو مزید بہتر بنانے پر زور دیا۔ ورکشاپ میں ڈی ایس پی انویسٹی گیشن ٹو اوصاف صفدر واہلہ اور انسپکٹر لیگل طاہر فاروقی بھی موجود تھے، جنہوں نے افسران کو قانونی اور تفتیشی معاملات پر رہنمائی فراہم کی۔ ڈی پی او جھنگ کیپٹن (ر) بلال افتخار کیانی نے کہا کہ پراسیکیوشن ڈیپارٹمنٹ کے تعاون سے ضلع بھر کے تفتیشی افسران کو جنسی جرائم کی تفتیش کے لیے جدید معلومات اور ضروری آگاہی فراہم کی جارہی ہے۔

چنیوٹ میں ستھرا پنجاب پراجیکٹ کا افتتاح کردیا گیا

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) چنیوٹ میں ستھرا پنجاب پراجیکٹ کا افتتاح کردیا گیا، نجی صفائی کمپنی منور اینڈ برادرز کل سے آپریشن شروع کریگی تفصیلات کے مطابق ستھرا پنجاب پروجیکٹ کی لانچنگ تقریب سرگودھا روڈ چنیوٹ میں منعقد ہوئی جس میں ڈپٹی کمشنر صفی اللہ گوندل اور رکن صوبائی اسمبلی مولانا الیاس چنیوٹی، سردار ذوالفقار علی شاہ نے خصوصی شرکت کی جبکہ اے ڈی سی جی محمد طلحہ سعید، صدر انجمن تاجران جمیل فخری، سی او منور اینڈ کمپنی بھی شریک ہوئے اس موقع پر صفائی کمپنی کا مشینری سمیت شہر میں مارچ کیا گیا جبکہ رکن پنجاب اسمبلی مولانا محمد الیاس چنیوٹی، ایم پی سید ذوالفقار علی شاہ اور ڈپٹی کمشنر صفی اللہ گوندل نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ صفائی نصف ایمان ہے: وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز نے صفائی کے حوالے سے بہت دلیرانہ، تاریخی قدم اٹھایا ہے،

نادرا رجسٹریشن سنٹر مریدکے موبائل وین کرپشن کا گڑھ بن گئی

مریدکے (تحصیل رپورٹر) نادرا رجسٹریشن سنٹر مریدکے موبائل وین کرپشن کا گڑھ بن گئی۔ شناختی کارڈ اور ب فارم بنانے والے مرد وخواتین کئی کئی گھنٹے قطاروں میں لگنے کے باوجود بھی شناختی کارڈ اور ب فارم بنوانے سے محروم، عملہ مختلف بہانے بنا کر عوام کو پریشان کرنے میں مصروف مٹھی گرم کرنیوالوں کے وارے نیارے رشوت کے بغیر شناختی کارڈ اور ب فارم کا حصول ایک خواب بن کررہ گیا وین کا متعلقہ انچارج اور اسکا اسسٹنٹ عوام کیساتھ گالم گلوچ اور دھکے دیکر وین سے باہر نکالنے کی نوبت تک پہنچ جاتے ہیں۔ شہریوں کا اعلیٰ حکام سے نوٹس لینے کا مطالبہ۔ تفصیلات کے مطابق نادرا رجسٹریشن سینٹر مریدکے کی موبائل وین عوام کیلیے عذاب اور کرپشن کا گڑھ بن گئی وین کے متعلقہ انچارج اور اسسٹنٹ نے سادہ لوح افراد کو لوٹنے کی انتہاء کررکھی ہے

حضرت علی رضی اللہ عنہ کی تعلیمات پوری امت مسلمہ کیلئے مشعل راہ ہیں محمد عباس

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) جنرل سیکرٹری پنجاب پاکستان فیڈریشن آف میڈیا اینڈ جرنلسٹ رجسٹرڈ پاکستان محمد عباس بٹ نے کہا کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ کی تعلیمات پوری امت مسلمہ کیلئے مشعل راہ ہیں وقت کا تقاضا ہے کہ امت مسلمہ اپنے اندر للکار حیدری پیدا کرکے کفر کے ناپاک عزائم کے خلاف سینہ سپر ہوں حکمران ملک کو بحرانوں سے نکالنے کیلئے خلفائے راشدین کی زندگیوں کا مطالعہ کریں ان خیالات کا اظہار انہوں نے مولائے کائنات حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کے یوم ولادت باسعادت کے موقع پر کیا انہوں نے کہا کہ سیدنا علی المرتضیٰ شیر خدا کے نام سے آج بھی کفر کے ایوانوں میں لرزہ طاری ہوجاتا ہے حضرت علی رضی اللہ عنہ کی سیرت وکردار تمام امت مسلمہ کیلئے مشعل راہ ہے

طبیب کی خوش اخلاقی مریض کا آدھا مرض ٹھیک کردیتی ہے

ڈاکٹر اگر سرکاری ہسپتال میں بھی خوش اخلاقی کا مظاہرہ کریں تو اداروں اور خود ان کی نیک نامی میں اضافہ ہوگا

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) معروف سماجی وکاروباری شخصیت حاجی محمد اقبال مغل نے کہا کہ طبیب کی خوش اخلاقی مریض کا آدھا مرض ٹھیک کردیتی ہے، ڈاکٹر اگر سرکاری ہسپتال میں بھی خوش اخلاقی کا مظاہرہ کریں تو اداروں اور خود ان کی نیک نامی میں اضافہ ہوگا ان خیالات کا اظہار انہوں نے دانتوں کے نجی ہسپتال کی افتتاحی تقریب میں کیا انھوں نے کہا کہ دانتوں کے امراض کیلئے علاج گاہوں کی ضرورت ہے دانتوں کے معالج شہریوں کے علاج معالجہ کے ساتھ ساتھ انھیں احتیاطی تدابیر سے بھی آگاہ کریں

تیسرے سالانہ ایچ ای ڈی سپورٹس کے سلسلہ میں گورنمنٹ ایسوسی ایٹ کالج برائے خواتین بھکھی شیخوپورہ میں فٹبال کے ڈویژن لیول کے مقابلہ جات کا انعقاد

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) تیسرے سالانہ ایچ ای ڈی سپورٹس کے سلسلہ میں گورنمنٹ ایسوسی ایٹ کالج برائے خواتین بھکھی شیخوپورہ میں فٹبال کے ڈویژن لیول کے مقابلہ جات کا انعقاد ہو مہمان خصوصی ڈپٹی ڈائریکٹر کالجز شیخوپورہ میڈم عظمی ادریس سمیت ڈاکٹر نعیم عطاء، پروفیسر کرامت علی، پروفیسر محمد علی اور پروفیسر مدثر نے دونوں گرلز ٹیموں کی حوصلہ افزائی کی گورنمنٹ ایسوسی ایٹ کالج برائے خواتین رکھ چھبیل مناواں نے لاہور ڈسٹرکٹ کی نمائندگی کی جبکہ بھکھی کالج کی طالبات نے بہت عمدہ کھیل کا مظاہرہ کیا

کمشنر ساہیوال شعیب اقبال کا ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ہسپتال اوکاڑہ کا دورہ۔ہسپتال میں موجود مریضوں کے لئے سہولیات کا جائزہ لیا

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) کمشنر ساہیوال شعیب اقبال کا ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ہسپتال اوکاڑہ کا دورہ۔ ہسپتال میں موجود مریضوں کے لئے سہولیات کا جائزہ لیا۔ کمشنر ساہیوال نے ہسپتال کے مختلف وارڈز جس میں ICU وارڈ، چلڈرن وارڈ اور جنرل وارڈز، سرجی، سمیت ہسپتال کا معائنہ کیا۔ وہاں پر مریضوں کے لئے موجود تمام سہولیات کا جائزہ لیا۔ ہسپتال کی بہتری کے لئے تمام تر ممکن اقدام کو فوری طور پر عمل میں لایا جائے۔ ہسپتال کو مریضوں کی سہولت کے لئے مزید بہتر بنانے کے لئے تمام تر وسائل بروئے کار لائے جائیں۔

الاذان سکول نارنگ کی سالانہ تقریب تقسیم انعامات نجی شادی ہال میں منعقد ہوئی

نارنگ منڈی (میاں معظم سے) الاذان سکول نارنگ کی سالانہ تقریب تقسیم انعامات نجی شادی ہال میں منعقد ہوئی جس میں چیئرمین سپریم کونسل سٹی پریس کلب نارنگ شکیل احمد مغل نائب صدر ظہیر ارشد مغل پروفیسر قیصر حمید حافظ طارق ملک عتیق میاں عبدالمنان انعام الرحمان عامر شیخ سمیت معزز مہمانوں نے امتحان میں بہترین کارکردگی دکھانے والے طلباء اور طالبات میں انعامات اور شیلڈز تقسیم کیں ننھے منے بچوں نے ملی قومی معاشرتی وسوشل مسائل اور ان کے حل پر ٹیبلوز اور ملی نغمے پیش کیے قومی اور معاشرتی موضوعات پر تقریریں پیش کیں ڈائریکٹر سکول حافظ عبدالوحید مغل نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ نجی سیکٹر تعلیم کے فروغ اور اس میں معیار اور جدت لانے میں اہم کردار ادا کررہے ہیں نجی سیکٹر ہر سال ہزاروں باصلاحیت ہونہار طلباء نکال رہا ہے

ضلع بھر میں انکروچمنٹ کے خاتمہ اور بیوٹیفکیشن کے حوالے سے کام جاری ہے

تینوں تحصیلوں میں دوران آپریشن کروڑوں کی سرکاری اراضی واگزار کروانے کے ساتھ چالیس سالوں سے قائم عارضی اور پختہ تجاوزات کو گرادیا گیا ہے

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) وزیراعلی پنجاب مریم نواز کے ویژن کی روشنی میں ڈسٹرکٹ انتظامیہ کے سربراہ ڈپٹی کمشنر احمد عثمان جاوید کی ہدایت پر ضلع بھر میں انکروچمنٹ کے خاتمہ اور بیوٹیفکیشن کے حوالے سے کام جاری ہے۔ تینوں تحصیلوں میں دوران آپریشن کروڑوں کی سرکاری اراضی واگزار کروانے کے ساتھ چالیس سالوں سے قائم عارضی اور پختہ تجاوزات کو گرادیا گیا ہے۔ دوران آپریشن بھاری جرمانے بھی کیئے گئے ہیں ان خیالات کا اظہار انہوں نے ڈی ایچ کیو ہسپتال اوکاڑہ میں صحت اور صفائی کی صورتحال کا جائزہ لیتے ہوئے سینئر صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کیا اس موقع پر چیف آفیسر ضلع کونسل رانا نوید۔ ایم ایس ڈی ایچ کیو جام شہزاد حیدر ایکسین حافظ طلعت بھی موجود تھے ڈپٹی کمشنر احمد عثمان جاوید کا کہنا تھا کہ شہر کے اندرون علاقوں داخلی اور خارجی راستوں کی بیوٹیفکیشن پر پوری توجہ مرکوز ہے۔ اسکے ساتھ ساتھ تینوں تحصیلوں اوکاڑہ۔ رینالہ خورد اور دیپالپور میں انٹی انکروچمنٹ مہم بلاتفریق جاری ہے اس حوالے سے کسی قسم کا کوء دباو قابل قبول نہ ہے۔ ڈپٹی کمشنر احمد عثمان جاوید کا کہنا تھا کہ بے نظیر روڈ۔ علامہ اقبال روڈ پر عرصہ دراز سے پڑے کوڑے کرکٹ کے ڈھیر ختم کرنے کے ساتھ بھینسوں کے غیر قانونی ڈیرے بھی ختم کروادیئے گئے ہیں

وزیراعلی کے صاف پنجاب کے نعرے کو ویسٹ مینجمنٹ کمپنی نے ہوا میں اڑا دیا

تحصیل مریدکے۔جی ٹی روڈ سمیت مین شاہراہ کو دکھاوے کیلئے صاف کردیا جاتا ہے

نارنگ منڈی (نمائندہ خصوصی) وزیراعلی کے صاف پنجاب کے نعرے کو ویسٹ مینجمنٹ کمپنی نے ہوا میں اڑا دیا مشینری پرانی لیکن کپڑے نئے ڈال دیے گئے عوام کو پاگل بنا دیا تحصیل مریدکے جی ٹی روڈ سمیت مین شاہراہ کو دکھاوے کیلئے صاف کردیا جاتا ہے لیکن شہری آبادی صفائی سے محروم ہے گندگی اور بدبو سے براحال مریدکے نارنگ کی رہائشی آبادی بیمار ہونے لگی مبارک آباد داوکے رحمان پورہ اور حدود کے سمیت ملحقہ آبادی سراپا احتجاج ہے درجنوں مقامات پر لگے کوڑا کرکٹ کے ڈھیر وزیراعلی پنجاب مریم نواز کا ستھرا پنجاب کا پول کھول رہے ہیں ایل ڈبلیو ایم سی کی ناقص کارکردگی انتظامیہ کی نااہلی کا منہ بولتا ثبوت ہے شہریوں نے مطالبہ کیا ہے کہ لاہور ویسٹ مینجمنٹ کمپنی کا موجودہ عملہ تبدیل کیا جائے تاکہ مریدکے نارنگ اور اس کی نواح آبادی میں صفائی ستھرائی کی صورت حال کو بہتر بنایا جاسکے۔

''قوت'' کلاسیفائیڈ

تمام اشتہارات نیک نیتی کے جذبہ سے شائع کئے جاتے ہیں کسی اشتہار کے غیر حقیقی ہونے کے بارے میں ادارہ کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتا، اشتہارات صاف اور بڑے صفحہ پر ایک طرف لکھے ہونے چاہئیں کٹے پھٹے اور مشکوک الفاظ والے اشتہارات غلط شائع ہونے کی شکایت قابل قبول نہ ہوگی۔

شعبہ اشتہارات 042-3636003

گمشدگی کاغذات

میرا ٹریکٹر میسی فرگوسن 260 انجن نمبر MF 260/63967/01/21 چیسز نمبر CN99002V567503G کے کاغذات فائل اور کاپی وغیرہ کہیں گم ہوگئے ہیں اگر کسی کو ملیں تو درج ذیل پتہ پر ارسال کرے۔ المشتہر: محمد ابراہیم ولد خوشی محمد قوم جٹ باجوہ سکنہ کاموکے خود ڈاکخانہ چونڈہ تحصیل پسرور ضلع سیالکوٹ

بقیہ بقیہ جات 1

ایس پی آر نے کہا کہ بھارتی الزامات مقبوضہ کشمیر میں ظلم وستم سے توجہ ہٹانے کی کوشش ہے، بھارتی آرمی چیف مقبوضہ کشمیر میں بدترین ظلم وستم کا مظاہرہ کر چکے ہیں۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کی جانب سے بھارتی آرمی چیف کے بیان پر سخت ردعمل دیا ہے۔ آئی ایس پی آر کی جانب سے کہا گیا ہے کہ بھارتی آرمی چیف کا پاکستان کو دہشت گردی کا مرکز قرار دینا حقائق کے برعکس ہے، بھارتی آرمی چیف کا بیان بھارت کے پٹے ہوئے موقف کے مردہ گھوڑے میں جان ڈالنے کی ناکام کوشش ہے۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ کی جانب سے کہا گیا ہے کہ بھارتی آرمی چیف کا بیان اقلیتوں کو دبانے کی کوششوں کا حصہ بھی ہے، پاکستان پر دہشت گردی کی سرپرستی کا الزام بھارتی دوغلا پن ظاہر کرتا ہے۔ آئی ایس پی آر کا کہنا ہے کہ اس طرح کے سیاسی بیانات بھارتی فوج کے سیاست میں ملوث ہونے کو ظاہر کرتے ہیں، دنیا بھارتی نفرت آمیز بیانات کو دیکھ رہی ہے جن سے مسلمانوں کی نسل کشی شروع ہوئی۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ کا کہنا ہے کہ ایسا بیان اندرونی طور پر اقلیتوں پر جبر اور بھارت کے بین الاقوامی جبر سے دنیا کی توجہ ہٹانے کی کوشش ہے۔ آئی ایس پی آر کا کہنا ہے کہ ایسے سیاسی، غلط بیانات بھارتی فوج کی سیاست زدہ سوچ کی عکاسی کرتے ہیں، پاکستان ایسے بے بنیاد بیانات کو سختی سے مسترد کرتا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 2

10 ارب ڈالر سالانہ ہو جائے گی، حکومت عوام کو کچھ دینے کے لیے تیار نہیں، 77 برسوں سے مافیا ملک پر مسلط ہے، 1994ء سے تمام حکومتیں آئی پی پیز کو نواز رہی ہیں، چند آئی پی پیز مالکان کو کیپسٹی چارجز کی مد میں اور ٹیکسوں سے استثنیٰ قرار دے کر سالانہ تین ہزار ارب تک دیے جا رہے ہیں، حکمران اشرافیہ سے وسائل چھین کر عوام کو ان کا وارث بنائیں گے، 17 جنوری کو مہنگی بجلی اور آئی پی پیز کے خلاف ملک گیر مظاہرے ہوں گے۔ نوجوان الخدمت بنو قابل پروگرام کے ایمبیسڈر بنیں، 23 فروری کو لاہور میں مفت آئی ٹی کورسز کے دوسرے فیز کا آغاز ہوگا، چاہتے ہیں آئندہ دو سال میں پنجاب میں دس لاکھ بچوں کو کمپیوٹر کورسز کروائیں۔

بقیہ بقیہ جات 3

عوام کا اعتماد بحال کرنا ہے، سیاسی آدمی ہوں اس لیے ہمیشہ مذاکرات کا حامی ہوں، مجھے پی ٹی آئی کے مطالبات کا نہیں معلوم، میری خواہش ہے مسائل مذاکرات کے ذریعے حل ہوں۔ مولانا فضل الرحمٰن نے کہا کہ سیاستدانوں کے غلط رویوں کی وجہ سے آج پارلیمان بے معنی ہوگئی ہے، ملک میں دھاندلی سے پاک انتخابات کی ضرورت ہے، ادارے اپنی مرضی کی حکومت بنانا چاہتے ہیں جسے وہ اپنی لاٹھی سے ہانک سکیں مگر یہ ایک ناجائز خواہش ہے۔ مولانا فضل الرحمٰن نے کہا کہ ہم نظریاتی سیاست کرنا چاہتے ہیں مگر اسٹیبلشمنٹ کا نظریات سے کوئی تعلق نہیں، وہ صرف اپنی اتھارٹی کو مضبوط دیکھنا چاہتے ہیں، آئین میثاق ملی ہے اگر اس کی خلاف ورزی ہوگی تو یہ بے معنی ہو جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ امریکا اس خطے سے شکست کھا کر بھاگا ہے اب وہ پاکستان کو خانہ جنگی کی طرف لے جانا چاہتا ہے، قبائلی علاقوں میں حکومت کی رٹ ختم ہو چکی ہے، لوگ اپنے علاقے اور گھر چھوڑ رہے ہیں، جب ایک علاقہ لمبا عرصہ جنگ کی زد میں رہے اور حکومت کی رٹ نہ رہے اسکی جغرافیائی سلامتی خطرے میں پڑ جاتی ہے۔

بقیہ بقیہ جات 4

نے کہا کہ اے این پی نے عوام کا مقدمہ لڑ کر اپنی جان دی، میں پختون کاز کے لیے لڑ رہا ہوں، دہشتگردی میں جو پختون کا نقصان ہوا ہے اس کی تلافی کی جائے۔ ایمل ولی نے کہا کہ نظریاتی طور پر دہشت گردی کے خلاف ہوں اور ایک ہی بیانیہ بنائیں، پختونخوا بارود کا ڈھیر بنا ہوا ہے، جان بوجھ کر اسے بارود کا ڈھیر بنایا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پشاور میں سیکیورٹی اجلاس ہوا، کیا ضرورت تھی کہ ضیاء الحق امریکی ڈالرز کے بدلے پختون زمین کا سودا کریں، انہوں نے افغانوں کو ویلکم کیا، ہم نے مخالفت کی۔ ایمل ولی خان نے کہا کہ افغانوں کے نام پر ٹریننگ کیمپ بنائے اور اس میں مجاہدین کو تربیت دی، ہم نے خون خوار فورس بنائی، ہم نے طالبان کو سپورٹ کر کے حاکم وقت کو چوک میں لٹکا کر افغانستان کو اپنا صوبہ بنایا۔ ایمل ولی خان نے کہا کہ میاں نواز شریف طالبانوں کو پروموٹ کرتے رہے، پیپلز پارٹی کے وزیر داخلہ نصیر اللّٰہ بابر نے کہا کہ یہ ہمارے بچے ہیں، یہ جو پختونوں کا خون چوس رہے تھے، مشرف نے امریکا سے ڈالرز لے کر طالبان کو پروموٹ کیا۔

بقیہ بقیہ جات 5

کابینہ کے فیصلوں پر عمل درآمد کی صورتِ حال پر بریفنگ دی گئی۔ بریفنگ کے دوران بتایا گیا ہے کہ صوبائی کابینہ کے 19 اجلاسوں میں 518 فیصلے کیے گئے ہیں، 486 فیصلوں پر عمل درآمد ہو چکا ہے، 7 فیصلوں پر عمل درآمد جاری جبکہ 25 فیصلوں پر عمل درآمد تاخیر کا شکار ہے۔ وزیرِ اعلیٰ کے پی کی جانب سے کابینہ کے فیصلوں پر عمل درآمد کی مجموعی صورتِ حال پر اطمنان کا اظہار کیا گیا۔ اس دوران علی امین گنڈاپور نے ہدایت کی کہ جن فیصلوں پر عمل درآمد نہیں ہوا، اگلے اجلاس تک ان پر عمل درآمد یقینی بنائیں، جاری ترقیاتی فنڈز کے سو فیصد استعمال یقینی بنانے کے لیے اقدامات کیے جائیں۔ علی امین گنڈاپور نے کہا کہ کابینہ ارکان عوامی مسائل کے حل کے لیے متعلقہ ریجنز میں باقاعدگی سے دورے کریں، دوروں میں متعلقہ منتخب عوامی نمائندوں کو بھی مدعو کیے جائیں۔

بقیہ بقیہ جات 6

میں پولیس والوں کو کیلوں والے ڈنڈوں سے مارا گیا، کوئی قوم اپنے قانون نافذ کرنے والوں کے ساتھ ایسا کر سکتی ہے؟ وزیر اعلیٰ پنجاب نے کہا کہ اسکالرشپس دیتے ہوئے کبھی نہیں پوچھا کہ آپ کون سی پارٹی سے ہیں، آپ کسی پارٹی سے بھی تعلق رکھتے ہیں، آپ میری ذمے داری ہیں۔ انہوں نے کہا کہ مخالفین کا شکریہ جنہوں نے مشکلات میں ڈالا، اگر میں ان مشکلات سے نہ گزرتی تو آج یہاں کھڑی نہ ہوتی۔ مریم نواز نے جلد ایک لاکھ لیپ ٹاپ دینے کا اعلان کرتے ہوئے کہا کہ لیپ ٹاپ کی پہلی شپ منٹ آ گئی ہے، جن بچوں کی 65 فیصد سے زیادہ نمبرز ہیں ان سب کو لیپ ٹاپ ملیں گے، اگلی بار آؤں گی تو لیپ ٹاپ لے کر آؤں گی۔ انہوں نے کہا کہ 190 ملین پاؤنڈ کا کیس چل رہا ہے اس کا فیصلہ آنے والا ہے، سوال یہ نہیں کہ یونیورسٹی کیوں بنائی، سوال یہ ہے کہ کیسے بنائی، سوال کا جواب دو اور گھر چلے جاؤ۔

بقیہ بقیہ جات 7

دینے ارکان اسمبلی کو بھی ناراض کر کے میرٹ کو یقینی بنایا۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ پنجاب میں طلبہ کو ایک لاکھ ای بائیکس بلکل مفت دی جائیں گی۔ نوجوانوں کے لئے ترقی کے راستے بنانا ایک ماں کا فرض ہے۔ سیاسی وابستگی سے بالاتر ہو کر سب کو سکالر شپ دے رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ماں باپ کی دعاؤں کے طفیل آج وزیر اعلیٰ بنی ہوں۔ مجھے اپنے بچوں پر بے حد فخر ہے، سب کو مبارک ہو، آج بہت خوشی ہو رہی ہے۔ ہونہار سکالر شپ پاکستان کی تاریخ کا پہلا سب سے بڑا سکالر شپ پروگرام ہے۔ ہونہار بیٹے اور بیٹیوں کو دیکھ کر بہت خوش ہوں۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ گارڈ آف آنر طلبہ کی قابلیت اور محنت کا اعتراف ہے۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے گورنمنٹ کالج ویمن یونیورسٹی سیالکوٹ میں ہونہار سکالر شپ کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ صوبائی وزیر رانا سکندر حیات، سیکرٹری ہائیر ایجوکیشن ڈاکٹر فرخ نوید اور انکی پوری ٹیم کو دل کی گہرائی سے شاباش دیتی ہوں۔ یہ تمام بیٹیاں ہمارا فخر ہیں، یہاں تمام ٹاپر لڑکیاں ہیں، لڑکیاں کسی میدان میں پیچھے نہیں۔ انہوں نے کہا کہ علامہ اقبال کے شہر میں طلبہ نے بہت عمدگی سے کلام اقبال پیش کیا۔ اقبال نے اپنے کلام میں خصوصیت سے نوجوانوں کا ذکر کیا ہے۔ سکالر شپ کے لئے آنے پر جو پیار ملا میرے لیے بہت بڑا اعزاز ہے۔ 30 ہزار بچوں کو سکالر شپ دی جا رہی ہیں۔ سکالر شپ سفارش پر نہیں دی گئی، 100 فیصد میرٹ کو یقینی بنایا گیا۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ حلفاً کہہ سکتی ہوں کہ بطور وزیر اعلیٰ ایک بھی تقرری سفارش پر نہیں کی۔ ہونہار سکالر شپ بہت جلد سیکنڈ اور تھرڈ ائیر کے بچوں کو بھی ملے گا۔ مجھے بہت اچھا لگتا ہے جب آپ مجھے ماں کہہ کر پکارتے ہو۔ وسائل کی کمی کے باوجود محنت جاری رکھنے والے طلبہ کو سلام پیش کرتی ہوں۔ بچوں کو پڑھانے والے والدین کی معاشی مشکلات کا اندازہ ہے۔ سکالر شپ ملنے پر شکریہ ادا نہ کرے، یہ آپ کا حق اور محنت کا ثمر ہے۔ پنجاب بھر میں بلاتفریق سب بچوں کو سکالر شپ مل رہے ہیں۔ ہونہار سکالر شپ کو 30 ہزار سے 50 ہزار تک بڑھائیں، عوام کا پیسہ عوام کی امانت ہے عوام پر ہی لگنا چاہیے۔ طلبہ کے لئے چیف منسٹر نہیں بلکہ ماں بن سوچتی ہوں۔ ہونہار سکالر شپ بچوں کے والدین کے لئے ایک مدد کے مترادف ہے۔ میں طلبہ کے لئے چیف منسٹر نہیں بلکہ ماں کے طور پر بیٹھی ہوں۔ نہیں چاہتی کوئی بچہ میرا شکریہ ادا کرے، یہ آپ کا حق ہے۔ طلبہ آپ میری کمائی اور میرا اثاثہ ہو۔ مریم نواز شریف نے ایک طالبہ کو اپنی سیٹ پر بٹھا دیا۔ لیپ ٹاپ کی پہلی کھیپ آ چکی ہیں، جلد لیکر خود آؤں گی۔ بچوں کے لئے مارکیٹ میں میسر بہترین لیپ ٹاپ خود منتخب کیے ہیں۔ 65 فیصد سے زائد نمبر والے تمام بچوں کو لیپ ٹاپ دیے جائیں گے۔ آپ سب کی ضروریات پوری کرنا میری ذمہ داری ہے۔

بقیہ بقیہ جات 8

ہو تو ٹرائل ملٹری کورٹ میں جائے گا۔ جسٹس جمال خان مندوخیل نے ریمارکس دیئے کہ ہم نیت کو بھی دیکھ سکتے ہیں، جرم کرنے والے کا مقصد کیا تھا، کیا جرم کا مقصد ملک کے مفاد کے خلاف تھا۔ وزارت دفاع کے وکیل نے کہا کہ عدالت کا پوچھا گیا سوال شواہد سے متعلق ہے، سپریم کورٹ براہ راست شواہد کا جائزہ نہیں لے سکتی۔ جسٹس علی مظہر نے کہا کہ جرم کرنے والے کی نیت کیا تھی، یہ ٹرائل میں طے ہوگا۔ جسٹس جمال خان مندوخیل نے کہا کہ مانتا ہوں شواہد کی بنیاد پر ہی نیت کو جانچا جائے گا، پہلے بنیادی اصول تو طے کرنا ہے، ڈیفنس آف پاکستان سے کیا مراد ہے؟ جس پر وکیل خواجہ حارث نے کہا کہ جنگ کے خطرات ڈیفنس آف پاکستان سے جڑے ہوئے ہیں۔ جسٹس جمال خان مندوخیل نے کہا کہ جسٹس حسن اظہر رضوی صاحب نے ایک سوال کیا تھا، سوال میں پوچھا گیا جی ایچ کیو پر حملہ، ایئر بیس کراچی پر حملے کا کیس ملٹری کورٹس کیوں نہیں گیا؟ اس سوال کا جواب 21 ویں آئینی ترمیم کے فیصلے میں موجود ہے۔ خواجہ حارث نے کہا کہ 21 ویں آئینی ترمیم کیس میں جی ایچ کیو حملے کی تفصیل کا ذکر ہے، 21 ویں ترمیم کیس میں ایئر بیس حملہ اور فوج پر حملے کا ذکر ہے، 21 ویں ترمیم کیس میں عبادت گاہوں پر حملوں کی تفصیل کا ذکر ہے، دہشت گردی کے یہ تمام واقعات بتائیں گے کہ 21 ویں آئینی ترمیم ہوئی کیوں تھی۔ وکیل خواجہ حارث نے کہا کہ عدالتی فیصلوں میں ملٹری کورٹ تسلیم شدہ ہیں، آرمی ایکٹ کے تحت جرم کا گٹھ جوڑ ہو تو ملٹری ٹرائل ہوگا، ملٹری کورٹ میں ٹرائل آرمی ایکٹ کے تحت جرم کا ہوتا ہے، بات سویلین کے ٹرائل کی نہیں ہے۔ جسٹس جمال مندوخیل نے استفسار کیا کہ جرم کے گٹھ جوڑ سے کیا مراد ہے؟ جس پر خواجہ حارث نے کہا کہ گٹھ جوڑ سے مراد، جرم کا تعلق آرمی ایکٹ سے ہے۔ جسٹس جمال مندوخیل نے پوچھا کہ کیا گٹھ جوڑ کیساتھ جرم کا ارتکاب کرنے والے کی نیت بھی دیکھی جائے گی؟ جسٹس امین الدین نے کہا کہ ملزم ملٹری ٹرائل میں جرم کی نیت نہ ہونے کا دفاع لے سکتا ہے۔ جسٹس جمال مندوخیل نے کہا کہ ملزم کہہ سکتا ہے کہ میرا یہ جرم کرنے کا ارادہ نہیں تھا، جس پر خواجہ حارث نے کہا کہ اگر جرم کا تعلق آرمی ایکٹ سے ہے تو ٹرائل فوجی عدالت کرے گی۔ جسٹس علی مظہر نے کہا کہ نیت کا جائزہ تو ٹرائل کے دوران لیا جا سکتا ہے۔ جسٹس جمال خان مندوخیل نے استفسار کیا کہ کیا سانحہ آرمی پبلک سکول میں گٹھ جوڑ موجود تھا؟ جس پر وکیل خواجہ حارث نے بتایا کہ اے پی ایس حملے کے وقت گٹھ جوڑ بالکل موجود تھا، ایک گٹھ جوڑ یا تعلق کسی فوجی افسر دوسرا افواج سے متعلقہ جرم سے ہوتا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 9

ایگزیکٹو کمیٹی کے رکن سید قائم علی شاہ، سید اسد علی شاہ، اسپیکر سندھ اسمبلی سید اویس قادر شاہ، رکن سندھ اسمبلی شیر محمد مغیری اور پیپلز پارٹی بلوچستان کے رہنما صابر بلوچ نے بلاول ہاؤس میں ملاقات کی ہے۔ ملاقات میں سندھ اور بلوچستان کی سیاسی صورت حال، جیکب آباد کے عوام کے مسائل کے حل اور پارلیمانی امور پر گفتگو کی گئی۔

بقیہ بقیہ جات 10

کانفرنس کرتے ہوئے اویس لغاری نے کہا کہ سال 2023 کے 5 ماہ جولائی سے نومبر کے مقابلے سال 2024 میں گردشی قرضے میں کمی آئی، اس عرصے کے دوران ہماری کارکردگی بہتر رہی، تقسیم کار کمپنیوں (ڈسکوز) نے سال 2023 کے ان مہینوں کے دوران 223 ارب کا نقصان کیا جو سال 2024 کے مذکورہ مہینوں میں 170 ارب سے بڑھنے نہیں دیا۔ انہوں نے کہا کہ گزشتہ روز کابینہ کمیٹی برائے توانائی میں وزیر اعظم نے ایک اہم قدم اٹھاتے ہوئے تمام انڈسٹریل زونز کو مساوی بنیادوں پر بجلی فراہم کرنے کا فیصلہ کیا، تمام صنعتی اور اقتصادی زونز سے متعلق طریقہ کار کو تبدیل کیا ہے۔ اویس لغاری نے کہا کہ الیکٹرک گاڑیوں کی لوگوں تک رسائی کے لیے ای وی چارجنگ اسٹیشنز کے قواعد وضوابط بنا لیے ہیں، گاڑیوں کے لیے چارجنگ اسٹیشنز کا ٹیرف 45 فیصد کم کر دیا ہے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ چارجنگ اسٹیشنز کا ٹیرف 71 روپے 10 پیسے کم کر کے 39 روپے 70 پیسے کر رہے ہیں، چارجنگ اسٹیشنز کا این او سی 15 دنوں میں جاری کیا جائے گا، ہر محلے میں چارجنگ اسٹیشن ہوگا، ای پورٹل کے ذریعے اس حوالے سے اجازت دی جائے گی، 18 سے 20 لاکھ روپے اور ڈیڑھ کروڑ تک سرمایہ لگا کر اس کاروبار کو شروع کیا جا سکتا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 11

کورم کی نشاندہی کی، کورم کی نشاندہی کے بعد ممبران کی گنتی کی گئی۔ سپیکر ایاز صادق نے تحریکِ انصاف کو نکتہ اعتراض کی اجازت دینے سے انکار کر دیا۔ پی ٹی آئی ارکان نے وقفہ سوالات کے دوران شدید نعرے بازی کی۔ وفاقی وزیر قانون اعظم نذیر تارڑ نے کہا ہے کہ جناب اسپیکر! ان کو روکیں، یہ غیر مناسب احتجاج ہے، فوٹوگرافی کا شعبہ انہوں نے سنبھال لیا ہے، کم از کم ان کو ویڈیو گرافی سے روکیں۔

بقیہ بقیہ جات 12

کی حالت ہے ایوان میں عوامی مسائل کو زیر بحث لانا چاہیے۔ جاری اعلامیہ کے مطابق اسپیکر قومی اسمبلی نے کہا کہ طے ہوا تھا کہ اپوزیشن کے ممبران کورم کی نشاندہی نہیں کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ یہ بھی طے ہوا تھا کہ وقفہ سوالات کے دوران نقطہ اعتراض نہیں لیا جائے گا اور نا ہی کورم کی نشاندہی کی جائے گی۔ سردار ایاز صادق نے کہا کہ وقفہ سوالات کا دورانیہ کا تعلق براہ راست عوام کے مسائل سے ہوتا ہے، ہمیں عوام نے منتخب کر کے اپنے مسائل کے حل کیلئے پارلیمان میں بھیجا ہے۔ سردار ایاز صادق نے کہا کہ اپوزیشن سیاست کر رہی ہے، عوامی مسائل پر توجہ نہیں دے رہی۔

بقیہ بقیہ جات 13

موقع پر سپیکر ملک محمد احمد خان نے کہا کہ ہمارے اردگرد پڑی پلاسٹک ایک ڈراونا خواب کی طرح ہیں۔ ستھرا پنجاب پروگرام کو خوش آئند قرار دیتا ہوں۔ ہمارے دیہات اور ٹاؤن ایک ذلت آمیز زندگی گزار رہے ہیں ہمیں بنیادی میونسپل سہولیات نہیں ملتیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ حکومت پنجاب ستھرا پنجاب پروگرام کا باقاعدہ آغاز کر چکی ہے۔ اس ایپ کو پنجاب حکومت کے پراجیکٹ کے ساتھ منسلک ہونا چاہیے، اس سے بڑی کامیابی ملے گی۔ موجودہ حکومت نے ایک شاندار قدم اٹھایا ہے۔ سپیکر ملک محمد احمد خان نے مزید کہا کہ میں ہمیشہ سے مکمل طور پر پلاسٹک بیگز پر پابندی عائد کرنے کے حق میں تھا۔ ہر طرف ہر جگہ پر پلاسٹک بیگز نظر آتے تھے۔ پلاسٹک بیگ ایک اہم مسئلہ ہے جو زندگی کے تمام شعبوں میں نظر آتا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 14

درمیان بحری تجارت کو فروغ دینے اور دوطرفہ تعلقات کو مزید مستحکم کرنے پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات کے دوران پاکستان اور مصر کے درمیان تاریخی اور برادرانہ تعلقات کا ذکر ہوا، اور ان تعلقات کو مزید بہتر بنانے کے لیے بحری امور میں تعاون کے نئے امکانات پر بات چیت کی گئی۔ دونوں فریقین نے اس بات پر زور دیا کہ سمندری تجارت اور سرمایہ کاری کے ذریعے معاشی تعاون کو فروغ دیا جا سکتا ہے۔ ڈاکٹر ایہاب حسن نے مصر کے تجربات، خاص طور پر سوئز کینال کی اہمیت پر روشنی ڈالی، اور پاکستان کے ساتھ بحری ڈھانچے کی ترقی میں تعاون کی پیشکش کی۔ وفاقی وزیر قیصر احمد شیخ نے پاکستان کی بندرگاہوں کی ترقی اور بحری تجارت کے فروغ کے لیے حکومت کے اقدامات سے آگاہ کیا اور مصر کے تعاون کو سراہا۔ اس موقع پر ڈپٹی چیف آف مشن ساحر احمد الفر اوی اور سیکرٹری برائے بحری امور سید ظفر علی شاہ بھی موجود تھے۔ دونوں ممالک نے اس بات پر اتفاق کیا کہ تجارتی تعلقات کو مزید فروغ دینے اور بحری شعبے میں مشترکہ مفادات کے حصول کے لیے مستقل بنیادوں پر مشاورت جاری رکھی جائے گی۔

بقیہ بقیہ جات 15

معاہدے ہمارے موقف کی جیت اور سچائی ہے۔ گوہر اعجاز کا کہنا ہے کہ آئی پی پیز کے معاملے پر آرمی چیف عاصم منیر اور وزیر اعظم شہباز شریف کی کاوشوں کو سراہتے ہیں۔ سابق وفاقی وزیر نے مزید کہا کہ سرکاری پاور پلانٹس کے ساتھ معاہدوں پر بھی نظر ثانی کی ضرورت ہے۔ ان کا یہ بھی کہنا ہے کہ عوام کی جیبوں پر ڈاکہ ڈالنے والوں کے نام سامنے آنے چاہئیں۔ واضح رہے کہ گزشتہ روز وفاقی کابینہ کے اجلاس کے دوران وزیر اعظم نے سرکاری پاور جنریشن کمپنیوں کو ڈالرز میں کیپیسٹی پیمنٹس ہونے پر حیرت کا اظہار کرتے ہوئے کہا تھا کہ یہ حکومت کے لیے ایک بڑا چیلنج ہے۔ شہباز شریف کا کہنا تھا کہ ٹاسک فورس نے 3 ہزار میگاواٹ کا ہدف حاصل کر لیا ہے، مزید بڑی کمپنیوں سے کیپیسٹی چارجز کے معاملے پر بات چل رہی ہے۔

بقیہ بقیہ جات 16

آئی ایس پی آر کے مطابق سیکیورٹی فورسز ملک سے دہشت گردی کی لعنت کو ختم کرنے کے لیے پُرعزم ہیں۔ دوسری جانب صدر مملکت اور وزیر اعظم نے چار خوارجیوں کو جہنم واصل کرنے پر سیکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کیا ہے۔ صدر مملکت آصف علی زرداری نے کہا کہ سیکیورٹی فورسز دہشت گردی کے عفریت کے خاتمے کیلئے کارروائیاں کر رہی ہیں، پوری قوم دہشت گردی کے خلاف متحد ہے، دہشت گردی کے مکمل خاتمے تک فتنہ الخوارج کے خلاف کارروائیاں جاری رہیں گی۔ وزیر اعظم شہباز شریف کا کہنا تھا کہ قوم کو سیکیورٹی فورسز کے نڈر نوجوانوں پر فخر ہے، انسانیت کے دشمنوں کے مذموم عزائم کو اسی طرح خاک میں ملاتے رہیں گے، حکومت اور سیکیورٹی فورسز ملک سے دہشتگردی کے مکمل سدباب کیلئے پرعزم ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 17

کی خصوصی عدالت میں صحافیوں سے غیر رسمی گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ چیئرمین سینٹ یوسف رضا گیلانی کے پروڈکشن آرڈر کے باوجود اعجاز چوہدری کو اجلاس میں شرکت نہ کرنے دی گئی جس کی ہم اس کی مذمت کرتے ہیں۔ حکومت پارلیمنٹ کے ایوان بالا کے تقدس کو پامال کر رہی ہے، انسانی حقوق کو کھلم کھلا پامال کیا جا رہا ہے، ہمارے ورکروں کو فوجی عدالتوں سے سزائیں دلوائی گئیں۔ ہمارے سیکڑوں ورکر قید میں ڈالے ہوئے ہیں، خوف کی فضا پیدا کر کے میڈیا کی آواز کو بند کیا جا رہا ہے، 26 ویں آئینی ترمیم کے ذریعے پی ٹی آئی کو دبایا جا رہا ہے، حکومت انصاف کی راہ میں رکاوٹ بن کر کھڑی ہوئی ہے۔ یاسمین راشد نے کہا کہ جو یہ کر رہے ہیں کل ان کے ساتھ بھی ایسا ہی ہوگا، ہم چاہتے ہیں نو مئی کی تحقیقات کے لئے جوڈیشل کمیشن قائم کیا جائے تاکہ سچائی عوام کے سامنے آ سکے، ہم بانی پی ٹی آئی کی رہائی کا مطالبہ کرتے ہیں۔ ہم جوڈیشل کمیشن کے سامنے پیش ہوں گے حقائق بتائیں گے، جب تک انصاف نہیں ہوگا پاکستان آگے نہیں بڑھ سکتا، ہم پاکستان کو اس مشکل سے نکلتا ہوا دیکھنا چاہتے ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 18

ایل پی جی کی قیمتوں میں کمی کا امکان ہے۔ ایس آئی ایف سی کی معاونت سے غیر فعال جامشورو جوائنٹ وینچر لمیٹڈ پلانٹ کو بحالی کرنے کے منصوبے پر عمل کیا جا رہا ہے، جو توانائی کے شعبے کی ترقی و خوشحالی کی ایس آئی ایف سی کی اولین ترجیحات کا حصہ ہے۔ منصوبے کے تحت جامشورو جوائنٹ وینچر لمیٹڈ (جے جے وی ایل) اور سوئی سدرن گیس کمپنی (ایس ایس جی سی) نے غیر فعال پلانٹ کی فوری بحالی پر غور شروع کر دیا ہے۔ اس حوالے سے ایس آئی ایف سی کی جانب سے جنوری میں دونوں کمپنیوں کو ریونیو شیئرنگ معاہدہ کرنے کی ہدایت کی گئی ہے۔ جون 2020ء سے اب تک پلانٹ کی بندش کے باعث 432 ملین ڈالر کے زرمبادلہ کا نقصان، 5 ہزار افراد کی نوکریاں متاثر ہوئی ہیں۔ اس تناظر میں ایس آئی ایف سی نے جے جے وی ایل کو پلانٹ کی گیس سپلائی سے قبل تمام واجبات کی ادائیگی کی ہدایت کی ہے۔ اس پیش رفت کے نتیجے میں جے جے وی ایل پلانٹ کی بحالی سے توانائی کی پیداوار میں اضافے کے ساتھ ساتھ ایل پی جی کی قیمتوں میں کمی متوقع ہے۔ پلانٹ کی بحالی سے سندھ سمیت پورے پاکستان میں ساڑھے 7 لاکھ گھروں کی توانائی کی ضروریات پوری ہوں گی۔ ایس آئی ایف سی کی معاونت سے جے جے وی ایل کی فعالی سے ملکی معیشت پر مثبت اثرات مرتب ہوں گے۔

بقیہ بقیہ جات 19

کمیٹی کی رکن خدیجہ شاہ کے خلاف درج مقدمات کی تفصیلات فراہمی کیس کی سماعت (آج) ہوگی۔ اسلام آباد ہائی کورٹ میں خدیجہ شاہ کی مقدمات کی تفصیلات فراہم کرنے کی درخواست پر سماعت (آج) ہوگی۔ چیف جسٹس عامر فاروق خدیجہ شاہ کی درخواست پر سماعت کریں گے۔ عدالت نے فریقین کو نوٹس جاری کرتے ہوئے خدیجہ شاہ کے خلاف درج مقدمات کی تفصیلات طلب کر رکھی ہیں، عدالت نے وزارت داخلہ، پولیس، ایف آئی اے سمیت دیگر سے کل تک جواب طلب کر رکھا ہے۔ خدیجہ شاہ نے وکیل آمنہ علی ایڈووکیٹ کے ذریعے کیسز کی تفصیلات فراہمی کی درخواست دائر کر رکھی ہے۔

بقیہ بقیہ جات 20

عدالت اسلام آباد نے تحریک انصاف کے رہنماؤں شعیب شاہین اور رؤف حسن کی عبوری ضمانتوں میں توسیع کر دی۔ انسداد دہشتگردی عدالت کے جج ابو الحسنات ذوالقرنین نے ضمانتوں کی درخواستوں پر سماعت کی۔ شعیب شاہین کے خلاف تھانہ سیکرٹریٹ، رمنا، مارگلہ، آبپارہ، کراچی کمپنی اور ترنول میں ایک ایک جبکہ تھانہ کوہسار میں دو مقدمات درج کیے گئے تھے۔ رؤف حسن کے خلاف تھانہ ترنول میں ایک اور دو تھانہ کوہسار میں مقدمات درج کیے گئے۔

بقیہ بقیہ جات 21

میں سے مزید 2 افراد جاں بحق ہو چکے ہیں، ان کا ڈیٹا بھی عدالت میں جمع کرانا ہے۔ اسلام آباد کی سیشن کورٹ کے باہر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ آج کی کمپلینٹ ایک پرائیویٹ کمپلینٹ ہے، اس کا طریقہ کار مختلف ہوتا ہے۔ بیرسٹر گوہر علی خان کا کہنا ہے کہ اس کے بعد اس کمپلینٹ پر مزید کارروائی ہوگی، کل حکومت سے ہمارے مذاکرات کا تیسرا اسیشن ہوگا۔ چیئرمین پی ٹی آئی نے کہا کہ ہم اپنے مطالبات تحریری طور پر جمع کرائیں گے۔ ان کا کہنا ہے کہ حکومت اگر نیک نیتی اور سنجیدگی کے ساتھ بیٹھے تو مسائل کا حل نکل سکتا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 22

حکومتوں کو تحلیل کرنے کیخلاف کیس کی سماعت ہوئی، جسٹس شجاعت علی خان نے سماعت کی۔ درخواست گزار کرنل مبشر کے وکیل ملک اویس خالد نے دلائل دیے اور موقف اپنایا کہ حکومت پنجاب نے کسی قانونی جواز کے بغیر ضلعی حکومتیں تحلیل کیں، عدالت ضلعی حکومتیں بحال کرنے کا حکم دے۔ ایڈیشنل ایڈووکیٹ جنرل پنجاب رانا شمشاد عدالت پیش ہوئے، عدالت نے سیکرٹری لوکل گورنمنٹ کو تحریری جواب جمع کرانے کی ہدایت کی۔ عدالت نے کہا کہ آئندہ سماعت پر تحریری جواب نہ آنے پر سیکرٹری لوکل گورنمنٹ کو ذاتی حیثیت میں طلب کیا جائے گا، تحریری جواب جمع کرانے کی مہلت دی جائے۔ عدالت عالیہ نے سماعت 12 فروری تک ملتوی کر دی۔

بقیہ بقیہ جات 23

ایک اہم تعلیمی ادارے کے نقشے بھی برآمد ہوئے ہیں۔ ترجمان کے مطابق دہشت گردوں کی شناخت عبدالرزاق، محمد اسماعیل، وجاہت علی، یوسف رضا، نسیم اللہ، نذر اللہ، ابوبکر، طارق، نسیم زمان، شاہد نواز وغیرہ کے نام سے ہوئی ہے۔ سی ٹی ڈی حکام کے مطابق دہشت گرد مختلف مقامات پر کارروائیاں کر کے عوام میں خوف و ہراس پھیلانا چاہتے تھے، رواں ہفتے میں 9471 کومبنگ آپریشنز کے دوران 1033 مشتبہ افراد گرفتار کیے، کومبنگ آپریشنز میں 21708 افراد سے پوچھ گچھ کی گئی۔

بقیہ بقیہ جات 24

لشکر کرم افراسیاب نے بتایا کہ مزید بنکرز کو گرانے کے لیے کارروائیاں جاری ہیں۔ انہوں نے کہا کہ مجموعی طور پر اب تک 6 بنکرز گرا دیے گئے ہیں۔ دوسری جانب ضلع کرم میں کھانے پینے کی اشیاء کی قلت برقرار ہے۔ عوام نے کہا کہ 25 ٹرکوں میں لائے گئے سامان میں آٹا، چینی، گیس، دوائیں اور دیگر اشیاء نہیں ہیں جبکہ مختلف اشیاء کی قیمتیں آسمان پر پہنچ گئی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ٹماٹر 700، پیاز 500، ہری مرچ 800 اور چینی 200 روپے کلو ہو گئی ہے۔ ضلع ہنگو سے 100 سے زائد سامان سے بھری گاڑیاں اب بھی کرم جانے کی منتظر ہیں۔ مندوری میں مظاہرین کے ساتھ ٹل کینٹ یا کوہاٹ میں ضلعی انتظامیہ سے دوبارہ مذاکرات متوقع ہے۔

بقیہ بقیہ جات 25

زرداری کو موصول ہو گیا۔ ذرائع کے مطابق بلاول بھٹو زرداری آئندہ چند دنوں میں امریکا روانہ ہوں گے۔ بلاول بھٹو واشنگٹن میں ڈونلڈ ٹرمپ کی تقریب حلف برداری اور دیگر تقاریب میں شرکت کریں گے۔ ذرائع کے مطابق بلاول بھٹو زرداری کو ذاتی حیثیت میں دعوت دی گئی ہے۔

بقیہ بقیہ جات 26

پر پاکستانی سفارتخانے اور ترک بحریہ کے اعلیٰ حکام نے پاک بحریہ کے جہاز پی این ایس یمامہ کا استقبال کیا۔ ترکیہ میں قیام کے دوران ترکش نیوی فلیٹ کے ڈپٹی کمانڈر وائس ایڈمرل ابراہیم اوز دین کوثر نے پی این ایس یمامہ کا دورہ کیا۔ اس موقع پر ترکش نیوی فلیٹ کے ڈپٹی کمانڈر کو جہاز کی صلاحیتوں کے بارے میں تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ پی این ایس یمامہ اور ترک بحریہ کے جہازوں کے مابین بحری مشق ماوی وطن کا انعقاد کیا گیا۔ اس مشق کا مقصد دونوں بحری افواج کے درمیان باہمی تعاون اور مشترکہ آپریشنز کی صلاحیت کو بڑھانا تھا۔ پی این ایس یمامہ کا دورہ دونوں ممالک کے درمیان سفارتی اور بحری تعلقات کو مزید فروغ دینے اور موجودہ برادرانہ تعلقات کو مزید تقویت دینے کا موقع فراہم کرے گا۔

بقیہ بقیہ جات 27

کے مطابق 2 افسران بغیر اجازت فیملیز کے ساتھ وزیر اعلیٰ سندھ مراد علی شاہ کے طیارے میں اسلام آباد سے کراچی آئے تھے۔ گریڈ 17 کے دونوں افسروں کو معطل کر دیا گیا ہے۔ نوٹیفکیشن کے مطابق جن افسروں کو معطل کیا گیا ہے ان میں گریڈ 17 کیپی ایم ایس کیڈر کے سیکشن افسر وی آئی فلائٹ سید فراز علی اور سندھ ہاؤس کے پروٹوکول افسر واجد شاہ شامل ہیں۔ چیف سیکریٹری سندھ آصف حیدر شاہ کا کہنا ہے کہ طیارہ ٹیسٹ فلائٹ کے طور پر کراچی آ رہا تھا۔ معطل کیے گئے دونوں افسران بغیر اتھارٹی طیارے میں سفر کر رہے تھے۔

بقیہ بقیہ جات 28

والے افراد کو 3 سال قید کی سزا دی جا سکے گی، متعلقہ شخص کو سزا کے طور پر پچاس ہزار روپے تک جرمانہ بھی عائد کیا جا سکے گا۔ پریکٹیکل امتحان میں غیر متعلقہ شخص یا موبائل لانے پر بھی پیڈا ایکٹ کے تحت کارروائی ہوگی۔ امتحان میں رکاوٹ پیدا کرنے والے عملے کیخلاف بھی سخت کارروائی یا جرمانہ ہو سکے گا۔ اس حوالے سے لاہور بورڈ نے احکامات پر عملدرآمد کیلئے تمام تعلیمی اداروں کو آگاہی مراسلہ بھجوا دیا۔

بقیہ بقیہ جات 29

سے شروع کرنے کا ارادہ رکھتی ہے جس کا مقصد موسم گرما میں عوامی ردعمل سے بچنا ہے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق نیپرا کا موقف ہے کہ ٹیرف کے ازسرنو جائزے کی ٹائم لائن جو یکم جولائی 2025 سے نافذ ہونی ہے پہلے ہی شروع ہو چکی ہے، اس لیے یہ عملی طور پر ممکن نہیں کہ یکم جنوری 2025 سے ٹیرف کا ازسرنو جائزہ لیا جائے کیونکہ متعلقہ دستاویزات کی منظوری کے لیے ضابطے کے مطابق نو مہینے درکار ہیں۔ میڈیا رپورٹ نے ذرائع کے حوالے سے کہا ہے کہ پاور ڈویژن کی تجویز اقتصادی رابطہ کمیٹی کے آئندہ اجلاس میں زیر غور آئے گی۔

بقیہ بقیہ جات 30

مطالبہ کر دیا۔ خط کے متن کے مطابق آرٹیکل 215 کے تحت چیف الیکشن کمشنر اسکندر سلطان کی مدت ختم ہو رہی ہے، سکندر سلطان راجہ کی مدت 26 جنوری کو ختم ہوگی۔ شبلی فراز نے کہا کہ آرٹیکل 213 کے تحت آئینی تقاضہ پورا کرنے کے لئے پارلیمانی کمیٹی تشکیل دی جائے۔ چیف الیکشن کمشنر سکندر سلطان راجہ، ممبر سندھ اور بلوچستان 26 جنوری کو ریٹائرڈ ہو رہے ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 31

ریگولیٹری ڈیوٹی میں 31 مارچ 2025 تک توسیع کا امکان ہے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق نیشنل ٹیرف پالیسی 2019-24 میں کہا گیا ہے کہ ٹیرف کی وصولی، ترمیم یا خاتمے کی تمام تجاویز کا ٹیرف پالیسی سینٹر میں جائزہ لیا جائے گا اور ٹیرف پالیسی بورڈ کی منظوری کے بعد کابینہ یا پارلیمنٹ میں غور و خوض کے لیے پیش کیا جائے گا۔ بورڈ اجلاس کے دوران جوائنٹ سیکرٹری (ٹیرف پالیسی) نے بتایا کہ میسرز انٹرنیشنل اسٹیل لمیٹڈ نے مختلف تیار شدہ فلیٹ اسٹیل مصنوعات پر 5 فیصد اور 10 فیصد ریگولیٹری ڈیوٹی 30 جون 2025 تک جاری رکھنے کی درخواست کی ہے۔

بقیہ بقیہ جات 32

موجودہ تعداد کو اگلے دو سالوں میں 20 لاکھ تک بڑھانے کا فیصلہ کیا ہے۔ ذرائع کے مطابق جون 2025 تک 3 لاکھ سے زائد افراد کو ڈیجی اسکلز پروگرام کے تحت تربیت دی جائے گی اور اگلے دو سالوں میں یہ تعداد 9 لاکھ تک بڑھائی جائے گی۔

بقیہ بقیہ جات 33

منتقلی میں 15 فیصد کمی آئی ہے۔ بیرون ملک جانے کی تعداد میں کمی آنے کی ایک وجہ خلیجی ممالک کی جانب سے پاکستانیوں کے لئے ویزا معاملات میں کچھ سختیاں ہیں، جس کی وجہ سے کئی افراد کے ویزے مسترد ہوئے۔ ملک میں ٹیکسز اور مہنگائی کی وجہ سے ہر کوئی پریشان ہے، ملک میں لاکھوں کمانے والا بھی پریشان نظر آتا ہے، کم تنخواہ والوں کا تو جینا دوبھر ہوا ہے، زیادہ تر معاشی مسائل ہی لوگوں کو بیرون ملک منتقلی پر مجبور کرتے ہیں۔ بیرون ملک جانے کی وجہ سے پاکستانی معیشت کو ترسیلات زر کے ذریعے تقویت ملتی ہے، اوورسیز پاکستانیوں نے 2024 میں 34.634 ارب ڈالر پاکستان بھیجے، جو 2023 کے مقابلے میں 31.36 فیصد زیادہ ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 34

ایشیا اخبار کو انٹرویو میں کہا کہ رواں مالی سال کے آخر تک پانڈا بانڈ کا ابتدائی اجرا متوقع ہے۔ وزیر خزانہ نے عالمی ایجنسیوں سے ''بی'' ریٹنگ کی توقع کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان کی آئی ایم ایف سے بیل آؤٹ کے بعد پاکستان کی خود مختار کریڈٹ ریٹنگز میں بہتری آئی ہے۔ محمد اورنگزیب نے ہانگ کانگ میں پاکستانی چینی مشترکہ منصوبوں کی لسٹنگ کی توقع کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ پاک چین مشترکہ منصوبوں کی لانگ مارچ کی ہانگ کانگ میں لسٹنگ متوقع ہے۔ وزیر خزانہ نے پاکستانی کمپنیوں کے لیے مزید لسٹنگز کے امکانات اور چین پاکستان اقتصادی راہداری کی اہمیت پر بھی زور دیا اور بیلٹ اینڈ روڈ انیشی ایٹو کو اہم قرار دیا۔ محمد اورنگزیب نے کہا کہ پاکستان میں چینی شہریوں کے لیے سیکیورٹی اقدامات جاری ہیں، پاکستانی حکومت چینی شہریوں سمیت تمام غیر ملکیوں کی سکیورٹی کو اعلیٰ سطح پر اہمیت دیتی ہے، زمینی صورتحال میڈیا سے کہیں بہتر ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان میں اقتصادی اصلاحات سے مہنگائی میں نمایاں کمی آئی ہے۔ وزیر خزانہ نے اقتصادی اصلاحات کی اہمیت پر زور دیتے ہوئے امید ظاہر کی کہ آئی ایم ایف کی شرائط کے مطابق اصلاحات کا عمل مکمل ہو جائے گا، انہوں نے دعویٰ کیا کہ یہ آخری آئی ایم ایف پروگرام ہوگا۔

بقیہ بقیہ جات 35

افسران واہلکاروں کے لئے شاندار تحفہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ 204 بیڈز پر مشتمل زیر تکمیل 02 منزلہ سیف سٹیز وویمن ہاسٹل میں ڈے کیئر سنٹر، میس، لائبریری اور گیم ایریا شامل ہیں۔ انہوں نے مزید بتایا کہ لاہور کے گنجان آباد علاقوں میں تعمیر ہو رہے 22 سمارٹ پولیس سٹیشنز تکمیل کے آخری مراحل میں ہیں جبکہ آئی جی پنجاب نے جدید ڈیزائنگ سے مزین کثیر المقاصد سمارٹ پولیس سٹیشن جلد از جلد مکمل کرنے کی ہدایت دیتے ہوئے کہا کہ 39 سمارٹ پولیس سٹیشنز صوبہ بھر کے گنجان آباد علاقوں میں 01 سے 02 کنال اراضی پر تعمیر کیے جا رہے ہیں۔ تمام سمارٹ پولیس سٹیشنز سپیشل ایجوکیٹڈ پولیس سٹیشنز پروٹوکول اور ایس او پیز پر فنکشنل ہونگے۔ آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور نے پولیس انفراسٹرکچر ڈویلپمنٹ پراجیکٹس میں محکمہ کیمونیکیشن اینڈ ورکس پنجاب کے بھرپور تعاون کو سراہا۔ اس موقع پر ایس ایس پی ایڈمن عاطف نذیر سمیت پولیس اور کمیونیکیشن اینڈ ورکس ڈیپارٹمنٹ کے متعلقہ افسران بھی ہمراہ تھے۔

بقیہ بقیہ جات 36

کر رہی ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے ایکسپو سنٹر میں بنو قابل لاہور سیشن 2024 گریجویشن کی تقریب میں نوجوانوں سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ سرپرست الخدمت فاؤنڈیشن لاہور ضیاء الدین انصاری ایڈووکیٹ نے مزید کہا کہ مفت تعلیم حکومت کی اولین ذمہ داریوں میں شامل ہے مگر بدقسمتی ملک میں رائج کرپٹ نظام اور حکمرانوں کی نااہلیوں کی وجہ سے غریب کے بچوں کیلئے قابلیت اور صلاحیت کے باوجود تعلیم خواب بن کر رہ چکی ہے۔ پاکستان میں دو کروڑ 60 لاکھ زیادہ بچے سکولوں سے باہر ہیں، جبکہ ملک میں کئی نظام تعلیم موجود ہیں جو تعلیم کے فروغ میں بڑی رکاوٹ ہے۔ انہوں نے کہا کہ جماعت اسلامی کا بنیادی مقصد نوجوانوں کو اپنے پاؤں پر کھڑا کرنا ہے تاکہ وہ باعزت روزگار حاصل کریں اور ملک کی ترقی میں مثبت کردار ادا کریں۔"

بقیہ بقیہ جات 37

طبی و تعلیمی اداروں کی خدمات ایک اعلیٰ مثال ہے۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ نو منتخب عہدیداران آپسی بھائی چارے اور محبت کو فروغ دیں گے۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے چیئرمین کل مسالک بورڈ عاصم مخدوم نے پاکستان کی ترقی و خوشحالی کے لیے خصوصی دعاء کے ساتھ کیلیفورنیا میں لگی آگ کے خاتمے کے لیے بھی خصوصی دعاء کرائی۔ عاصم مخدوم نے کہا کہ امید ہے نولکھا چرچ سے انٹرفیتھ کو ایسے ہی فروغ دیا جاتا رہے گا۔ ڈاکٹر مجید ابیل نے کہا کہ پاسبان کا کردار نہایت عمدہ رہا ہے اور اس طرح کی تقریبات سے باہمی اختلافات کو دور کیا جا سکتا ہے۔ انہوں نے تمام پریسبیٹیرین ماڈریٹرز کی خدمات کو خراج تحسین پیش کیا اور اسرائیل و فلسطین کی جنگ کے خاتمے، تمام عالم میں امن کے قیام اور پاکستان کی ترقی و خوشحالی کے لیے خصوصی دعاء کی۔ تقریب میں آغا صغیر عباس ورک، کامران پرویز چوہدری، علامہ قاری خالد محمود، پریسبیٹیرین ماڈریٹرز اور کلیسیا کی بڑی تعداد نے بھی شرکت کی۔

بقیہ بقیہ جات 38

صدر حاجی لیاقت محسود، سندھ بلوچستان مزدا یونین کے چیئرمین عبدالوحید لیزی، مرکزی صدر شاہ اللہ ہنگلری بھی موجود تھے۔ پریس کانفرنس میں آل پاکستان مزدا ٹرک گڈز ٹرانسپورٹ ایسوسی ایشن کے چیئرمین حاجی محمد پناہ، آل واٹر ٹینکرز اونرز ایسوسی کے صدر چوہدری صغیر، آل پاکستان اعوان گڈز ایسوسی ایشن کے صدر ملک شہزاد اعوان، آل پاکستان کار کیریئر ایسوسی ایشن کے صدر امداد نقوی، کراچی گڈز ایسوسی ایشن کے صدر ملک شہباز اور دیگر لوگوں نے شرکت کی۔

بقیہ بقیہ جات 39

میں داخل ڈائیلسز، ہیپاٹائٹس مریضوں کو تمام ادویات مفت فراہم کرنے کا اعلان کیا۔ صوبائی وزیر صحت نے کہا ہے کہ پنجاب بھر میں ڈائیلاسز مریضوں کو ڈائیلاسز کارڈز کے ذریعے تمام علاج مفت فراہم کیا جا رہا ہے۔ عارف محمود ڈائیلاسز ہسپتال کی جانب سے ڈائیلاسز مریضوں کا مفت علاج قابل تحسین ہے۔ خواجہ عمران نذیر کا کہنا ہے کہ رورل ہیلتھ سنٹر رائیونڈ کی ریویمپنگ جنوری کے آخر تک مکمل ہو جائے گی۔ وزیر صحت پنجاب نے کہا کہ وزیر اعلیٰ مریم نواز کے 10 ماہ کے مختصر عرصہ میں 900 سے زائد منصوبے تیزی سے مکمل کیے جا رہے ہیں۔ اس موقع پر سی ای او ہیلتھ ڈاکٹر ذوہیب حسن، معروف ٹی وی اداکار کاشف محمود بھی موجود تھے۔

بقیہ بقیہ جات 40

اگیتی کاشت کرائی جائے گی۔ کپاس کی اگیتی کاشت کیلئے فیلڈ فارمیشنز کو خصوصی ٹاسک سونپ دیا گیا ہے۔ کپاس کی کاشت کیلئے ڈویژنل و ڈسٹرکٹ کاٹن مینجمنٹ کمیٹیاں تشکیل دی جا رہی ہیں۔ اس کے علاوہ امسال کپاس کی اگیتی کاشت کرنے والے کاشتکاروں کی حوصلہ افزائی کیلئے خصوصی پیکیج بھی زیر غور ہے۔ مارکیٹوں میں کوالٹی بیج کی بروقت دستیابی یقینی بنانے کیلئے مانیٹرنگ بھی کی جائے گی۔ کپاس کی اگیتی کاشت کیلئے دستیاب خالی زمینوں کا ڈیٹا مرتب کیا جا رہا ہے۔ اس ضمن میں کپاس کی اگیتی کاشت کیلئے کماد، چیلدار اجناس اور آلو سے خالی ہونے والی زمینوں کا ریکارڈ مرتب کیا جائے گا۔ اس موقع پر سیکرٹری زراعت پنجاب نے کہا کہ اگیتی کپاس کی کاشت کیلئے گاؤں کی سطح پر کاشتکاروں کا سروے کیا جائے گا۔ کپاس کی اگیتی فصل کیلئے صرف ٹرپل جین اقسام کی کاشت یقینی بنائی جائے گی۔ اگیتی کاشتہ کپاس سے زیادہ پیداوار حاصل ہوتی ہے۔ اگیتی کاشتہ کپاس کی کوالٹی بہتر ہونے کے باعث اچھی قیمت ملتی ہے۔ علاوہ ازیں، اگیتی کاشتہ کپاس کیڑوں اور بیماریوں کے حملہ سے کافی حد تک محفوظ رہتی ہے

بقیہ بقیہ جات 41

کر دیے گئے۔ یہ تمام پیسہ سوشل میڈیا پر پاکستان اور اداروں کیخلاف مہم چلانے والے بریگیڈ سیل کو دیے جاتے ہیں۔ جس پیسے سے پشتون قوم کے بچوں کو اسکالرشپ اور الیکٹرک بائیکس مل سکتی تھیں وہ سوشل ٹرولز کی جیبوں میں جا رہا ہے۔ عظمیٰ بخاری کا کہنا تھا کہ خیبر پختونخواہ میں بینظیر نشونما پروگرام میں بڑے پیمانے پر مالی غبن اور گھوسٹ ملازمین کا انکشاف ہوا ہے۔ ظالموں نے ماں اور بچے کی صحت پر خرچ ہونے والے فنڈز کو بھی نہیں بخشا۔ ورلڈ فوڈ پروگرام نے اس پروگرام پر خیبر پختونخواہ میں کام روک دیا ہے۔ ورلڈ فوڈ پروگرام نے مالی بے ضابطگیوں اور گھوسٹ ملازمین کے معاملے پر صوبائی حکومت پر سوالات اٹھائے ہیں۔ سرکاری دستاویزات میں صرف تنخواہوں میں 799 ملین کی بے ضابطگیوں کی نشاندہی کی گئی ہے۔ خیبر پختونخوا کے مشیر خزانہ ہر ہفتے وفاق کو فنڈز کی فراہمی کیلئے خط لکھتے ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 42

ملتان، ایم 5 ملتان سے روہڑی تک بند ہے جبکہ لاہور سیالکوٹ موٹروے ایم 11 پر بھی ٹریفک کا داخلہ بند رہا تاہم حدنگاہ بہتر ہونے پر مرحلہ وار کھول دیا گیا۔ لاہور اور گردونواح میں شدید دھند کے باعث مسافر ٹرینوں کا شیڈول بھی متاثر ہوا ہے، حدنگاہ کم ہونے پر متعدد ٹرینیں تاخیر کا شکار ہوئیں جس سے مسافروں کو پریشانی کا سامنا کرنا پڑا۔ بتایا گیا ہے کہ حدنگاہ کم ہونے پر خیبر میل 1 اپ 4 گھنٹے 19 منٹ، خیبر میل 2 ڈاؤن 2 گھنٹے 51 منٹ، گرین لائن 5 اپ 1 گھنٹے 21 منٹ، گرین لائن 6 ڈاؤن 1 گھنٹہ 08 منٹ، تیز گام 7 ڈاؤن 23 منٹ، ہزارہ ایکسپریس 2 گھنٹے 21 منٹ، ملت ایکسپریس 8 گھنٹے 12 منٹ، پاک بزنس ایکسپریس 3 گھنٹے جبکہ بولان میل 1 گھنٹہ تاخیر کا شکار رہی جس کی وجہ سے ان ٹرینوں کے مسافروں کو شدید پریشانی کا سامنا کرنا پڑا۔

بقیہ بقیہ جات 43

بغیر ملک ترقی نہیں کر سکتا، جہاں جنگل کا قانون ہو وہاں ترقی کی روشنی مدھم ہو جاتی ہے، بغاوتوں کے اندھیرے چھا جاتے ہیں، عدل و انصاف کسی بھی معاشرے کی بنیاد ہیں اس کے بغیر کوئی قوم ترقی کی راہ پر گامزن نہیں ہو سکتی۔ انہوں نے حکومت اور مقتدرہ کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ انصاف کے نظام کو مضبوط بنایا جائے اور قانون کی بالادستی کو یقینی بنایا جائے تاکہ ملک ترقی کی راہ پر گامزن ہو اور عوام کے دلوں میں امن و امان، انصاف کا احساس پیدا ہو ورنہ ملک کے عدم استحکام کی تمام تر ذمہ داری آپ پر عائد ہوگی۔

بقیہ بقیہ جات 44

سلامتی کو فوقیت دی ہے اور ملکی استحکام کیلئے دشمنوں کے آگے سیسہ پلائی دیوار کی مانند کھڑی رہی ہے فوج کے وقار کو سیاسی مفادات کی تکمیل کی خاطر داؤ پر لگانا کسی صورت قابل برداشت نہیں پاک فوج ہماری سلامتی کی ضامن، ہماری آن و شان اور عسکری ادارہ پاکستانی قوم کا فخر ہے۔

بقیہ بقیہ جات 45

ترکی کی 262 ارب ڈالر اور ہمسایہ ملک بھارت کی ایکسپورٹ 468 ارب ڈالر ہیں۔ آبادی کے لحاظ پاکستان ترکی اور بنگلہ دیش سے بڑا ملک ہے لیکن ہماری صورتحال انتہائی ابتر ہے۔ انہوں نے کہا کہ مشکل پیچیدہ ٹیکس نظام، شارٹ ٹرم معاشی پالیسیاں اور زمینی حقائق کے برعکس پالیسیاں اس کی وجوہات ہیں جنہیں دور کرنے کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ ٹیکسیشن کے معاملے پر اسٹیک ہولڈرز کے ساتھ روزانہ کی بنیاد پر ملاقاتوں کی ضرورت ہے اور اسی سے حقیقی اصلاحات ہو سکیں گی، اصلاحات کی بیل بند کمروں کے اجلاسوں میں منڈھے نہیں چڑھ سکتی۔ انہوں نے کہا کہ پہلی بار نہیں کہ حکومت کی جانب سے یہ خوشخبری سنائی گئی ہو کہ کم سے کم انسانی مداخلت پر مبنی ٹیکس نظام متعارف کروایا جا رہا ہے، حکومت ایف بی آر کے افسران کے لئے اربوں روپے کی گاڑیاں ضرور خریدے لیکن اس کے ساتھ ٹیکس دینے والوں کا بھی سوچا جائے اس سے ہی ٹیکس بیس اور ٹیکس نیٹ بڑھے گا۔

بقیہ بقیہ جات 46

نے مزید کہا کہ حکومت پنجاب ستھرا پنجاب پروگرام کا باقاعدہ آغاز کر چکی ہے۔ اس ایپ کو پنجاب حکومت کے پراجیکٹ کے ساتھ منسلک ہونا چاہیے، اس سے بڑی کامیابی ملے گی۔ موجودہ حکومت نے ایک شاندار قدم اٹھایا ہے۔ سپیکر ملک احمد خان نے مزید کہا کہ میں ہمیشہ سے مکمل طور پر پلاسٹک بیگز پر پابندی عائد کرنے کے حق میں تھا۔ ہر طرف ہر جگہ پر پلاسٹک بیگز نظر آتے تھے۔ پلاسٹک بیگ ایک اہم مسئلہ ہے جو زندگی کے تمام شعبوں میں نظر آتا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 47

وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کا خواتین پولیس افسران و اہلکاروں کے لئے شاندار تحفہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ 204 بیڈز پر مشتمل زیر تکمیل 02 منزلہ سیف سٹیز وویمن ہاسٹل میں ڈے کیئر سنٹر، میس، لائبریری اور گیم ایریا شامل ہیں۔ انہوں نے مزید بتایا کہ لاہور کے گنجان آباد علاقوں میں تعمیر ہو رہے 22 سمارٹ پولیس سٹیشنز تکمیل کے آخری مراحل میں ہیں جبکہ آئی جی پنجاب نے جدید ڈیزائنگ سے مزین کثیر المقاصد سمارٹ پولیس سٹیشن جلد از جلد مکمل کرنے کی ہدایت دیتے ہوئے کہا کہ 39 سمارٹ پولیس سٹیشنز صوبہ بھر کے گنجان آباد علاقوں میں 01 سے 02 کنال اراضی پر تعمیر کیے جا رہے ہیں۔ تمام سمارٹ پولیس سٹیشنز سپیشل ایجوکیٹڈ پولیس سٹیشنز پروٹوکول اور ایس او پیز پر فنکشنل ہونگے۔ آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور نے پولیس انفراسٹرکچر ڈویلپمنٹ پراجیکٹس میں محکمہ کیمونیکیشن اینڈ ورکس پنجاب کے بھرپور تعاون کو سراہا۔ اس موقع پر ایس ایس پی ایڈمن عاطف نذیر سمیت پولیس اور کمیونیکیشن اینڈ ورکس ڈیپارٹمنٹ کے متعلقہ افسران بھی ہمراہ تھے۔

بقیہ بقیہ جات 48

صوبائی وزیر صنعت و تجارت چوہدری شافع حسین نے اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ پنجاب میں نئی سرمایہ کاری لانے کیلئے ہماری کاوشیں رنگ لا رہی ہیں۔ صنعتکاری کا عمل تیز کر کے روزگار کے مواقع بڑھائے جا سکتے ہیں۔ صوبے میں انڈسٹری کے فروغ کیلئے ہر ضروری اقدام کیا جا رہا ہے۔ چوہدری شافع حسین نے کہا کہ صنعتکاروں کے مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کیے جا رہے ہیں۔ راولپنڈی میں غیر زرعی اراضی پر انڈسٹریل اسٹیٹ بنائی جائے گی۔ بعد ازاں اسے سپیشل اکنامک زون کا درجہ بھی دیا جا سکتا ہے۔ صوبائی وزیر صنعت و تجارت نے راولپنڈی میں انڈسٹریل اسٹیٹ کے قیام کے لیے فوری طور پر ورکنگ شروع کرنے کی ہدایت کی۔ چیئرمین پیڈمک جاوید اقبال، ڈائریکٹر جنرل پنجاب سرمایہ کاری بورڈ ڈاکٹر سہیل احمد اور دیگر نے اجلاس میں شرکت کی۔ وفد میں ایوان صنعت و تجارت راولپنڈی کے سابق صدور اسد مشہدی، ثاقب رفیق، ایگزیکٹو کمیٹی ممبران محمد عمران، محمد اکرم اور دیگر شامل تھے۔

بقیہ بقیہ جات 49

ٹیکسٹ بک بورڈ نے تعلیمی اداروں اور بورڈز کو کتابوں کی تبدیلی بارے آگاہ کر دیا۔ سال 2026 میں بچوں کے نہم کا سالانہ امتحان نئے سلیبس میں سے لیا جائے گا۔

بقیہ بقیہ جات 50

گجرات، جہلم، اٹک میں سروس فعال کر دی گئی اس کے علاوہ ساہیوال، اوکاڑہ اور مری کے اہم مقامات پر بھی مفت وائی فائی سروس فراہم کی جانے لگی۔ ترجمان سیف سٹیز اتھارٹی کے مطابق اب تک 13 ملین سے زائد صارفین نے 265 ٹی بی ڈیٹا استعمال کیا۔ شہری مفت وائی فائی سروس سے استفادہ کر کے اپنی روزمرہ زندگی کو آسان بنا رہے ہیں۔ وزیر اعلیٰ پنجاب کے احکامات پر پنجاب کو ڈیجیٹل صوبہ بنا رہے ہیں۔ فری وائی فائی ایمرجنسی سروس ویڈیو سٹریمنگ یا انٹرٹینمنٹ کیلئے نہیں ہے۔

بقیہ بقیہ جات 51

کے مختلف کورسز مکمل کر کے روزگار کما رہے ہیں، الخدمت فاؤنڈیشن شہر لاہور سمیت پورے ملک میں نوجوانوں کے لیے ہنر مندی کے مفت مواقع فراہم کرنے کے لیے بھرپور اقدامات کر رہی ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے ایکسپو سنٹر میں بنو قابل لاہور سیشن 2024 گریجویشن کی تقریب میں نوجوانوں سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ سرپرست الخدمت فاؤنڈیشن لاہور ضیاء الدین انصاری ایڈووکیٹ نے مزید کہا کہ مفت تعلیم حکومت کی اولین ذمہ داریوں میں شامل ہے مگر بدقسمتی ملک میں رائج کرپٹ نظام اور حکمرانوں کی نااہلیوں کی وجہ سے غریب کے بچوں کے لئے قابلیت اور صلاحیت کے باوجود تعلیم خواب بن کر رہ چکی ہے۔ پاکستان میں دو کروڑ 60 لاکھ زیادہ بچے سکولوں سے باہر ہیں، جبکہ ملک میں کئی نظام تعلیم موجود ہیں جو تعلیم کے فروغ میں بڑی رکاوٹ ہے۔ انہوں نے کہا کہ جماعت اسلامی کا بنیادی مقصد نوجوانوں کو اپنے پاؤں پر کھڑا کرنا ہے تاکہ وہ باعزت روزگار حاصل کریں اور ملک کی ترقی میں مثبت کردار ادا کریں۔

بقیہ بقیہ جات 52

ایس ایس پی کورنگی کامران خان کے مطابق ڈاکو مقتول کے پڑوس میں واردات کر کے جا رہے تھے۔ ایس ایس پی کورنگی نے یہ بھی بتایا ہے کہ واقعے کے بعد ایس ایچ او زمان ٹاؤن اور چوکی انچارج کو معطل کر دیا ہے۔ پولیس کے مطابق 9 جنوری کو اسٹیل ٹاؤن گھکھر پھاٹک پر ڈکیتی مزاحمت پر شہری عارف کو قتل کیا گیا تھا۔ اس کے علاوہ 4 جنوری کو کورنگی کے علاقے زمان ٹاؤن میں ساحل مسیح کو بھی ڈاکوؤں نے قتل کر دیا تھا۔

بقیہ بقیہ جات 53

ہے؟ اس کے خلاف کوئی مقدمہ درج ہے؟ شہری کا تعلق کسی سیاسی پارٹی سے تھا؟ اس پر تفتیشی افسر نے عدالت کو بتایا کہ لاپتہ شہری کا تعلق ایم کیو ایم سے تھا۔ جسٹس صلاح الدین پہنور نے اپنے ریمارکس میں کہا کہ جس کا تعلق ایم کیو ایم سے ہوگا تو کیا اسے غائب کر دیں گے؟ بعد ازاں عدالت نے لاپتہ شہری کی بازیابی سے متعلق موثر اقدامات کرنے کا حکم دیتے ہوئے درخواست کی سماعت 4 ہفتوں کے لیے ملتوی کر دی۔

بقیہ بقیہ جات 54

سندھ کے مختلف اضلاع میں نادرا، سی آر او، سی آر ایم ایس ٹرمینلز تک رسائی حاصل کی جاتی ہے جب کہ متعلقہ آپریٹرز اور پولیس اہلکار حساس ڈیٹا کی رازداری کو برقرار نہیں رکھ رہے۔ ایس ایچ اوز کو جاری کیے گئے مراسلے میں مزید کہا گیا ہے کہ یہ معاملہ انتہائی حساس ہے، ڈیٹا صرف تفتیشی مقاصد کے لیے ہوتا ہے۔ متعلقہ ایس ایچ او، ہیڈ محرر اور سپروائزر اس معاملے کی سختی سے نگرانی کریں۔ ایس ایچ اوز و ڈی ایس پیز، سی ڈی آر اور فیملی ٹری ڈیٹا کی رازداری یقینی بنائیں۔ مراسلے میں کہا گیا ہے کہ کسی بھی ممکنہ غلط استعمال پر سخت محکمانہ کارروائی کی جائے گی۔

بقیہ بقیہ جات 55

نگاروں کی حوصلہ افزائی کا فیصلہ کیا گیا۔ شرجیل میمن نے نئے لکھاریوں اور تخلیقی پروڈکشن ہاؤسز کے لیے خصوصی اقدامات کا اعلان کرتے ہوئے کہا کہ ان کی مالی معاونت بھی کی جائے گی تاکہ وہ اپنے منصوبے مکمل کر سکیں۔ اجلاس میں سیکریٹری اطلاعات سندھ ندیم الرحمٰن میمن، ڈی جی پی آر سلیم خان، اور دیگر اعلیٰ حکام سمیت بورڈ ممبران قاضی اسد عابد، وردہ سلیم، اور اذان سمیع خان نے شرکت کی۔ اجلاس کے دوران ڈی جی پی آر نے بورڈ کے مقاصد اور پالیسی گائیڈ لائنز پر روشنی ڈالی۔ اراکین نے نئے ٹیلنٹ کے فروغ اور پروڈکشن ہاؤسز کے منصوبوں کا جائزہ لینے کے لیے اپنی تجاویز پیش کیں۔ آئندہ اجلاس میں پروڈکشن ہاؤسز سے کام کے بنیادی خاکے طلب کرنے کا بھی فیصلہ کیا گیا۔

بقیہ بقیہ جات 56

کر لیا۔ درخواست گزار کے وکیل نے موقف اختیار کیا کہ ٹوئٹر، فیس بک، انسٹاگرام، یوٹیوب اور دیگر سوشل میڈیا ایپس پر آن لائن فراڈ عام ہو چکا ہے۔ سادہ لوح شہریوں کو ان ایپس پر خوشنما اشتہارات اور جعلی معلومات سے لوٹا جا رہا ہے۔ سوشل میڈیا ایپس شہریوں کی ذاتی معلومات حاصل کر کے پرائیویسی کے قوانین کو نظر انداز کر رہی ہیں۔ درخواست میں مزید کہا گیا کہ ملک میں استعمال ہونے والی ایپس کے سرور یا فوکل پرسنز کی یہاں موجودگی قانونی تقاضا ہے۔ استدعا ہے کہ عدالت قوانین کی خلاف ورزی کرنے والی سوشل میڈیا ایپس پر پابندی عائد کرنے کا حکم دے۔ لاہور ہائی کورٹ نے کیس کی سماعت غیر معینہ مدت کے لیے ملتوی کر دی۔

بقیہ بقیہ جات 57

تحقیقات کا آغاز کر دیا گیا ہے۔ اے این ایف کے مطابق منشیات کی سمگلنگ کے لئے کھلونوں کے سامان کا استعمال باعث تشویش ہے۔ منشیات سمگلنگ کے خلاف جنگ پرعزم انداز سے جاری رکھی جائے گی۔

بقیہ بقیہ جات 58

جاپان کو ہر سیکٹر میں سرمایہ کاری کے لئے خوش آمدید کہتے ہیں، صدر پاکستان آصف علی زرداری کے ویژن کے مطابق پاکستان اور جاپان کے درمیان تعلقات کوئی بلندیوں تک لے کر جائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان میں زرخیز زمین اور آب و ہوا کی وجہ سے یہاں کے پھلوں اور سبزیوں کا ذائقہ پوری دنیا میں مشہور ہے، صوبہ پنجاب میں زراعت کے شعبے میں جاپان کی مہارتوں سے استفادہ کرنے میں دلچسپی رکھتے ہیں۔ گورنر پنجاب کا کہنا تھا کہ پاکستان میں جاپانی گاڑیاں بہت پسند کی جاتی ہیں، جاپانی کمپنیاں آٹو موبائل سیکٹر سمیت پاکستان میں مختلف شعبوں میں اقتصادی مواقع سے فائدہ اٹھا سکتی ہیں۔ سردار سلیم حیدر نے کہا ہے کہ پاکستان اور جاپان کے مابین کاروباری اور ثقافتی وفود کے تبادلوں سے دو طرفہ تعلقات کو مزید وسعت ملے گی، ٹیکسلا میوزیم میں نوادرات کے تحفظ کے لئے جاپانی حکومت کے تعاون کو قدر کی نگاہ سے دیکھتے ہیں۔ گورنر پنجاب نے جاپانی کمپنیوں میں کام کرنے والے انجینئرز کے مسائل کے حل اور پاکستان میں رہنے والے جاپانی لوگوں کی سکیورٹی کے حوالے سے گورنر ہاؤس کی طرف سے تعاون کی یقین دہانی بھی کرائی۔ اس موقع پر جاپان کے سفیر اکاماتسو شوئی چی نے کہا ہے کہ ٹیکسلا آثار قدیمہ دیکھ کر خوشی ہوئی، پاکستان میں تقریباً 80 کمپنیاں کام کر رہی ہیں، پاکستان اور جاپان کے درمیان عوامی سطح پر رابطوں کو بڑھانے کی ضرورت ہے، جاپان پاکستان کے ساتھ ثقافت اور تجارت سمیت دیگر شعبوں میں وسعت دینے میں پرعزم ہے۔

بقیہ بقیہ جات 59

اسرائیلی دھماکہ خیز ہتھیاروں کے استعمال کی وجہ سے ہر ماہ اوسطاً 475 بچے اور ایک دن میں 15 بچے عمر بھر کے لیے کی معذوری کا شکار ہوئے۔ واضح رہے کہ 7 اکتوبر 2023 سے جاری اسرائیلی حملوں میں 46 ہزار 645 فلسطینی شہید ہو چکے ہیں جب کہ ایک لاکھ 10 ہزار فلسطینی بھی زخمی ہوئے جن میں بڑی تعداد خواتین اور بچوں کی ہے۔ دوسری جانب غزہ جنگ بندی ڈیل کے لیے کی کوششیں حتمی مراحل میں داخل ہو چکی ہیں۔ ابتدائی معلومات کیمطابق اسرائیل اور حماس کے درمیان جنگ بندی معاہدے کے تازہ مسودے کے تحت غزہ میں 42 دن کے لیے لڑائی روک دی جائے گی۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق ڈیل کے تحت درجنوں اسرائیلی یرغمالیوں کی واپسی ہوگی اور سیکڑوں فلسطینی قیدیوں کو رہا کیا جائے گا۔

بقیہ بقیہ جات 60

تھی بدھ کے روز ہماری اڈیالہ میں پیشی تھی۔ انہوں نے کہا کہ جہاں ہمارا لیڈر ڈٹ کر کھڑا ہے ہمارے حوصلے بھی ہرگز نہیں ڈگمگائے بلکہ ہم ہر مشکل کا سامنا کرنے کے لئے تیار ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 61

شریف کی جانب سے کم لاگت ہاؤسنگ منصوبوں کی تکمیل میں تیزی لانے اور نجی شعبے کو ان منصوبوں میں شامل کرنے کا عزم خوش آئند ہے۔ کم لاگت رہائشی سہولیات ایک بنیادی ضرورت ہیں۔ حکومت کی کوششیں نہ صرف عام آدمی کی پہنچ میں اپنا مکان لائیں گی بلکہ ریئل سٹیٹ اور تعمیراتی شعبے کو بھی مزید استحکام دیں گی۔ خادم حسین نے کہا کہ حکومت کو ڈویلپرز اور گھر خریدنے والوں کے لیے آسان شرائط پر قرضوں کی فراہمی یقینی بنانا چاہیے اور جدید اور پائیدار تعمیرات کے لیے ٹیکنالوجی کا استعمال یقینی بنایا جائے۔ انہوں نے مزید کہا کہ حکومت کو تعمیراتی شعبے کے لیے خصوصی اکنامک زونز قائم کرنے چاہئیں تاکہ پیداوار اور کارکردگی کو بڑھایا جا سکے۔

بقیہ بقیہ جات 62

ہوا اور اس مد میں 124 ارب روپے وصول کیے گئے۔ انہوں نے اپنے بیان میں کہا کہ ایک طرف اشرافیہ کی خاطر 6 ارب کی نئی گاڑیاں خریدی جا رہی ہیں جبکہ دوسری جانب 2022،23 کے مقابلے میں تنخواہ دار طبقے نے 103 ارب 74 کروڑ روپے ٹیکس دیا۔ پراپرٹی کی خریداری پر 104 ارب، فروخت پر 95 ارب روپے ٹیکس جمع ہوا، ٹیلی فون بلز پر ٹیکس وصولی میں 14.3 فیصد اضافہ ہوا اور اس مد میں تقریباً 100 ارب روپے ٹیکس جمع ہوا۔ موجودہ حکمرانوں نے ملک کو ٹیکستان بنا کر رکھ دیا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 63

بعد پنشن روکنا غیر قانونی ہے، 2019 میں ہونے والی کرپشن کی انکوائری 2024 میں کیسے ہو سکتی ہے۔ جس دور کی کرپشن کا ذکر ہے اس وقت ڈاکٹر پریتم داس وہاں تعینات ہی نہیں تھے۔

بقیہ بقیہ جات 64

بھی کی گئی، گزشتہ روز 20 ٹرکوں کو واپس کر دیا گیا تھا۔ دوسری جانب سرکاری ذرائع کے مطابق بنکر کی مسماری کیلئے آپریشن بھی شروع ہونے کا امکان ہے، بنکر مسماری کا عمل انتظامیہ، پولیس، سکیورٹی فورسز کی نگرانی میں کیا جائے گا۔

بقیہ بقیہ جات 65

پاکستان کے ساتھ شراکت داری رہی۔ پاکستانی عوام سرحد پار سے آنے والی دہشتگردی کے تشدد کا شکار ہیں۔ دہشتگردی خطرات سے نمٹنے کیلئے پاکستان کیساتھ کام کرنے کا عزم تبدیل نہیں ہوگا۔ بائیڈن انتظامیہ کے مشرق وسطیٰ میں امن قائم کرنے میں ناکامی کے سوال کا جواب دیتے ہوئے جان کربی نے کہا کہ اگر اسرائیل اور حماس میں معاہدہ ہوتا ہے تو یہ وہ ہوگا، جس کی کوشش بائیڈن انتظامیہ نے کی۔ امریکی قومی سلامتی کے ترجمان نے روس یوکرین جنگ روکنے میں ناکامی کے سوال پر کہا کہ ہم یوکرین جنگ کا خاتمہ دیکھنا چاہتے ہیں، لیکن ہم زیلنسکی پر مذاکرات کیلئے اپنی مرضی مسلط نہیں کر سکتے جب کہ ایسا ابھی کوئی ثبوت نہیں دیکھا کہ مذاکرات کے لیے روسی صدر پیوٹن کوئی دلچسپی رکھتے ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 66

ندیم قمر، مولانا محمد علی نقشبندی، مفتی محمد عمران حنفی، مولانا سید زین العابدین شاہ، قاری لیاقت علی رضوی، پیر اعظم علی معصومی، مولانا غلام یاسین قادری، مولانا حفیظ الرحمان، نامور قراء حضرات اور علماء اہل سنت سمیت اساتذہ وطلبہ کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔ محفل میں قاری کامران فیضی، قاری ذوالفقار علی، قاری محمد اشفاق قصوری، قاری غلام محی الدین، قاری محمد اویس اصغر و دیگر قراء حضرات نے اپنی بہترین صلاحیتوں کا مظاہرہ کیا۔

بعدالت جناب قیصر عباس صاحب
نائب تحصیلدار/ ریونیو افسر حلقہ تحصیل
افس بھلوال

درخواست تصدیق وراثت انتقال موضع دھوری
متوفی خوشی محمد ولد رحمان وارثان رحمان
والد پھیلاں والدہ فاطمہ بی بی زوجہ متوفی پہلے فوت شدہ محمد اجمیر پسر متوفی بعد میں فوت شدہ
زندہ شیر محمد پسر صغریٰ بی بی کنیز بی بی عظمت بی بی دختران متوفی ہیں اگر ان کے علاوہ کوئی دیگر وارث ہو تو اندر سات یوم اپنا اعتراض داخل کروا سکتا ہے بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا اور انتقال وراثت تصدیق کر دیا جائے گا دستخط مہر عدالت سے جاری ہوا۔

بعدالت جناب مہر احسن شہزاد ہرل
صاحب تحصیلدار ریونیو افسر حلقہ
تحصیل آفس بھلوال

درخواست تصدیق وراثت انتقال موضع منڈی بھلوال
متوفی محمد اسلم ولد محمد بوٹا وارثان محمد بوٹا والد رشیدہ بی بی والدہ پہلے فوت شدہ
زندہ شاہدہ پروین بیوہ عمر اسلم عثمان اسلم پسران ثانیہ اسلم ہما اسلم انجم اسلم عائشہ اسلم دختران متوفی ہیں اگر ان کے علاوہ کوئی دیگر وارث ہو تو اندر سات یوم اپنا اعتراض داخل کروا سکتا ہے بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا اور انتقال وراثت تصدیق کر دیا جائے گا۔ دستخط مہر عدالت سے جاری ہوا۔

بعدالت جناب مہر احسن شہزاد ہرل
صاحب تحصیلدار ریونیو افسر حلقہ
تحصیل افس بھلوال

درخواست تصدیق وراثت انتقال موضع دیووال
متوفی احمد خان ولد میلا خان وارثان میلا خان
والد آمنہ بی بی والدہ پہلے فوت شدہ
زندہ غلام سکینہ بیوہ شہباز حسین پسر نسباء بتول فوزیہ بتول نوبیہ بتول دختران متوفی ہیں اگر ان کے علاوہ کوئی دیگر وارث ہو تو اندر ساتھ یوم اپنا اعتراض داخل کروا سکتا ہے بصورت دیگر کوئی عذر قبول نہیں کیا جائے گا اور انتقال وراثت تصدیق کر دیا جائے گا۔

بعدالت جناب قیصر عباس صاحب
نائب تحصیلدار/ ریونیو افسر حلقہ تحصیل
افس بھلوال

درخواست تصدیق وراثت انتقال موضع چک نمبر 1 شمالی
متوفیہ ثمینہ شاہین بیوہ محمد یوسف وارثان محمد لطیف والد پروین اختر والدہ محمد یوسف خاوند پہلے فوت شدہ
زندہ رانا غلام مصطفیٰ پسر حنا یوسف صباء یوسف رمشاء یوسف دختران متوفیہ ہیں اگر ان کے علاوہ کوئی دیگر وارث ہو تو اندر سات یوم اپنا اعتراض داخل کروا سکتا ہے بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا اور انتقال وراثت تصدیق کر دیا جائے گا - دستخط مہر عدالت سے جاری ہوا۔

بعدالت جناب قیصر عباس صاحب
نائب تحصیلدار/ ریونیو افسر حلقہ تحصیل
حافظ بھلوال

درخواست تصدیق وراثت انتقال موضع چک نمبر 1 شالی
متوفی سلیم رضا ولد محمد اسلم
وارثان محمد اسلم والد ارشاد بی بی والدہ پہلے فوت شدہ
زندہ محمد قرار حیدر محمد ذیشان حیدر بلاول حسین پسران مافیہ بیگم فردوس بیگم فروا بیگم دختران متوفی ہیں اگر ان کے علاوہ کوئی دیگر وارث ہو تو اندر سات یوم اپنا اعتراض داخل کروا سکتا ہے بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا اور انتقال وراثت تصدیق کر دیا جائے گا۔ دستخط مہر عدالت سے جاری ہوا۔

آئی جی پنجاب کا سیکرٹری کمیونیکیشن اینڈ ورکس پنجاب سہیل اشرف کے ہمراہ زیر تعمیر پراجیکٹس کا دورہ

آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور نے پولیس انفراسٹرکچر ڈویلپمنٹ پراجیکٹس میں محکمہ کمیونیکیشن اینڈ ورکس پنجاب کے بھرپور تعاون کو سراہا

سٹیٹ آف دی آرٹ سیف سٹیز وویمن ہاسٹل وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کا خواتین پولیس افسران واہلکاروں کے لئے شاندار تحفہ ہے، ڈاکٹر عثمان انور

لاہور (خبرنگار) انسپکٹر جنرل پولیس پنجاب ڈاکٹر عثمان انور نے سیکرٹری کمیونیکیشن اینڈ ورکس پنجاب سہیل اشرف کے ہمراہ زیر تعمیر پراجیکٹس کا دورہ کیا۔ تفصیلات کے مطابق، دورے کے دوران آئی جی پنجاب نے زیر تکمیل سمارٹ پولیس سٹیشن اسلام پورہ اور سیف سٹیز وویمن ہاسٹل قربان لائنز کے مختلف حصوں کا معائنہ کیا۔ آئی جی پنجاب، سیکرٹری سی اینڈ ڈبلیو نے سمارٹ پولیس سٹیشن اور وویمن ہاسٹل کے کنسٹرکشن ورک میں پیش رفت کا جائزہ لیا گیا۔ اس موقع پر آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور نے کہا کہ سٹیٹ آف دی آرٹ سیف سٹیز وویمن ہاسٹل وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کا خواتین پولیس (بقیہ نمبر 35)

آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور، سیکرٹری سی اینڈ ڈبلیو کے ہمراہ زیر تعمیر سمارٹ پولیس سٹیشن اسلام پورہ اور سیف سٹیز وویمن ہاسٹل قربان لائنز کا دورہ کر رہے ہیں

پڑھا لکھا ہنر مند نوجوان ملک وقوم کا فخر اور سرمایہ ہے: ضیاء الدین انصاری

بنوقابل پروگرام ہزاروں نوجوانوں کی توانائیاں اور صلاحیتیں کو اجاگر کر رہا ہے، ہزاروں نوجوان سال 2024ء میں آئی ٹی کے مختلف کورسز مکمل کر کے روزگار کما رہے ہیں

سرپرست الخدمت فاؤنڈیشن و امیر جماعت اسلامی کا ایکسپو سنٹر میں بنوقابل لاہور سیشن 2024 گریجویشن کی تقریب میں نوجوانوں سے خطاب

لاہور (خبرنگار) سرپرست الخدمت فاؤنڈیشن و امیر جماعت اسلامی لاہور ضیاء الدین انصاری ایڈووکیٹ نے کہا ہے کہ پڑھا لکھا ہنر مند نوجوان ملک وقوم کا فخر اور سرمایہ ہے جو ملکی معیشت میں قلیدی کردار کی حیثیت رکھتا ہے۔ بنوقابل پروگرام مفت آئی ٹی کی تعلیم کے ذریعے ہزاروں نوجوانوں کی توانائیاں اور صلاحیتیں کو اجاگر کر رہا ہے۔ ہزاروں نوجوان سال 2024ء میں آئی ٹی کے مختلف کورسز مکمل کر کے روزگار کما رہے ہیں۔ الخدمت فاؤنڈیشن شہر لاہور سمیت پورے ملک میں نوجوانوں کے لیے ہنر مندی کے مفت مواقع فراہم کرنے کے لیے بھر پور اقدامات (بقیہ نمبر 36)

لاہور: سرپرست الخدمت فاؤنڈیشن لاہور ضیاء الدین انصاری ایڈووکیٹ ایکسپو سنٹر میں بنوقابل لاہور سیشن 2024 گریجویشن تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

ٹرانسپورٹرز کی تحفظات دور نہ ہونے پر ہائی ویز بند کرنے کی دھمکی

آئل کمپنی، نیشنل ہائی وے اتھارٹی، موٹروے اور ایکسائز پولیس سندھ ناجائز چالان کر رہی ہے، ٹرانسپورٹرز

کراچی (این این آئی) آل پاکستان ٹرانسپورٹرز ایسوسی ایشن الائنس نے حکومت کو ہائی ویز بند کرنے کی دھمکی دے دی۔ آل پاکستان آئل ٹینکرز اونرز ایسوسی ایشن کے چیئرمین میر شمس شاہوانی نے کراچی میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہا کہ اگر ہمارے تحفظات 72 گھنٹے میں دور نہ ہوئے تو ہائی ویز کو ہر قسم ٹریفک کے لئے بند کر دیا جائے گا۔ ٹرانسپورٹرز کہنا تھا کہ آئل کمپنی، نیشنل ہائی وے اتھارٹی، موٹروے پولیس اور ایکسائز پولیس سندھ کی جانب سے انکے ناجائز چالان کیے جا رہے ہیں۔ اس موقع پر آل پاکستان ایڈیبل آئل اونرز ایسوسی ایشن کے چیئرمین بختاور خان وزیر، آل سندھ ٹرک/ڈمپر ایسوسی ایشن کے (بقیہ نمبر 38)

امدادی اشیاء پر مشتمل 25 گاڑیوں کا قافلہ پاراچنار پہنچ گیا

قافلے میں آٹا، چینی، چکن اور دیگر امدادی اشیاء اور روزمرہ استعمال کی سبزیاں بھی شامل

پشاور (این این آئی) امدادی اشیاء پر مشتمل 25 گاڑیوں کا قافلہ پاراچنار پہنچ گیا۔ سرکاری ذرائع کے مطابق امدادی اشیاء کا قافلہ گزشتہ روز ٹل سے روانہ ہوا تھا، قافلے میں آٹا، چینی، چکن اور دیگر امدادی اشیاء شامل ہیں، امدادی قافلے میں روزمرہ استعمال کی سبزیاں بھی شامل ہیں۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ قافلے کیلئے سکیورٹی کے سخت ترین انتظامات کیے گئے، امدادی قافلے کی فضائی نگرانی (بقیہ نمبر 64)

اوپن مارکیٹ میں درجہ اول آئل کی قیمتوں میں اضافے کا رجحان

لاہور (این این آئی) شہر کی اوپن مارکیٹ میں درجہ اول آئل کی قیمتوں میں اضافے کا رجحان جاری ہے۔ درجہ اول کے آئل کی قیمت میں مزید 4 روپے اضافہ کر دیا گیا جس کے بعد اوپن مارکیٹ، ڈیپارٹمنٹل سٹوروں پر درجہ اول کا آئل 584 روپے لٹر ہوگیا۔

نولکھا پریسبیٹیرین چرچ میں سالانہ جنرل اسمبلی کا اجلاس

پاکستان بھر کے پریسبیٹیرین چرچ کے سربراہان کی شرکت، ماڈریٹر، کوماڈریٹر اور ایگزیکٹو جنرل اسمبلی منتخب

اسرائیل و فلسطین کی جنگ کے خاتمے، تمام عالم میں امن کے قیام اور پاکستان کی ترقی وخوشحالی کے لیے خصوصی دعاء

لاہور (خبرنگار) لاہور میں قائم نولکھا پریسبیٹیرین چرچ آف پاکستان میں 32 ویں سالانہ جنرل اسمبلی کا اجلاس منعقد ہوا، جس میں متفقہ طور پر عارف سراج کو ماڈریٹر، جاوید گل کو ماڈریٹر اور ڈاکٹر مجید ایبل کو ایگزیکٹو سیکرٹری جنرل اسمبلی منتخب کرلیا گیا۔ تقریب میں سابقہ سینیٹر کامران مائیکل نے خصوصی طور پر شرکت کی جبکہ سابقہ ریکٹر ایف سی کالج، ریورنڈ جیمز ٹیلی بھی تقریب میں موجود تھے۔ سینیٹر کامران مائیکل نے نو منتخب عہدیداران کو مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا کہ مجھے فخر ہے کہ پریسبٹرین (بقیہ نمبر 37)

میئر کراچی کا عباسی شہید اسپتال میں ہیموفیلیا سینٹر بنانے کا اعلان

کراچی (این این آئی) میئر کراچی بیرسٹر مرتضی وہاب نے خون بہنے کی بیماری ہیموفیلیا کے مریضوں کو بروقت معیاری علاج فراہم کرنے کے لیے عباسی شہید اسپتال میں الگ ہیموفیلیا سینٹر بنانے کا اعلان کر دیا ہے۔ یہ اعلان انہوں نے گزشتہ روز ہیموفیلیا ویلفیئر سوسائٹی کراچی کی جانب سے ناظم آباد میں قائم ہیموفیلیا ٹریٹمنٹ سینٹر کے دورے کے دوران کیا۔ سینٹر پہنچنے پر ہیموفیلیا سوسائٹی کے بانی اور سی ای او راحیل احمد اور ان کی ٹیم نے میئر کراچی کا پرتپاک استقبال کیا۔

عوامی خدمت کو اپنا شعار و نصب العین بنائیں، سائرہ افضل تارڑ

افسران دستیاب وسائل کا منصفانہ استعمال کرتے ہوئے اہداف کے حصول کو ممکن بنائیں

لاہور (این این آئی) وزیر اعلیٰ پنجاب کی کوآرڈینیٹر برائے پاپولیشن سائرہ افضل تارڑ نے کہا ہے کہ محکمہ بہبود آبادی کے افسران وزیر اعلیٰ پنجاب کے ویژن کو مدنظر رکھتے ہوئے عوامی خدمت کو اپنا شعار و نصب العین بنائیں۔ صوبہ بھر کے تمام پاپولیشن ویلفیئر افسران کی باقاعدگی سے مانیٹرنگ کا عمل شروع کر دیا گیا ہے تاکہ عوام کو فراہم کی جانے والی سہولیات اور متوازن خاندان بارے شعور و آگاہی کی فراہمی میں کسی قسم کی کوتاہی سامنے نہ آنے پائے، تمام افسران اپنی کارکردگی میں مزید بہتری کیلئے دستیاب وسائل کا منصفانہ استعمال کرتے ہوئے اہداف کے حصول کو ہر صورت ممکن بنائیں۔ اس امر کا اظہار انہوں نے محکمہ بہبود آبادی پنجاب کی کارکردگی کا تفصیلی جائزہ اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر ڈائریکٹر جنرل ثمن رائے، ایڈیشنل سیکرٹری ایڈمن عدنان شہزاد، ایڈیشنل سیکرٹری ٹیکنیکل ڈاکٹر نائلہ الطاف و دیگر افسران بھی موجود تھے۔

کپاس کی اگیتی کاشت کیلئے فیلڈ فارمیشنز کو ٹاسک سونپ دیا، افتخار علی

لاہور (سٹاف رپورٹر) صوبہ پنجاب کو کپاس کی پیداوار کے لحاظ سے منفرد مقام حاصل ہے۔ پنجاب میں کپاس کی کاشت بارے پلان کی تیاری حتمی مرحلہ میں داخل ہو چکی ہے۔ ان خیالات کا اظہار سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو نے ایگریکلچر ہاؤس لاہور میں کپاس کی کاشت سے متعلق پلان کی تیاری بارے اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ فیصل آباد، ساہیوال، سرگودھا، ملتان، ڈی جی خان اور بہاولپور ڈویژنز میں کپاس کی (بقیہ نمبر 40)

ہیلیون نے پاکستان میں پین مینجمنٹ انسٹی ٹیوٹ متعارف کرادیا

یہ اقدام طب کے پیشہ سے وابستہ افراد کی مدد کیلئے ہیلیون کے عزم کی عکاسی کرتا ہے

لاہور (پ ر) کنزیومر ہیلتھ کے حوالے سے عالمی لیڈر ہیلیون (Haleon) نے لاہور کے فلیٹیز ہوٹل میں منعقدہ ایک خصوصی تقریب میں ہیلیون پین مینجمنٹ انسٹی ٹیوٹ (HPMI) پروگرام کے آغاز کا اعلان کیا۔ یہ اقدام طب کے پیشہ سے وابستہ افراد کی مدد کرنے اور پین مینجمنٹ کے شعبے کی رہنمائی کیلئے ہیلیون کے عزم کی عکاسی کرتا ہے۔ ہیلیون پین مینجمنٹ انسٹی ٹیوٹ طب کے شعبہ سے وابستہ افراد کو ضروری مہارتوں سے لیس کرنے کے کمپنی کے عالمی مشن کا حصہ ہے، جس کا مقصد دنیا بھر میں پین مینجمنٹ کے معیارات کو بہتر بنانا ہے۔ لاہور میں ہونے والا پروگرام اسی عالمی اقدام کا ایک حصہ ہے۔ اس تقریب میں پاکستان بھر سے طب کے شعبہ سے وابستہ نامور شخصیات شریک تھیں۔

پاکستان کبھی بھی امریکا کا اتحادی رہا نہ ایسا کوئی معاہدہ ہوا، جان کربی

دہشتگردی کے خطرات سے نمٹنے کیلئے شراکت داری رہی، پاکستانی عوام سرحد پار سے آنیوالی دہشت گردی کا شکار ہیں

دہشت گردی خطرات سے نمٹنے کیلئے پاکستان کیساتھ کام کرنے کا عزم تبدیل نہیں ہوگا، ترجمان امریکی نیشنل سکیورٹی

واشنگٹن (این این آئی) امریکا کی نیشنل سکیورٹی کے ترجمان جان کربی نے کہا ہے کہ پاکستان کبھی بھی امریکا کا اتحادی نہیں رہا ہے اور نہ ہی ایسا کوئی معاہدہ ہوا۔ امریکی نیشنل سکیورٹی کے ترجمان جان کربی نے واشنگٹن میں بائیڈن انتظامیہ کی خارجہ پالیسی پر پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستان کے ساتھ اتحاد کا کبھی کوئی معاہدہ نہیں تھا اور نہ کبھی وہ امریکا کا اتحادی رہا ہے۔ جان کربی نے کہا کہ دہشتگردی کے خطرات سے نمٹنے کیلئے (بقیہ نمبر 65)

وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے جمعیت علماء اسلام کے صوبائی امیر سینیٹر مولانا عبدالواسع کی قیادت زمیندار ایکشن کمیٹی قلعہ سیف اللہ کا وفد ملاقات کر رہا ہے

تنخواہ دار طبقے کو مہنگائی نے کچل کر رکھ دیا ہے، جاوید قصوری

تنخواہ دار طبقے سے ٹیکس وصولی، اشرافیہ کو مراعات دی جا رہی ہیں، امیر جماعت اسلامی پنجاب وسطی

لاہور (این این آئی) امیر جماعت اسلامی پنجاب وسطی جاوید قصوری نے کہا ہے کہ ایک سال میں تنخواہ دار طبقے سے ٹیکس وصولی میں 39.3 فیصد اضافہ تشویشناک ہے، تنخواہ دار طبقے کو پہلے ہی مہنگائی نے کچل کر رکھ دیا ہے، حکومت امیروں پر ٹیکس لگانے اور اشرافیہ کو ٹیکس نیٹ میں لانے کی بجائے مسلسل غریب طبقہ اور تنخواہ دار افراد کو نشانہ بنا رہی ہے، بجلی کے بلوں پر ٹیکس وصولی میں 30 فیصد اضافہ (بقیہ نمبر 62)

تعمیراتی شعبے کیلئے خصوصی اکنامک زونز قائم کرنے چاہئیں، خادم حسین

تعمیراتی شعبے پر خصوصی توجہ کا خیر مقدم کرتے ہیں، ڈائریکٹر پاکستان سٹون ڈویلپمنٹ کمپنی

لاہور (این این آئی) ڈائریکٹر پاکستان سٹون ڈویلپمنٹ کمپنی، سینئر نائب صدر فیروز پور بورڈ اور سابقہ ایگزیکٹو ممبر لاہور چیمبر آف کامرس خادم حسین نے حکومت کی جانب سے تعمیراتی شعبے پر خصوصی توجہ کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا ہے کہ حکومت کو تعمیراتی شعبے کے لیے خصوصی اکنامک زونز قائم کرنے چاہئیں تاکہ پیداوار اور کارکردگی کو بڑھایا جا سکے۔ انہوں نے اپنے بیان میں کہا کہ وزیر اعظم شہباز شریف کی جانب سے کم لاگت ہاسنگ منصوبوں کی تکمیل میں تیزی لانے اور نجی شعبے کو ان منصوبوں میں شامل کرنے کا عزم خوش آئند ہے۔ کم لاگت رہائشی سہولیات ایک بنیادی ضرورت ہیں۔ حکومت کی کوششیں نہ صرف (بقیہ نمبر 61)

صوبائی وزیر صحت کا عارف محمود ڈائیلاسز ہسپتال اور رورل ہیلتھ سنٹر رائیونڈ کا دورہ

عارف محمود ڈائیلاسز ہسپتال کی جانب سے ڈائیلاسز مریضوں کا مفت علاج قابل تحسین ہے، رورل ہیلتھ سنٹر رائیونڈ کی ریویمپنگ جنوری کے آخر تک مکمل ہو جائیگی

پنجاب بھر میں ڈائیلاسز مریضوں کو ڈائیلاسز کارڈز کے ذریعے تمام علاج مفت فراہم کیا جا رہا ہے، وزیر اعلیٰ کے 900 سے زائد منصوبے تیزی سے مکمل کئے جا رہے ہیں

لاہور (خبرنگار) صوبائی وزیر صحت خواجہ عمران نذیر کی آشیانہ ویلفیئر سسٹم عارف محمود ڈائیلاسز اینڈ ڈائیگناسٹک ہسپتال، رائیونڈ آمد۔ صوبائی وزیر صحت خواجہ عمران نذیر نے رورل ہیلتھ سنٹر رائیونڈ کا بھی دورہ کیا۔ اور ہیلتھ سنٹر کی جاری ریویمپنگ کا تفصیلی معائنہ کیا۔ خواجہ عمران نذیر نے عارف محمود ڈائیلاسز ہسپتال میں فارمیسی، ایمرجنسی، لیب، ڈائلاسز وارڈ، آر او پلانٹ کا دورہ کیا اور ڈائیلسز مریضوں سے ادویات، لیب، ٹیسٹوں کی سہولیات سے متعلق دریافت کیا۔ خواجہ عمران نذیر نے عارف محمود ہسپتال (بقیہ نمبر 39)

صوبائی وزیر صحت خواجہ عمران نذیر رورل ہیلتھ سنٹر، رائیونڈ کے دورہ کے دوران فارمیسی میں ادویات کا سٹاک چیک کر رہے ہیں

وفاق کے دیئے فنڈ فوج مخالف پروپیگنڈا کرنیوالوں کو بانٹے جا رہے ہیں، عظمیٰ بخاری

ظالموں نے ماں اور بچے کی صحت پر خرچ ہونے والے فنڈز کو بھی نہیں بخشا، ورلڈ فوڈ پروگرام نے خیبر پختونخواہ میں کام روک دی

کرپشن کیخلاف جہاد کا اعلان کرنے والے علی امین کی ناک کے نیچے سے 799 ملین غائب ہو گئے، وزیر اطلاعات پنجاب

لاہور (سمیعہ فیاض) وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری نے کہا ہے کہ وفاق کے دیئے گئے فنڈز پشتونوں کے بجائے فوج مخالف پروپیگنڈا کرنے والوں میں بانٹے جا رہے ہیں۔ پنجاب کی وزیر اطلاعات عظمیٰ بخاری نے بیان میں کہا کہ کرپشن کے خلاف جہاد کرنے کا اعلان کرنے والے وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا علی امین گنڈاپور کی ناک کے نیچے سے 799 ملین غائب ہوگئے۔ اس سے قبل مساجد کے آئمہ کرام کے نام پر 70 کروڑ کے فنڈز غائب (بقیہ نمبر 41)

جس کا تعلق ایم کیو ایم سے ہوگا کیا اسے غائب کر دیں گے؟ جج کا استفسار

سندھ ہائی کورٹ کا لاپتہ شہری کی بازیابی سے متعلق موثر اقدامات کرنے کا حکم، سماعت ملتوی

کراچی (این این آئی) سندھ ہائی کورٹ کے جسٹس صلاح الدین پہنور نے 2017 سے لاپتہ ایم کیو ایم کے کارکن کی بازیابی سے متعلق کیس میں سوال اٹھایا ہے کہ جس کا تعلق ایم کیو ایم سے ہوگا تو کیا اسے غائب کر دیں گے؟ بدھ کو سندھ ہائی کورٹ میں 2017 سے لاپتہ ایم کیو ایم کے کارکن کی بازیابی سے متعلق درخواست پر جسٹس صلاح الدین پہنور نے سماعت کی۔ درخواست گزار نے عدالت میں موقف اختیار کیا کہ میرا بھائی محمد یوسف 2017 سے تھانہ سائٹ بی کی حدود سے لاپتہ ہے۔ عدالت نے استفسار کیا کہ لاپتہ شہری کہاں ہے؟ اس کی بازیابی کے لیے اب تک کیا کارروائی ہوئی (بقیہ نمبر 53)

پاکستان جاپان کے مابین وفود کے تبادلوں سے تعلقات کو وسعت ملے گی: گورنر پنجاب

سردار سلیم حیدر خان سے جاپان کے سفیر اکاماتسوشوئی چی کی ملاقات، مختلف شعبوں میں تعاون کو فروغ دینے پر تفصیلی تبادلہ خیال

ٹیکسلا آثار قدیمہ دیکھ کر خوشی ہوئی، پاکستان اور جاپان کے درمیان عوامی سطح پر رابطوں کو بڑھانے کی ضرورت ہے، کاماتسوشوئی چی

لاہور (این این آئی) گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان نے کہا ہے کہ پاکستان اور جاپان کے مابین کاروباری وفود کے تبادلوں سے تعلقات کو وسعت ملے گی۔ گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان سے پاکستان میں جاپان کے سفیر اکاماتسوشوئی چی کی ملاقات ہوئی، ملاقات میں معیشت، زراعت اور ثقافت کے شعبوں میں تعاون کو فروغ دینے پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان نے کہا کہ (بقیہ نمبر 58)

سندھ پولیس میں نادرا سے ملنے والی حساس معلومات کے غلط استعمال کا انکشاف

متعلقہ آپریٹرز اور پولیس اہلکار حساس ڈیٹا کی رازداری کو برقرار نہیں رکھ رہے، مراسلہ جاری

کراچی (این این آئی) سندھ پولیس میں نادرا سے ملنے والی حساس معلومات کے غلط استعمال کا انکشاف ہوا ہے۔ ایس ایس پی کورنگی کی جانب سے ڈسٹرکٹ کورنگی کے تمام ایس ایچ اوز کو مراسلہ جاری کیا گیا ہے، جس میں کہا گیا ہے کہ نادرا ویریسز، سی ڈی آر اور فیملی ٹری ڈیٹا کا غلط استعمال کیا جا رہا ہے۔ مراسلے میں بتایا گیا ہے کہ آئی جی پی آفس سندھ کو متعدد شکایات موصول ہوئی ہیں۔ (بقیہ نمبر 54)

ایم یو فوڈ اینڈ سوئسکو ٹوپنگ کریم کے چیف ایگزیکٹو رانا افتخار احمد لانچنگ تقریب میں کیک کاٹ رہے ہیں

8 ماہ سے تنخواہوں سے محروم آفٹر نون سکولوں کے اساتذہ کو تنخواہوں کی ادائیگی

لاہور (این این آئی) آفٹر نون سکولوں کے اساتذہ کو تنخواہوں کی مد میں 18 لاکھ 24 ہزار کے فنڈز جاری کر دیئے گئے سینکڑوں اساتذہ گزشتہ آٹھ ماہ سے تنخواہوں سے محروم تھے۔ ڈسٹرکٹ ایجوکیشن اتھارٹی لاہور نے تنخواہوں کی مد میں 18 لاکھ 24 ہزار روپے کے فنڈز جاری کیے۔ ایجوکیشن اتھارٹی لاہور کی مطابق اساتذہ کو اپریل سے اکتوبر تک دوسہ ماہی کی اقساط جاری کی گئی ہیں

پولیس پر حملوں، گینگ وار کے ملزم کیجانب سے بریت کی 6 درخواستیں دائر

کراچی (این این آئی) لیاری گینگ وار اور پولیس حملوں میں ملوث ملزم ملا نثار نے بریت کی 6 درخواستیں دائر کر دی ہیں۔ کراچی سینٹرل جیل انسداد دہشتگردی کمپلیکس میں خصوصی عدالت میں گینگ وار کے ملزم ملا نثار کی جانب سے بریت کی 6 درخواستیں دائر کی گئیں۔ درخواستوں میں موقف اپنایا گیا کہ پولیس نے ملزم کو جھوٹے کیسز میں ملوث کیا ہے۔ مقدمات کے مدعی نے اپنے بیانات میں ملا نثار کا کردار واضح نہیں کیا۔ شریک ملزم بری ہو چکے ہیں۔ مقدمات میں پولیس پر فائرنگ کچھ نہیں بتایا گیا۔

اسلام آباد، کھیلوں کے سامان میں منشیات چھپا کر سمگلنگ کی کوشش ناکام

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد میں کھیلوں کے سامان میں منشیات چھپا کر بیرون ملک اسمگلنگ کی کوشش ناکام بنا دی گئی۔ اینٹی نارکوٹکس فورس (اے این ایف) کے مطابق اے این ایف نے آبپارہ مارکیٹ اسلام آباد میں واقع کوریئر آفس میں نیوزی لینڈ کے لیے بھیجے جانے والے پارسل کو قبضے میں لے لیا۔ پارسل میں موجود کیرم بورڈ میں مہارت سے چھپائی گئی 1 کلو 20 گرام آئس برآمد کی گئی۔ پارسل آزاد کشمیر کے رہائشی کی جانب سے بک کروایا گیا تھا۔ منشیات قبضے میں لے کر مزید (بقیہ نمبر 57)

سوشل میڈیا ایپس بندش کی درخواست، پی ٹی اے سے جواب طلب

سوشل میڈیا ایپس پر جعلی معلومات سے عوام کو لوٹا جا رہا ہے، درخواست گزار کا لاہور ہائیکورٹ میں موقف

لاہور (این این آئی) لاہور ہائی کورٹ نے قوانین نظر انداز کرنے پر سوشل میڈیا ایپس کی بندش کی درخواست پر پاکستان ٹیلی کمیونیکیشن اتھارٹی (پی ٹی اے) کو نوٹس جاری کر دیا۔ لاہور ہائی کورٹ کے جسٹس عابد عزیز شیخ نے قوانین کی خلاف ورزی پر سوشل میڈیا ایپس کی بندش سے متعلق درخواست کی سماعت کی۔ عدالت نے پی ٹی اے کو نوٹس جاری کرتے ہوئے جواب طلب (بقیہ نمبر 56)

سندھ حکومت کا فلم اور ڈرامہ انڈسٹری کے فروغ کیلئے اقدامات کا اعلان

مالی معاونت بھی کی جائے گی تاکہ وہ اپنے منصوبے مکمل کر سکیں، شرجیل انعام میمن

کراچی (این این آئی) حکومت سندھ نے فلم، ڈرامہ اور ڈاکیومینٹری کی صنعت کے فروغ کے لیے عملی اقدامات تیز کر دیے ہیں۔ اس حوالے سے صوبے کے سینئر وزیر شرجیل انعام میمن کی زیر صدارت کانٹینٹ اینڈ پروڈکشن اوور سائٹ بورڈ کا پہلا اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں مقامی ٹیلنٹ کو فروغ دینے، عوامی آگاہی بڑھانے اور انتہا پسندی کے خلاف بیانیہ تشکیل دینے کے لیے آرٹسٹ اور ڈرامہ (بقیہ نمبر 55)

Lahore Chamber of Commerce & Industry

لاہور، وزیر اعظم کی ٹاسک فورس برائے ہاؤسنگ کے چیئرمین حافظ نعمان، صدر لاہور چیمبر میاں ابوذر شاد و دیگر کا سیمینار کے بعد گروپ فوٹو

کراچی، فجر کی نماز پڑھ کر آنیوالا نوجوان شور مچانے پر ڈاکوؤں کے ہاتھوں قتل

واقعے کے بعد ایس ایچ او زمان ٹاؤن اور چوکی انچارج کو معطل کر دیا ہے، ایس ایس پی کورنگی

کراچی (این این آئی) کراچی میں یکم جنوری سے اب تک ڈکیتی مزاحمت پر جاں بحق افراد کی تعداد 3 ہوگئی۔ پولیس کے مطابق کورنگی جنجال پورہ گوٹھ میں ڈاکوؤں کی فائرنگ سے مظفر اقبال جاں بحق ہو گیا۔ ایس ایس پی کورنگی کامران خان نے بتایا ہے کہ فجر کے وقت 4 ڈاکو ایک گھر میں واردات کے بعد فرار ہو رہے تھے، 17 سال کا نوجوان مظفر اقبال نماز فجر پڑھ کر گھر جا رہا تھا۔ انہوں نے مزید بتایا کہ نوجوان کے شور مچانے پر ڈاکوؤں نے فائرنگ کی جس سے وہ موقع پر ہی جاں بحق ہو گیا۔ (بقیہ نمبر 52)

پاک فوج قوم کا اعتماد اور فخر ہے، سنی علماء کونسل

پاکستان کے دفاع اور تحفظ کیلئے پاک فوج کے شانہ بشانہ کھڑے ہیں، مولانا حافظ حسین احمد

لاہور (این این آئی) صدر سنی علماء کونسل لاہور اور صوبائی ترجمان مولانا حافظ حسین احمد نے کہا ہے کہ پاک فوج قوم کا اعتماد اور فخر ہے، پاکستان کے استحکام اور دفاع کیلئے قومی سلامتی اداروں اور پاک فوج کی قربانیاں کسی سے ڈھکی چھپی نہیں، پاکستان کے دفاع اور تحفظ کیلئے ہم پاک فوج کے شانہ بشانہ کھڑے ہیں۔ اپنے جاری بیان میں انہوں نے کہا کہ پاک فوج ہماری نظریاتی اور جغرافیائی سرحدوں کی امین ہے پاک فوج کے جوان اپنا آج قربان کر کے ہمارے کل کو محفوظ بنا رہے ہیں، پاک فوج کا ملکی اور عالمی امن کے قیام میں ہمیشہ اہم کردار رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ افواج پاکستان نے ہمیشہ ملکی (بقیہ نمبر 44)

صوبائی صدر پنجاب پیرامیڈیکل سٹاف ایسوسی ایشن ارشد بٹ کا سروسز ہسپتال آمد پر استقبال کیا جا رہا ہے

انصاف اور قانون کی بالادستی کے بغیر ملک ترقی نہیں کر سکتا، جے یو آئی

عدل وانصاف کسی بھی معاشرے کی بنیاد ہیں اس کے بغیر کوئی قوم ترقی کی راہ پر گامزن نہیں ہو سکتی

لاہور (این این آئی) امیر جمعیت علمائے اسلام (ف) سٹی لاہور افضل خان، جنرل سیکرٹری حافظ عرفان شجاع بٹ، سالار مولانا عمیر مہمند، ڈپٹی سیکرٹری جنرل مولانا عبدالودود شاہد، صدر لائرز فورم لاہور ہاشم تہامی ایڈووکیٹ، صدر لائرز فورم سٹی لاہور فیضان شجاع بٹ ایڈووکیٹ، اور ڈپٹی سیکرٹری اطلاعات قاری منظور الحسن چترالی نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ انصاف اور قانون کی بالادستی کے (بقیہ نمبر 43)

پنجاب میں نئی سرمایہ کاری کیلئے ہماری کاوشیں رنگ لا رہی ہیں، شافع حسین

صنعتکاروں کے مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کئے جا رہے ہیں، وزیر صنعت وتجارت

راولپنڈی میں غیر زرعی اراضی پر انڈسٹریل اسٹیٹ بنائی جائے گی، اجلاس سے خطاب

لاہور (این این آئی) صوبائی وزیر صنعت و تجارت چوہدری شافع حسین کی زیر صدارت پنجاب سرمایہ کاری بورڈ کے کمیٹی روم میں وڈیو لنک اجلاس منعقد ہوا جس میں راولپنڈی میں انڈسٹریل اسٹیٹ کے قیام کے امور کا جائزہ لیا گیا۔ ایوان صنعت و تجارت راولپنڈی کے صدر عثمان شوکت کی قیادت میں وفد نے وڈیو لنک کے ذریعے اجلاس میں شرکت کی۔ ایوان صنعت وتجارت راولپنڈی نے علاقے میں انڈسٹریل اسٹیٹ کے قیام کا مطالبہ کیا اور اس امر کا اظہار کیا کہ راولپنڈی میں کوئی انڈسٹریل اسٹیٹ نہیں ہے، انڈسٹری کے فروغ کیلئے یہاں انڈسٹریل اسٹیٹ کا قیام ضروری ہے۔ (بقیہ نمبر 48)

تحریک لبیک پاکستان ضلع لاہور کی اعلی قیادت کے زیر اہتمام اجلاس کے بعد شرکاء کا گروپ فوٹو

پڑھا لکھا ہنر مند نوجوان ملک وقوم کا فخر اور سرمایہ ہے، ضیاء الدین انصاری

لاہور (این این آئی) سرپرست الخدمت فاؤنڈیشن و امیر جماعت اسلامی لاہور ضیا الدین انصاری ایڈووکیٹ نے کہا ہے کہ پڑھا لکھا ہنر مند نوجوان ملک وقوم کا فخر اور سرمایہ ہے جو ملکی معیشت میں قلیدی کردار کی حیثیت رکھتا ہے، بنوقابل پروگرام مفت آئی ٹی کی تعلیم کے ذریعے ہزاروں نوجوانوں کی توانائیاں اور صلاحیتیں کو اجاگر کر رہا ہے، ہزاروں نوجوان سال 2024 میں آئی ٹی (بقیہ نمبر 51)

پلاسٹک کی ری سائیکلنگ پر حکومتی پالیسی قابل تعریف ہے، ملک احمد

لاہور (این این آئی) سپیکر پنجاب اسمبلی ملک احمد خان نے پلاسٹک اشیا کی ری سائیکلنگ و استعمال کے حوالے سے پلاسٹک ایپ کی لانچنگ تقریب میں بطور مہمان خصوصی شرکت کی۔ اس موقع پر سپیکر ملک احمد خان نے کہا کہ ہمارے اردگرد پڑی پلاسٹک ایک ڈراونا خواب کی طرح ہیں۔ ستھرا پنجاب پروگرام کو خوش آئند قرار دیتا ہوں۔ ہمارے دیہات اور ٹاؤن ایک ذلت آمیز زندگی گزار رہے ہیں ہمیں بنیادی میونسپل سہولیات نہیں ملتیں۔ انہوں (بقیہ نمبر 46)

چیف ایڈیٹر	میاں محمد فیاض
مینجنگ ایڈیٹر	صدف الطاف چوہدری
سینئر گروپ ایڈیٹر	ڈاکٹر محمد احسن محمود
ایڈیٹر	امداد اللہ قریشی
سینئر ڈپٹی ایڈیٹر	چوہدری عمران شوکت
ڈپٹی ایڈیٹر	محمد شہروز میاں
لیگل ایڈوائزر	وقار اے شیخ ایڈووکیٹ سپریم کورٹ

پبلشر احسن یوسف نے تجارت پرنٹرز سے چھپوا کر 14 ڈیوس روڈ لاہور سے شائع کیا۔
آفس نمبر 2 ایاسین کمپلیکس 8 ڈیوس روڈ لاہور

نہم جماعت کے لئے 7 کتابوں کا سلیبس تبدیل

بچے اب اپنی مرضی سے اردو یا انگریزی زبان میں نہم کا سلیبس پڑھ سکیں گے

لاہور (این این آئی) نہم جماعت کیلئے 7 کتابوں کا سلیبس تبدیل کر دیا گیا، بچے اب اپنی مرضی سے اردو یا انگریزی زبان میں نہم کا سلیبس پڑھ سکیں گے۔ اس سے قبل نہم جماعت کا سلیبس صرف انگریزی زبان میں پبلش کیا گیا تھا، سلیبس تبدیل ہونے والی 7 کتابوں میں اردو، انگریزی اور حساب شامل ہے۔ فزکس، کیمسٹری، بیالوجی اور کمپیوٹر سائنس کی کتاب شامل ہیں، پنجاب (بقیہ نمبر 49)

لاہور میں 200 سے زائد مقامات پر فری وائی فائی سروس فراہم

سیف سٹی نے پنجاب کے 11 اضلاع میں مفت وائی فائی کی سروس فراہم کر دی

لاہور (این این آئی) سی ایم فری وائی فائی کا دائرہ کار وسیع کر دیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق لاہور میں 200 سے زائد مقامات پر فری وائی فائی سروس فراہم کر دی گئی۔ پنجاب سیف سٹیز اتھارٹی نے پنجاب کے 11 اضلاع میں مفت وائی فائی کی سروس فراہم کر دی۔ 270 وائی فائی ہاٹ سپاٹس سے شہریوں کو انٹرنیٹ کی فراہمی شروع کر دی گئی۔ لاہور سمیت قصور، ننکانہ صاحب، شیخوپورہ، سیالکوٹ، (بقیہ نمبر 50)

ایکسپورٹ کی گروتھ میں تسلسل نہ ہونا تشویش کا باعث، ٹیکس بار لاہور چیپٹر

ایف بی آر افسران کیلئے گاڑیاں ضرور خریدیں، ٹیکس دینے والوں کا بھی سوچیں

لاہور (این این آئی) پاکستان ٹیکس بار ایسوسی ایشن لاہور چیپٹر کے سینئر نائب صدور زاہد عتیق چوہدری، فاروق مجید، نائب صدر عاشق علی رانا، طاہر بشیر مغل اور جوائنٹ سیکرٹری سید عرفان حیدر نے ٹیکس بار کے زیر اہتمام سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ایکسپورٹ کی گروتھ میں تسلسل نہ ہونا تشویش کا باعث ہے، پاکستان 36 ارب ڈالر کے مقابلے میں بنگلہ دیش کی 55.8 ارب ڈالر (بقیہ نمبر 45)

لاہور، تاریخی بھاٹی گیٹ کی بحالی کا کام جاری ہے